پنجابی شاعروں کا جدید تذکرہ

مرتّب

ڈاکٹر آصف ریاضِ قدیر

جناب !

____

دی خدمت وچ نگھے خلوص نال

آصف ریاضِ قدیر

ڈاکٹر آصف ریاضِ قدیر

مورخہ:

پنجابی شاعروں

کا

جدید تذکرہ

مرتب

ڈاکٹر آصف ریاضِ قدیر

“PUNJABI SHAAIRON KA JADID TAZKIRA”
Compiled by
Dr. Asaf Riaz-i-Qadeer
Houston-Texas-United States of America

ISBNo.____________________

A COLLECTION OF PUNJABI POETRY

جملہ حقوق محفوظ

نام کتاب	:	پنجابی شاعروں کا جدید تذکرہ
مرتب	:	ڈاکٹر آصف ریاضِ قدیر
اشاعت	:	مارچ2016ء (ایک ہزار)
مطبع	:	منزل پرنٹرز' اسلام آباد
قیمت	:	سات سو روپے
قیمت بیرونِ ملک	:	50 ڈالر

انتساب

ڈاکٹر ریاضِ قدیر صاحب

(ستارہ خدمت)

ڈاکٹر کرنل الٰہی بخش صاحب

(ستارہ قائد اعظم)

جناب مولانا ابوالاعلیٰ مودودی

(شاہ فیصل انٹرنیشنل ایوارڈ)

جناب صوفی غلام مصطفےٰ تبسم

(ستارہ امتیاز)

اور

ڈاکٹر انعام الحق جاوید صاحب

(پرائڈ آف پرفارمنس)

کے نام

ملاقات

نام	:	ڈاکٹر آصف ریاضِ قدیر
والد کا نام	:	ڈاکٹر ریاضِ قدیر
پیدائش	:	15 فروری 1945، امرتسر (انڈیا)
تعلیم:	☆	ایف ایس سی، گورنمنٹ کالج لاہور، 1964
	☆	ایم بی بی ایس، کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج، لاہور، 1969
	☆	ایم سی پی ایس سرجری۔ پاکستان۔1973ء

مصروفیات

- President :
  Doctor's Hospital, Tidwell
  Houston-Texas
- Chief of Staff
  Triumph Hospital North Houston - Texas
- Ex-Fellow Cardiovascular Surgery
  Baylor College of Medicine, Houston - Texas
- Senior Registrar
  Cardiovascular and General Surgery
  MAYO Hospital (for ten years)

اعزازات:

- Physician of the Year, Texas – 2005
- Ronald Reagon Gold Medal, 2005

موجودہ پتہ

Triumph Medical Plaza
North Freeway, Suite No. 111 7333
Houston - Texas 77076, United States of America.
E-mail: drasaf@aol.com
Web:www.qfamilycare.com

۶۳۴ صفحات کی اس کتاب میں پنجابی کے ۳۴۰ قدیم اور جدید شعرا کا نمائندہ کلام پیش کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ آخر میں بجھارتیں، بولیاں، پنجابی محاورے، ضرب الامثال، لوک کہانیاں اور لوک گیت کے علاوہ ہیر رانجھا، سوہنی مہینوال، سسی پنوں، مرزا صاحباں، سیف الملوک اور پورن بھگت جیسی معروف منظوم رومانی داستانوں کا نثری خلاصہ بھی شامل ہے۔

فہرست

1. پیش لفظ .... ڈاکٹر انعام الحق جاوید 21
2. عرضِ مرتب .... ____ڈاکٹر آصف ریاضِ قدیر 22
3. پنجابی زبان اور اس کا شعری سرمایہ: ایک اجمالی جائزہ .. ڈاکٹر آصف ریاضِ قدیر 27
4. بابا فریدؒ.. 43
5. گرونانک 50
6. گروانگد.. 51
7. گروامرداس.. 52
8. نوشہ گنج بخش.. 53
9. گروارجن دیو.. 54
10. شاہ حسین 55
11. سلطان باہوؒ 60
12. عبداللہ عبدی... 64
13. جھلن جٹ 65
14. پیلو.. 66
15. حافظ برخوردار... 69
16. سُتھرا شاہ 71
17. بھائی گورداس 72
18. بہاری لال بہاری 73
19. شاہ ظریف.. 74
20. سید غلام قادر شاہ.. 74
21. احمد کوی.. 75
22. علی حیدر ملتانی 77
23. مولوی جان محمد گداز 81

24. احمد یار خان........ 82
25. قطب الدین........ 83
26. خواجہ فرد فقیر........ 84
27. فقیر قادری........ 85
28. سچل سرمست........ 86
29. بُلّھے شاہ........ 89
30. نجابت........ 96
31. حافظ شاہجہان مقبل........ 98
32. وجید خان........ 99
33. میاں جان محمد........ 101
34. سندر داس آرام........ 102
35. مصدّی کانا........ 102
36. سید وارث شاہ........ 103
37. شاہ مراد خان پوری........ 108
38. ہاشم شاہ........ 109
39. شاہ محمد........ 113
40. حامد شاہ عباسی........ 116
41. مولوی لطف علی........ 118
42. میاں کریم بخش........ 120
43. عبداللہ عبدی قیصر شاہی........ 121
44. بردا پشاوری........ 122
45. میاں محمد بخش........ 125
46. مولوی عبدالستار........ 132
47. سائیں مولا شاہ مجیٹھوی........ 135
48. احمد علی سائیں........ 146
49. میاں ہدایت اللہ........ 147

50. خواجہ غلام فرید 150
51. محمد بوٹا گجراتی 153
52. قادر بخش 154
53. حافظ شمس الدین 157
54. پنڈت کالی داس 158
55. فضل شاہ نواں کوٹی 162
56. غلام رسول 165
57. مولوی محمد حسین 166
58. گنگارام 166
59. مولوی غلام رسول عالپوری 167
60. میاں راجہ 173
61. بابو کرم امر تسری 174
62. محمد اسماعیل سفری 176
63. پیر مہر علی شاہ 178
64. سید میراں شاہ 179
65. رحیم یار 180
66. سر شہاب الدین 181
67. استاد گاموں خان 183
68. خلیفہ قمر لاہوری 184
69. پیر نیک عالم 185
70. پیراں دتہ تر گڑوالا 186
71. استاد گام 187
72. اللہ دِتّہ شیفتہ 188
73. سردار خان برق 189
74. شنکر داس شنکر 190
75. لاہورا سنگھ لاہوری 191

76. گوراں مشر 191
77. حافظ محمد بخشی 192
78. امام دین منشی 193
79. اُستاد عشق لہر 194
80. تاراچند گجراتی 196
81. بھائی ویر سنگھ جی 198
82. استاد مولا بخش 199
83. متھرا سِنگھ شفیق 200
84. تیجا سنگھ صابر 201
85. میاں کریم اللہ عاشق 203
86. پیر محمد 204
87. شاہ دین 205
88. فیروز الدین دلگیرؔ 206
89. محمد الدین سوختہؔ 207
90. سائیں محمد حیات امر تسری 208
91. دھنی رام چاترکؔ 209
92. عبد القادر دانشمند 210
93. گوری ناتھ 210
94. امیر علی 211
95. ملکھی رام ملکھی 212
96. سوبھا رام شرفؔ 213
97. مراد بخش مراد 214
98. حاجی محمد صفوری 215
99. پنڈت دولت رام 218
100. بانکے دیال 220
101. بھگوان داس المستؔ 221

102. عزیز خاں شرمؔ 223
103. گیانی ہیرا سنگھ درد 224
104. عبد الرحیم عاجز 225
105. ایشر سنگھ ایشرؔ 226
106. ایشر داس غالی 227
107. چراغ دین جونیکے والے 228
108. گیانی گورمکھ سنگھ مسافرؔ 231
109. امرتا پریتمؔ 232
110. منشی لطیف گجراتی 234
111. مولا بخش کشتہ 236
112. استاد رمضان ہمدم 237
113. پیر فضل گجراتی 240
114. صوفی غلام مصطفی تبسم 244
115. ڈاکٹر موہن سنگھ دیوانہ 249
116. ڈاکٹر فقیر محمد فقیر 253
117. گیانی کرتار سنگھ 254
118. فیروز دین شرف 255
119. فیروز سائیں 257
120. درشن سنگھ آوارہ 258
121. حاجی محمد عالم 262
122. باقی صدیقی 265
123. استاد دامن 267
124. استاد امام دین گجراتی 269
125. شریف کنجاہی 270
126. ڈاکٹر شوکت علی قمر 272
127. بابا عالم سیاہ پوش 273

128. احمد راہی 274
129. منیر نیازی 276
130. استاد آغا محمد جوش 280
131. عطاء الحق قاسمی 281
132. ڈاکٹر رشید انور 282
133. اکبر لاہوری 286
134. حکیم شیر محمد ناصر 287
135. شہزاد احمد 296
136. فخر زمان 297
137. سلیم الرحمٰن 299
138. سلیم کاشر 299
139. محمود شام 300
140. عارف عبد المتین 301
141. نثار ناسک 302
142. شفیع عقیل 303
143. جمشید مسرور 304
144. باقر وسیم قاضی 305
145. بوٹا خان راجس 306
146. رندھیر سنگھ 308
147. ڈاکٹر ناہید شاہد 309
148. روندر روی 310
149. .چودھری بڈھا مسافر 313
150. منو بھائی 314
151. غلام یعقوب انور 317
152. طالب جتوئی 319
153. طارق عزیز 320

154. رؤف شیخ 321
155. ڈاکٹر انور سجاد 323
156. ڈاکٹر امان اللہ خان 324
157. اقبال صلاح الدین 327
158. افضل احسن رندھاوا 328
159. عبیر ابوذری 329
160. ڈاکٹر یونس احقر 336
161. ڈاکٹر انعام الحق جاوید 338
162. ریاض احمد شاد 343
163. اسیر عابد 344
164. حکیم تائب رضوی 345
165. اعزاز احمد آذر 346
166. افتخار نسیم افتی 347
167. اکرام مجید 348
168. الطاف قریشی 349
169. خلیل آتش 350
170. صابر رضا 352
171. نذیر قیصر 353
172. ڈاکٹر صغرا صدف 354
173. انوار فیروز 355
174. بریگیڈئر (ر) صفدر علی شاہ 356
175. طفیل خلش 357
176. منظور وزیر آبادی 358
177. ڈاکٹر عصمت اللہ زاہد 359
178. منیر احمد شیخ 360
179. ڈاکٹر نعیم کوہلی 361

180. ڈاکٹر نوید شہزاد 362
181. نسرین انجم بھٹی 363
182. طارق گوجر 364
183. وامان نمبالکر 366
184. ملک ایم زمرد 367
185. رنجیت سنگھ رانا 368
186. فیاض قریشی 375
187. دیا پورا 376
188. علی احمد قمر 377
189. اعجاز حسین بھٹی 378
190. منظور عارف 380
191. ممتاز حسین اعوان تاجپوری 381
192. مشتاق صوفی 382
193. ملک مشتاق عاجز 383
194. محمد علی ظہوری 383
195. کرنل محمد الیاس 384
196. فرحت عباس شاہ 385
197. ڈاکٹر عنایت اللہ 386
198. ڈاکٹر محسن مگھیانہ 387
199. عمران سلیم 388
200. یونس اعجاز 389
201. اصغر عابد 389
202. ڈاکٹر رزاق شاہد 391
203. عاطف غفور عاطف 391
204. صائم چشتی 395
205. شہزاد فراموش 396

206. جانباز جتوئی 397
207. زاہد فخری 400
208. شوکت علی ناز 400
209. شکیب وجدانی 401
210. شائق حسین شائق 401
211. محمد سلیم طاہر 402
212. اکبر حمیدی 404
213. اقبال زخمی 405
214. افضل ساحر 406
215. مُنیر شاد 407
216. افضال فردوس 408
217. نذیر چودھری 409
218. اعظم چشتی 410
219. سلیم احمد سلیم 411
220. اسلم کولسری 412
221. سعد اللہ شاہ 413
222. سلطان سکون 414
223. ڈاکٹر سعید اقبال سعدی 415
224. سلیم دلاوری 416
225. سرفراز علی حسین 417
226. سجاد مرزا 417
227. سائیں اختر 418
228. لیاقت گڈ گور 420
229. زاہد نواز 421
230. ڈاکٹر ریاض مجید 422
231. رانی ملک 424

232. حکیم راغب مراد آبادی 425
233. دلپذیر شاد 426
234. خاقان حیدر غازی 427
235. گلریز شوکت 429
236. ڈاکٹر اظہر محمود چودھری 430
237. ___ 431
238. خادم چشتی 432
239. حنیف ساقی 433
240. چنچل سنگھ بابک 435
241. چاچا جگ 436
242. حزیں قادری 437
243. جلیل عالی 438
244. جعفر شیرازی 439
245. ڈاکٹر بدر منیر الدین 440
246. بابا محمد طفیل اختر 441
247. باباخوشی محمد نثار 442
248. مبارک احمد 447
249. انجم خلیق 449
250. محمد امین طرب احمد صدیقی 450
251. امجد حمید محسن 450
252. امتیاز بخاری 451
253. استاد اللہ دتہ صابر 452
254. محمد اقبال صبر 453
255. ارشد اقبال ارشد 453
256. ڈاکٹر ارشد محمود ناشاد 454
257. احمد دین قادری 456

258. آغا نثار 456
259. آصف علی علوی 457
260. آصف شفیع 457
261. آصف آسی 457
262. خورشید مستانہ 458
263. شبیر اختر 459
264. امرجیت چندن 460
265. صوفی محمد اسلم 461
266. مسافر لودھی 462
267. سلیم اختر 465
268. خضر حیات محسن 467
269. مظہر شیراز 467
270. عبداللہ شاکر 468
271. انور مسعود 472
272. عاصی واصفی 479
273. اعجاز احمد اعجاز 480
274. ڈاکٹر امجد علی بھٹی 482
275. طاہر محمود 485
276. ظفر اقبال 486
277. امین خیال 486
278. ساقی گجراتی 486
279. رانا خالد محمود 487
280. بابا نجمی 488
281. اقبال راحت 489
282. نجم حسین سید 490
283. واصف علی واصف 492

284. شارب 493
285. احسان باجوہ 494
286. سلمان سعید 495
287. ڈاکٹر احسان اکبر 496
288. ڈاکٹر راشد حسن رانا 498
289. حسین شاہد 499
290. ساجن بابو 500
291. افضال شاہد 502
292. فضل الٰہی بہار 502
293. بیراجی 503
294. شہزاد قیصر 504
295. احمد سلیم 505
296. ڈاکٹر عادل صدیقی 506
297. ہمراز احسن 507
298. اشّو لال 508
299. بشیر باوا 509
300. انور انیق 510
301. محمد عالم سوزی 511
302. ڈاکٹر محمد افضل شاہد 513
303. عبدالقدیر رشک 514
304. سارا شگفتہ 515
305. جگتار 517
306. مرزا عزیز فیضانی دارا پوری 518
307. شائستہ حبیب 520
308. نیلما سرور 520
309. ارشد چہال 521

310. بشریٰ اعجاز 522
311. ڈاکٹر سعیدہ رِشم 522
312. کاجل کانپوری 523
313. انجم سلیمی 523
314. تنویر سپرا 524
315. اختر شیخ 524
316. ظہور حسین ظہور 525
317. اقبال قیصر 526
318. حفیظ تائب 527
319. ڈاکٹر لئیق بابری 527
320. سنتوکھ سنگھ سنتوکھ 528
321. بشیر حسین ناظم 530
322. منجیت ٹوانہ 531
323. نغمانہ کنول شیخ 532
324. راقب قصوری 533
325. منزہ شاہد 534
326. اصغر شامیؔ 535
327. افضل رازؔ 538
328. تجمل کلیم 540
329. اسلم ساگر 541
330. مخدوم احسان قریشی 542
331. جوگی جہلمی 543
332. ظفر نجمی 545
333. ڈاکٹر سید اختر جعفری 550
334. بدی چند 551
335. نادر درانی نادرؔ 552

336. میاں افتخار احمد خاسر 552
337. شیخ مقبول احمد عابدؔ 553
338. راحیلہ رباب 556
339. گل بادشاہ نسیم 558
340. ریاض حسین اِرم 558

پھٹکل شاعری

341. بجھارتیں 565
342. بولیاں 566
343. محاورے 569
344. ضرب الامثال 575
345. لوک کہانی (چڑیا اور کوا) 582
346. لوک گیت 593

داستانیں

347. ہیر رانجھا 596
348. سوہنی مہینوال 600
349. سسّی پنّوں 605
350. مرزا صاحباں 611
351. سیف الملوک 614
352. پورن بھگت 622

پیش لفظ

عرضِ مرتب

__ڈاکٹر آصف ریاضِ قدیر

موجودہ کتاب میری چھٹی کتاب ہے۔ پہلی پانچوں کتابیں اردو ادب سے متعلق تھیں جب کہ اس کتاب کا تعلق میری ماں بولی یعنی پنجابی سے ہے۔ پنجابی ادب سے میرا شروع سے ہی گہرا تعلق رہا ہے اور وارث شاہ' بلھے شاہ' سلطان باہو' میاں محمد بخش اور دیگر کلاسیکی شعرا کو پڑھتے ہوئے اب بھی مجھ پر ایک وجد کی سی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ بچپن سے ہی ادب سے اس خصوصی رغبت کی اصل وجہ میری والدہ محترمہ پروفیسر انور ریاضِ قدیر کی تربیت ہے جو انگلش لٹریچر کی پروفیسر ہونے کے ساتھ ساتھ ادب کا اعلیٰ ذوق رکھتی ہیں اور جنہوں نے میرے اس شوق کو مہمیز کیا۔

مجھ میں جو بھی ذرا اجالا ہے
وہ مری ماں کا ہی حوالہ ہے

بہت عرصے سے میرا خیال تھا کہ ایک ایسی کتاب مرتب کروں جس میں تمام اہم شعرا کا اہم کلام ایک جگہ پیش کیا گیا ہو تا کہ قارئین بہت سی کتابیں پڑھنے کی بجائے ایک ہی کتاب کے ذریعے پنجابی کے بہت سے شعرا کے کلام تک رسائی حاصل کر سکیں۔ اس سلسلے میں قبل ازیں جو انتخابات مرتب ہوئے ہیں میں نے ان کا بھی بنظرِ غائر مطالعہ کیا اور محسوس کیا کہ ہر کتاب ایک خاص مقصدیت کے تحت لکھی گئی جس کے مطابق اس کے دائرۂ کار کی تحدید کی گئی۔ مثلاً اگر غزل کا انتخاب ہے تو نظم گو شاعر اس میں شامل نہیں ہو سکتے۔ نظم کے انتخاب میں غزل شامل نہیں ہو سکتی اور اگر جدید شاعری کا انتخاب ہے تو اس میں قدیم شعرا شامل نہیں ہو سکتے۔ علاوہ ازیں ایسے انتخاب میں ضخامت کو مد نظر رکھتے ہوئے مرتب کو پبلشر کی خواہش کا بھی لازماً احترام کرنا پڑتا ہے جس کے نتیجے میں قیمت کے پیشِ نظر کتاب کی ضخامت کو کنٹرول کرتے ہوئے شعرا کی تعداد بھی محدود رکھنا پڑتی ہے۔ پھر انتخاب کے مسائل میں سب سے اہم مسئلہ یہ ہے کہ سارا دستیاب کلام انتخاب نہیں ہوتا بلکہ انتخاب کے لیے ہر شاعر کے کلام میں سے اپنے مزاج کے مطابق بہترین

تخلیقات کو الگ کرنا پڑتا ہے۔ اس سلسلے میں میرے نزدیک مولا بخش کشتہ کی کتاب "پنجابی شاعراں دا تذکرہ" ایک اہم کتاب ہے جس کی افادیت ابھی تک قائم ہے مگر اسے مرتب ہوئے برسہا برس گزر چکے ہیں چنانچہ کلاسیکی اور ایک حد تک نوکلاسیکی دور تک کے بعض شعرا تو اس میں موجود ہیں مگر بعد کے شعرا غیر حاضر ہیں جب کہ زمانی اعتبار سے دیکھا جائے تو نوکلاسیکل دور کے بعد پنجابی شاعری نے بے پناہ ترقی کی اور جدید دور کی پنجابی شاعری تو کسی بھی زبان کی شاعری کے مقابلے میں رکھی جاسکتی ہے چنانچہ اس دور کی شمولیت کے بغیر پنجابی شاعری کے سفر کی داستان مکمل نہیں ہوتی۔

جہاں تک ڈاکٹر فقیر محمد فقیر کی پنجابی کی تاریخ اور قاضی فضل حق کی کتاب "پنجابی علم و ادب میں مسلمانوں کا حصہ" کا تعلق ہے تو یقیناً یہ بہت اہم کتابیں ہیں مگر ان میں بھی تقریباً نصف صدی قبل تک کے شعرا ہی آسکے ہیں نیز تاریخ اور شعری انتخاب میں قدرے فرق ہوتا ہے کیونکہ کسی ایک عہد کے سارے شعرا تاریخ کا حصہ ہوتے ہیں جب کہ انتخاب میں مرتب صرف وہی کلام شامل کرتا ہے جو انتخاب کا حصہ بننے کے قابل ہو۔ واضح رہے کہ میں نے اپنی کتاب کا نام تو مولا بخش کشتہ کے کام کو آگے بڑھاتے ہوئے "پنجابی شاعروں کا جدید تذکرہ" رکھا ہے مگر حقیقت میں یہ شاعری کا ہی انتخاب ہے جس کے ساتھ شعرا کا مختصر کوائف نامہ بھی شامل کر دیا گیا ہے تاکہ پڑھنے والا شاعر کے عہد اور حالاتِ زندگی یا علاقے کے بارے میں قدرے جانکاری حاصل کر کے اس کے کلام کی قدر و قیمت کا مکمل اندازہ لگا سکے۔

کسی بھی نوعیت کا انتخاب کرتے ہوئے ہر مرتب کا ایک اپنا نقطۂ نظر ہوتا ہے جس کو پیش نظر رکھ کر وہ انتخاب کے معیارات طے کرتا ہے۔ میں نہ تو بحرِ نقد و نظر کا شناور ہوں اور نہ ہی راہِ تحقیق کا مسافر بلکہ پنجابی شاعری کا ایک عام قاری اور اچھی پنجابی شاعری کا عاشق ہوں۔ بلا شبہ شاعری کو اپنے اختصار اور سوز و گداز کے باعث دوسری اصناف پر برتری حاصل ہے۔ میرے نزدیک شعر وہ ہوتا ہے جو انسان کو شعور بخشتا ہے اور ایک خاص آہنگ اور وزن میں لکھا گیا مختصر ترین الفاظ کا وہ ٹکڑا ہوتا ہے جس میں سے ایک لفظ بھی ادھر اُدھر نہیں کیا جاسکتا چنانچہ میں نے یہ انتخاب اسی نقطۂ نظر سے کیا ہے یعنی جو شعر مجھے اچھا لگا جس میں کوئی دانائی کی بات تھی یا اعلیٰ اخلاقیات کا درس تھا یا جو فنی پختگی کا امین تھا یا حسن و عشق کے جملہ معاملات میں سے کسی ایک معاملے کے جذباتی بیان میں بے مثل تھا یا تخیل کی پرواز، تخلیقی سانچے یا تکنیکی

نقوش کے اعتبار سے منفرد تھا یا جس میں تعقل و تدبر کا حسین امتزاج پایا جاتا تھا یا اظہار و بیان کی تازگی و شگفتگی کا شاہکار تھا میں نے اسے اس کتاب کا حصہ بنا لیا۔ یوں سمجھ لیجئے کہ یہ کتاب میں نے اپنے مخصوص کردہ زاویوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اپنے لیے مرتب کی ہے تاہم اگر اسے خوش فہمی نہ سمجھا جائے تو میرا خیال ہے کہ دوسروں کو بھی میری منتخب کردہ شاعری ضرور پسند آئے گی کیونکہ اس میں بابا فرید سے لے کر آج کے عہد تک کے بے شمار اہم شعرا کا کلام شامل ہے۔

جیسا کہ میں اپنی پچھلی کتابوں میں ذکر کر چکا ہوں کہ شعر و ادب پڑھنے کا مجھے زمانۂ طالب علمی سے ہی شوق رہا ہے اور جہاں کہیں کوئی شعر، غزل، نظم میرے دل کو لگتی تھی میں اسے اپنی ڈائری میں محفوظ کر لیا کرتا تھا۔ اس کتاب میں شامل کچھ کلام تو میری تلاش و جستجو کا نقیب ہے مگر اکثر کلام میری انہی ڈائریوں سے لیا گیا ہے۔ پھر صوفی تبسم اور دیگر شعرا کی صحبت میں رہتے ہوئے مجھے اردو کے ساتھ ساتھ پنجابی شعرا کے احوال جاننے کا موقع بھی ملتا رہا اور ان کی کتابیں بھی دستیاب ہوتی رہیں اور اب جب میں نے اس منصوبے پر کام شروع کیا تو پاکستان سے پنجابی کے کئی ادیب دوستوں سے میرا مسلسل رابطہ رہا۔ اس سلسلے میں پاکستان سے جن دوستوں نے میرے ساتھ علمی و ادبی تعاون کیا اور پنجابی شعری مجموعے اور کتب بھجوائیں میں ان کا بے حد ممنون ہوں کہ ان کی مدد کے بغیر اس انتخاب کا اس انداز میں سامنے آنا ممکن نہ تھا۔

موجودہ کتاب میں پاکستان کے علاوہ مشرقی پنجاب، امریکہ، برطانیہ، اور دیگر ممالک میں موجود پنجابی کے شعرا کا کلام بھی شامل ہے۔ میں نے کوشش کی ہے کہ اس میں پنجابی شاعری کا ہر رنگ اور آہنگ سمویا جاسکے چنانچہ اس میں سرائیکی' ہندکو' گوجری' پوٹھوہاری، پہاڑی اور پنجابی کے علاوہ پنجابی کے مختلف لہجوں اور بولیوں میں لکھا گیا کلام بھی شامل ہے جسے پنجابی قارئین بآسانی پڑھ سکتے ہیں۔ اسی طرح میں نے یہ بھی کوشش کی ہے کہ نظم اور غزل کے علاوہ دیگر اصناف اور موضوعاتی اصناف کے حوالے سے لکھا گیا کلام بھی اس انتخاب میں شامل ہو تاکہ پڑھنے والے پنجابی شاعری کے جملہ اوصاف سے محظوظ ہو سکیں۔

یہاں یہ سوال کیا جاسکتا ہے کہ یہ سطور میں پنجابی کی بجائے اردو میں کیوں لکھ رہا ہوں اور شعراء کا تعارف میں نے اردو میں کیوں دیا ہے' تو اس کا سادہ سا جواب یہ ہے کہ پنجابی اور اردو میں ماں بیٹی کا رشتہ ہے اور علامہ اقبال سے لے کر فیض احمد فیض اور احمد ندیم قاسمی تک اہل پنجاب نے گلشنِ اُردو کو اپنے خون سے

سینچا ہے۔ اس کے علاوہ اردو ہماری قومی زبان اور لنگوا فرینکا ہے اور چاروں صوبوں میں بہ آسانی سمجھی اور بولی جاتی ہے۔ بابا فرید جو پنجابی کے پہلے شاعر تھے ان کے کلام میں اردو کے ابتدائی نقوش موجود ہیں۔ بلھے شاہ کے کلام میں بھی ان کے اپنے عہد کی اردو موجود ہے اور میں نے تو بابا فرید اور دیگر کئی کلاسیکی شعراء کے پنجابی کلام کا اردو منظوم اور منثور ترجمہ بھی اس کتاب میں شامل کیا ہے تاکہ وہ لوگ جو پنجابی نہیں پڑھ سکتے وہ بھی پنجابی کلام کی خوشبو اور مہک سے لطف اندوز ہو سکیں۔ جہاں تک مشرقی پنجاب اور ہمارے پنجاب کی پنجابی کا تعلق ہے تو گفتگو اور بول چال کی حد تک یہ ایک ہی زبان ہے البتہ سکرپٹ میں فرق ہے۔ یوں سمجھئے دونوں اسکرپٹ پنجابی زبان کے جڑواں بچے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ میں نے اس کتاب کا نام ”پنجابی شاعراں دا جدید تذکرہ“ کی بجائے ”پنجابی شاعروں کا جدید تذکرہ“ رکھا ہے۔ آپ کتاب کے اس نام سے ہی اردو اور پنجابی کی قرابت داری کا اندازہ لگا لیجیئے کہ صرف ایک حرف یعنی الف کو واؤ سے بدلنے اور ایک لفظ ”دا“ کو ”کا“ کرنے سے یہ اردو کا نام بن گیا ہے۔

جہاں تک شعراء کی ترتیب اور تقدیم و تاخیر کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں یہ وضاحت ضروری ہے کہ یہ فہرست نہ الفبائی ترتیب سے بنائی گئی ہے اور نہ زمانی اعتبار سے۔ کلاسیکی دور میں تو کسی حد تک زمانی ترتیب کا خیال رکھنے کی کوشش کی گئی ہے مگر اس کے بعد جیسے جیسے مجھے شعراء کا کلام دستیاب ہوتا گیا ویسے ویسے میں اسے اس کتاب میں شامل کرتا چلا گیا۔ اسی طرح اگر کسی شاعر کے کلام کے نیچے آدھے صفحے کی جگہ بچ گئی تو میں نے گنجائش کے پیشِ نظر یہاں بھی کسی شاعر کا کلام دے دیا ہے جو جگہ کے مطابق پورا آ سکتا تھا۔

اپنی دانست کے مطابق اس انتخاب کو مزید مفید اور کار آمد بنانے کے لیے میں نے شروع میں ”پنجابی زبان اور اس کا شعری سرمایہ“ کے عنوان سے ایک اجمالی سا مضمون بھی لکھ کر شامل کر دیا ہے۔ اسی طرح آخر میں ضرب الامثال، محاورات، بجھارتوں، بولیوں، پھٹکل اشعار اور لوک ادب کے نمونوں کے علاوہ پنجاب کی معروف عشقیہ داستانوں کا ایک مفصل نثری خلاصہ بھی پیش کر دیا ہے جو پنجابی ادب سے میرے قلبی تعلق کا امین ہے۔ میں اگرچہ 34 برس سے پاکستان سے دور بیٹھا ہوں مگر میرا دل پاکستان میں ہی دھڑکتا ہے۔ میرے نزدیک پنجابی ادب کی خدمت اپنی ماں، بولی اور مادرِ وطن کی خدمت کے مترادف ہے۔ اس سلسلے میں آپ میرے ان دو شعروں سے ہی میرے جذبات کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔

کبھی یقین میں ہوتا ہوں اور کبھی گمان میں ہوتا ہوں
کسی کو دھیان میں رکھتا ہوں اور کسی کے دھیان میں ہوتا ہوں
اتنے برسوں بعد بھی آصف کیا بتلاؤں تم کو میں
امریکہ بھی رہتا ہوں اور پاکستان میں ہوتا ہوں

کسی بھی انتخاب کا ہر طرح سے مکمل ہونا کسی طور ممکن نہیں چنانچہ اس سلسلے میں' میں اپنی نارسائی، کوتاہی اور عدیم الفرصتی کا اعتراف کرتا ہوں کہ ایک طویل عرصے سے امریکہ میں رہتے ہوئے ہر شاعر اور اس کے کلام تک پہنچنا میرے لیے ممکن نہ تھا تاہم میں نے مقدور بھر کوشش ضرور کی ہے کہ ایک ایسا منفرد ادبی سرمایہ سامنے لا سکوں جو پنجابی شعری ادب کی اس کمی کو ایک حد تک پورا ضرور کر سکے جس کا ذکر میں قبل ازیں کر چکا ہوں۔

پنجابی زبان اور اس کا شعری سرمایہ

(ایک اجمالی جائزہ)

ــــــ ڈاکٹر آصف ریاضِ قدیر

پنجابی ایک قدیم زبان ہے اور یہ ایک مسلمہ امر ہے کہ زبانوں کا تشکیلی سفر صدیوں پر محیط ہوتا ہے۔ کوئی زندہ زبان دوسری ہمسایہ زبان سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتی اور اثر و نفوذ کا یہ عمل فطری میلانات کے تحت خود بخود ظہور پذیر ہوتا رہتا ہے۔ پنجابی بھی جو مختلف وقتوں میں مختلف ناموں سے پکاری جاتی رہی اس کلیے سے مبرّا نہیں اور اپنے دامن میں بہت سی قدیم زبانوں کے الفاظ سموئے ہوئے ہے۔

پنجاب کی دھرتی مختلف ادوار میں مختلف ناموں سے پکاری جاتی رہی۔ مثلاً ہپت ہندو، سپت سندھو، پنج دوآب، پنجاب وغیرہ۔ زرتشت مذہب کی مقدس کتاب ''اوستا'' (جو 560ق م اور 330 ق م کے درمیان لکھی گئی) میں اس سرزمین کو ''ہپت ہندو'' کہا گیا۔ ''سپت سندھو'' کا ذکر آریاؤں کی متبرک کتاب رِگ وید (جو 1000ق م کے لگ بھگ مرتب ہوئی) میں آیا ہے۔ سپت سندھو یا ہپت ہندو سے مراد سات دریاؤں (ستلج، بیاس، راوی، چناب، جہلم، سندھ، کابل) کی سرزمین ہے۔ بعد میں دریائے کابل اور دریائے سندھ کو چھوڑ کر باقی خطے کا نام پانچ دریاؤں کی نسبت سے پنجاب رکھ دیا گیا جو فارسی کے دو الفاظ (پنج + آب) کا مجموعہ ہے۔ پنجابی زبان بھی پنجاب کے حوالے سے نسبتی لسانی نام ہے۔

پنجابی زبان کی ابتداء کے بارے میں اب تک کئی نظریے سامنے آئے مگر دو نظریے زیادہ مضبوط بنیادیں رکھتے ہیں۔ پہلا نظریہ یہ ہے کہ پنجابی زبان آریائی کنبے (گروہ) کی زبان ہے۔ اس کی وجہ یہ بھی تھی کہ پنجابی اردو کی قدیم شکل قرار دی گئی تھی اور اردو کو ہند آریائی گروہ کی زبان تصور کیا جاتا ہے۔ دوسرا نظریہ یہ ہے کہ پنجابی زبان غیر آریائی یعنی دراوڑی زبان ہے اور منڈا قبیلے سے تعلق رکھتی ہے۔ پہلا نظریہ پرانا ہے اور مغربی محققین کا پیش کردہ ہے جسے ابتدائی دور میں مستند تسلیم کیا جاتا رہا۔ اس تحقیق کے مطابق پنجابی زبان سنسکرت سے نکلی ہے یعنی جب آریہ یہاں وارد ہوئے تو ان کے ساتھ ہی یہاں پر آریہ تہذیب اور سنسکرت زبان پھیلتی گئی۔ ماہرینِ لسانیات کے دوسرے گروہ کا خیال ہے کہ پنجابی زبان کی اساس وہ زبان

ہے جو آریاؤں کی آمد سے قبل ان علاقوں میں بولی جاتی تھی۔ بیسویں صدی کے شروع میں جب موہنجودڑو، ہڑپہ، کوٹ ڈیجی وغیرہ کے آثار دریافت ہوئے تو ماہرین نے اس خطے میں آریاؤں کی آمد سے پہلے کی تہذیبوں کا کھوج لگایا اور بتایا کہ آریہ لوگوں کی آمد کے وقت سندھ وادی (جس میں پنجاب بھی شامل تھا) میں دراوڑی قبائل کو برتری حاصل تھی۔ ان کا خیال ہے کہ دراصل یہ دراوڑ لوگ (درہ+وڑ کا لفظ بھی اس طرف اشارہ کرتا ہے) بھی یہاں کے رہنے والے نہیں تھے بلکہ اس سے بھی ڈیڑھ ہزار سال قبل یہ لوگ اس خطے میں وارد ہوئے تھے، ان سے قبل یہاں منڈا قبائل آباد تھے اور اس حوالے سے منڈا قبائل ہی اس علاقے کے قدیم باشندے قرار پاتے ہیں اور آریائی قبائل کی آمد سے پہلے اس خطّے میں منڈا گروہ کی زبانیں رائج تھیں (جنہیں منڈاری بھی کہا جاتا ہے)۔ بعد میں دراوڑی گروہ کی زبانوں کا دور دورہ رہا۔ دراوڑی زبان کو ایک الگ خاندان کے طور پر سب سے پہلے فرانسس ڈبلیو ایلس (1816ء) نے پیش کیا جبکہ Dravadian کی ترکیب پہلی بار رابرٹ اے کالڈویل نے استعمال کی جس نے لفظ Dravadia کو استعمال کیا۔ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن 1856ء میں شائع ہوا تھا۔ جدید تحقیق کے مطابق دراوڑی خاندان 23 زبانوں پر مشتمل ہے اور ہر زبان کے کئی کئی لہجے اور بولیاں ہیں۔

آریہ قبائل کی آمد سے پہلے یہاں 5 ہزار سال قدیم تہذیبیں تھیں جن میں خصوصاً ہڑپائی اور دراوڑی تہذیبیں ترقی یافتہ تھیں۔ شمالی ہند میں بولی جانے والی زبان جو ہڑپہ میں بھی رائج تھی، پنجابی زبان کی قدیم شکل تھی اور اس کی مورثِ اعلیٰ دراوڑی زبانیں تھیں۔ آریہ اپنے ساتھ ویدک سنسکرت لائے تھے ' سنسکرت کے قواعد نویسوں نے یہاں کی مقامی زبانوں کو پراکرت کا نام دیا، جس کے معنی ہیں دوسروں کی زبان (پرا بمعنی پرائی یا دوسروں کی اور کرِت بمعنی زبان) ۔جب ہندو براہمنوں کے حوالے سے سنسکرت ایک خاص طبقے کی زبان بن کر رہ گئی تو پراکرتوں کو پھلنے پھولنے کا موقع ملا۔ بدھ مت کے بانی گوتم بدھ (483 ق م ۔563 ق م) نے اپنے مذہب کی تبلیغ کے لیے لوک بولیوں (پراکرت) کا انتخاب کیا۔ گوتم بدھ کے زمانے میں جس پراکرت کا زور تھا، اس کو پالی کہا جاتا تھا۔ گوتم کا پیغام مقامی زبان پالی میں ٹیکسلا یونیورسٹی کے ذریعے دنیا بھر میں پھیلا۔ پشاچی، پالی ہی کی ایک شاخ تھی۔ قدیم زمانے میں پنجاب کو پشاچ کے نام سے بھی یاد کیا جاتا تھا۔ بعد میں یہ اپ بھرنش کا روپ دھار گئی۔ اَپ بھرنش افغانستان اور

پنجاب کے علاقوں میں بسنے والے لوگوں کے باہمی میل جول سے پیدا ہوئی۔

یہ بات خصوصی اہمیت کی حامل ہے کہ پنجابی زبان نے پنجابی کا نام اپنے وجود میں آنے کے بہت بعد میں اختیار کیا۔ مسعود سعد سلمان کے نزدیک گیارہویں صدی عیسوی میں جو زبان ہندی یا ہندوی، بعد میں زبانِ جٹاں پنجاب، جٹکی۔۔وغیرہ کہلائی وہ پنجابی ہی تھی۔

حافظ برخوردار نے اپنی کتاب "مفتاح الفقہ" (1080ء بمطابق 1670ء) میں پہلی بار "پنجابی" کا لفظ (بطور زبان کے) استعمال کیا۔ صوبے کی حیثیت سے پنجاب کا نام شیر شاہ سوری (1540ء۔1545ء) کے عہدِ حکومت میں رواج پانے لگا۔

ماہرینِ لسانیات (جن میں مسلم اور غیر مسلم دونوں شامل ہیں) تسلیم کرتے ہیں کہ پنجابی نے اَپ بھرنش کے اندر اپنے الگ سفر کا آغاز محمد بن قاسم کے فتحِ سندھ (712ء) کے زمانے کے آس پاس کیا۔ جب مسلمانوں کا مقامی باشندوں سے میل جول بڑھا تو رفتہ رفتہ عربی اور فارسی کے بے شمار الفاظ پنجابی زبان کا حصّہ بن گئے۔ محمد بن قاسم کے لشکر کا ایک حصہ بلوچستان کے جس علاقے سے گزر کر دیبل پہنچا اس علاقے کی زبان فارسی تھی۔ لشکر کا دوسرا حصہ خلیج فارس سے آیا اور دونوں لشکر دیبل کے مقام پر اکٹھے ہو کر پیش قدمی کرتے ہوئے ملتان تک پہنچے۔ اسی دور میں صوفیائے کرام نے بھی ہندوستان کا رُخ کیا اور مختلف علاقوں کی مقامی زبانیں سیکھ کر ان میں تبلیغِ اسلام کا کام شروع کیا۔ محمد بن قاسم کی واپسی کے بعد وسطی سندھ میں قرامطیوں نے اپنی حکومتیں قائم کر لی تھیں۔ قرامطی علما کا تعلق ایران سے قائم رہا جس کے باعث انہوں نے یہاں فارسی رسم الخط متعارف کرایا۔

آٹھویں صدی عیسوی سے لے کر اٹھارویں صدی عیسوی تک کو برصغیر میں مسلمانوں کا دور کہا جاتا ہے۔ اس عرصے میں دستیاب ادبی نمونوں پر غور کیا جائے تو پتہ چلتا ہے کہ اس دور میں پنجابی زبان وادب کی الگ شناخت اور اس کے الگ تشخص کی صورت سامنے آنا شروع ہو گئی تھی۔ ترکی، عربی اور فارسی نے پنجابی زبان کی موجودہ تشکیل میں بنیادی کردار ادا کیا۔ قدیم ترین فارسی مخطوطات سے پتہ چلتا ہے کہ شروع میں متقارب آوازوں میں امتیاز کرنے کی ضرورت پیش نہ آئی لیکن کچھ عرصہ بعد اس میں چار حرفوں (پ، چ، ژ، گ) کا اضافہ ہوا۔ بہت عرصے تک پنجابی کے لیے وہی عربی رسم الخط استعمال ہوتا

رہا جو فارسی والوں نے اپنی ضرورت کے تحت اختیار کیا تھا۔ جب پنجابی ہی میں اردو نے اپنے سفر کا آغاز کیا تو رسم الخط میں کی گئی تبدیلیوں سے پنجابی نے بھی استفادہ کیا۔ مدھم ہائیہ اصوات گھ، چھ، دھ اور سخت ہائیہ آوازیں ٹھ، ڈھ پنجابی میں موجود تھیں۔ انیسویں صدی کے آغاز تک ہائے دوچشمی (ھ) اور ہائے ہوّز (ہ) میں فرق پیدا ہو چکا تھا نیز ٹ، ڈ، ڑ، نون غنہ اور بڑی ے بھی رسم الخط میں شامل ہو چکی تھیں چنانچہ پنجابی میں بھی ان کا اضافہ ہوا۔

ہر زبان کے مختلف لہجے ہوتے ہیں، جنہیں (DIALECT) کہا جاتا ہے لیکن زبان کا ایک مرکزی لہجہ ایسا ہوتا ہے جو اسے معیاری زبان کا درجہ دیتا ہے۔ گریئرسن کے تتبع میں پنجابی زبان اپنے لہجے اور الفاظ کے اعتبار سے تھوڑے تھوڑے اختلافات کے باوجود اصولاً ایک ہی ہے۔ بعض لوگ پنجابی زبان کے بارے میں یہ کہتے ہیں کہ یہ زبان ہر بارہ کوس کے فاصلے پر تبدیل ہو جاتی ہے لیکن اس کے باوجود ہر علاقے کے لوگ ایک دوسرے کی زبان کو بڑی آسانی سے سمجھ لیتے ہیں۔ پنجاب کے مختلف حصّوں کی بولیوں میں لب ولہجہ کے اختلاف سے اس زبان کی وحدت مجروح نہیں ہوتی۔ اختلافات کم و بیش ہر ملک کی زبان میں موجود ہوتے ہیں۔ آب و ہوا اور جغرافیائی، معاشرتی، معاشی، سیاسی عناصر ہمیشہ ہر علاقے کی بولی اور لہجے کو متاثر کرتے رہتے ہیں لیکن اس کے باوجود زبان کی بنیادی ساخت اور اس کی بنیادی خصوصیت ہر جگہ ایک ہی رہتی ہے۔ پنجابی زبان کا بھی یہی حال ہے جو مختلف علاقوں میں مختلف لہجوں میں بولی جاتی ہے جیسے پوٹھوہار (راولپنڈی) کی پوٹھوہاری، چھچھ (اٹک) کی چھاچھی، تھل (میانوالی) کی شا، دَھن (چکوال) کی دھنی، ماجھا (لاہور، امرتسر، گوجرانوالہ، شیخوپورہ، قصور وغیرہ) کی ماجھی، شاہ پور (سرگودھا) کی شاہ پوری، ساندل بار کے علاقے کی جانگلی، لمّے (ساہیوال) کی لموچڑی اور جھنگ کی جھنگی وغیرہ' حتیٰ کہ ہندکو' گوجری' پہاڑی اور ایک حد تک سرائیکی بھی پنجابی پڑھنے والے آسانی سے سمجھ لیتے ہیں۔

لاہور صدیوں سے علم وادب کا گہوارہ اور تجارت کا مرکز رہا ہے اور اس کا رابطہ پنجاب کے سارے علاقوں سے قائم رہا ہے یہی وجہ ہے کہ یہاں کی بولی جو علاقائی اعتبار سے ماجھی کہلاتی ہے، ٹکسالی زبان کا درجہ اختیار کر گئی ہے۔ یہ تسلیم شدہ بات ہے کہ اردو اور پنجابی زبان کے لسانی اور تہذیبی روابط زمانۂ قدیم سے ہیں۔ بقول پروفیسر محی الدین قادری زورؔ" کسی وقت دہلوی زبان اردو، پنجابی زبان کی ایک شکل تھی مگر

نہ معلوم کس وقت سے یہ غیر محسوس طریقے سے ایک دوسرے سے جدُا ہوتی گئیں۔" پنجابی اور اردو کے لسانی سانچے تقریباً ایک سے ہیں۔ پنجابی اور اردو کی صرف و نحو میں بھی بہت مماثلتیں پائی جاتی ہیں اور ان کا ذخیرۂ الفاظ بھی بہت حد تک مشترک ہے اس لیے پاکستان کی دیگر زبانوں کے مقابلے میں پنجابی کا تعلق اردو سے بہت زیادہ قریبی ہے۔

پہلے دور میں پنجابی کے تقریباً تمام بڑے شاعر پنجابی کے ساتھ ساتھ اپنے عہد کی اُردو میں بھی لکھتے رہے ہیں جن میں بُلّھے شاہ کے علاوہ شاہ مراد اور احمد یار کے نام لئے جاسکتے ہیں۔ مولانا عبد اللہ انصاری، پنجابی کے ایک اہم شاعر تھے جنہوں نے اردو میں " فقہ ہندی" میں اہم مسائل کو نظم کیا۔

دکنی دور کی اُردو اور پنجابی زبان میں تو بہت زیادہ مماثلت پائی جاتی ہے۔ یہ زبان اصل پنجابی سے قدرے مختلف صورت اختیار کر گئی حالانکہ اس کے صَرف کا ڈول پنجابی کا ہے اور اسماء وصفات بھی پنجابی کے ہیں۔ بہمنی خاندان (1347ء تا 1527ء) دکن میں تقریباً دو سو برس تک حکومت کرتا رہا۔ اس کے بادشاہوں میں محمد قلی قطب شاہ اور عبد اللہ قطب شاہ شاعر تھے۔ اُن کی زبان پنجابی کی ہی ایک شکل ہے جسے دکنی اُردو کا نام دیا گیا ہے۔

مُلّا نصرتی دکن کا مشہور شاعر تھا جس نے مثنوی گلشنِ عشق (جو 1657ء میں شائع ہوئی) ولیؔ دکنی سے کم و بیش ساٹھ برس پہلے لکھی تھی۔ اس میں پنجابی زبان کے بے شمار الفاظ ملتے ہیں۔ قاضی محمود بحری کی مثنوی "من لگن" اور ابنِ نشاطی کی مثنوی "پھول بن" (سن تصنیف 1655ء) میں بھی پنجابی الفاظ کا ذخیرہ نظر آتا ہے جنہیں بعض لوگ پنجابی سے ناواقفیت کے باعث پراکرت، دکنی یا بھاشا کے الفاظ سمجھتے ہیں حالانکہ یہ پنجابی کے الفاظ ہیں اور آج بھی پنجابی میں مستعمل ہیں۔

حافظ محمود شیرانی کے کہنے کے مطابق اصلاح اور صفائی کے باوجود اُردو اور پنجابی میں ساٹھ فیصد الفاظ مشترک ہیں۔ یہ ذہن نشین رہے کہ صفائی اور اصلاح کا یہ عمل شاہ حاتم اور امام بخش ناسخؔ (م 1838ء) کی تحریکِ اصلاحِ زبان اردو سے شروع ہوا جو اردو ادب کی ایک اہم لسانی تحریک تصور کی جاتی ہے۔

ادبی تواریخ میں پنجابی شاعری کی پس منظری تفہیم کی خاطر مختلف محققین نے اسے جن مختلف تاریخی ادوار میں تقسیم کرکے بیان کیا ہے' اس کا خلاصہ کچھ یوں بنتا ہے:

- سلاطین دہلی کے عہد (1000ء تا1526ء) کو پہلا دور قرار دیا گیا ہے۔
- پہلا مغل عہد (1526ء تا1707ء) یعنی بابر کی آمد سے دوسرا دور شروع ہوتا ہے۔
- دوسرا مغل عہد (1707ء تا 1800ء)یعنی اورنگ زیب عالمگیر کی وفات سے تیسرا دور شروع ہوتا ہے۔
- سکھّی عہد (1801ء تا1848ء) کو الگ دور تصور کیا گیا ہے۔
- انگریزی عہد (1849ء تا ء 1947 ء) کو الگ دور مانا جاتا ہے اور اس کے بعد نو کلاسیکل ' جدید دور اور جدید ترین دور آتے ہیں۔

پہلے دور کے اہم ترین کلاسیکل شاعر حضرت بابا فرید گنج شکرؒ تھے جن کو پنجابی شاعری کا بابا آدم بھی کہا جاتا ہے۔ آپ کا پورا نام فرید الدین مسعود تھا۔ آپ کا جنم (584ھ بمطابق 1188ء) ضلع ملتان کے ایک قصبہ کوٹھیوال (کوٹھے وال) جو ملتان سے تقریباً10 سے 12 میل کے فاصلے پر ہے، میں ہوا اور 5 محرم 679ھ بمطابق 1280ء میں پاک پتن میں آپ کا انتقال ہوا۔

آپ کے والد کا نام جمال الدین تھا جو وہاں کے قاضی تھے۔ آپ کی ابتدائی تربیت گھر پر ہوئی۔ بعد ازاں ملتان کے مولانا منہاج الدین ترمذی سے فیض حاصل کیا۔ یہیں آپ کی ملاقات حضرت قطب الدین بختیار کاکیؒ سے ہوئی۔ آپ ان کے ساتھ دہلی چلے گئے اور ان کے ہاتھ پر بیعت کی۔

مرشد کے حکم سے کچھ دیر ہانسی (حصار) رہ کر دینی تبلیغ کا فرض ادا کیا۔ مرشد کی رحلت پر دہلی پہنچے، خرقۂ خلافت پہنا مگر جلد ہی سب چھوڑ چھاڑ کر پنجاب کے بے آب و گیاہ علاقے اجودھن (جو آپ کی آمد کی وجہ سے بعد ازاں پاک پتن کہلایا) آگئے اور عمر کا باقی حصہ یہیں بسر کیا۔ یہاں درسگاہ قائم کی، دینی تعلیم و تربیت، تبلیغ اور رشد و ہدایت کا سلسلہ جاری کیا اور یہیں وفات پائی۔ آپ کا کلام 1561ء میں لکھی جانے والی کتاب ''سبع سنابل'' اور ''آدی گرنتھ'' (مرتبہ گورو ارجن دیو1601ء) میں محفوظ ہو کر ہم تک پہنچا ہے۔ بابا فرید گنج شکرؒ ایک صوفی شاعر تھے' جو ساری عمر تبلیغ رشد و ہدایت اور وعظ و نصیحت میں مصروف رہے۔ آپ کی شاعری میں توحید، فنا، حیات بعد از موت، قیامت، اللہ سے ڈرنا، اللہ تعالیٰ کی عبادت

(نماز) جیسے موضوعات ملتے ہیں جن کا مقصد تبلیغ اسلام، کردار کی اصلاح، انسان دوستی اور معاشرے کی تعمیر تھا۔

بابا فرید کے بعد امیر خسرو (651ھ بمطابق 1253ء تا 725ھ بمطابق 1325ء) اور گورونانک جی(1469ء تا1538ء) کے نام آتے ہیں۔امیر خسرو بنیادی طور پر تو فارسی کے شاعر تھے مگر انھوں نے پنجابی میں "تغلقاں دی وار" کے نام سے ایک رزمیہ نظم اور پنجابی پہیلیاں تخلیق کیں مگر وہ پنجابی کے کلاسیکل شاعر کا درجہ نہیں پا سکے۔اس کے بعد گورونانک تک پنجابی میں سوائے لوک سطح کی رزمیہ اور بزمیہ واروں کے کچھ دستیاب نہیں ہے۔گورونانک نے جو کلام تخلیق کیا اس میں توحید کے علاوہ نیک اعمال کی تلقین اور انسانوں سے پیار کے مضامین ملتے ہیں۔

دوسرے دور میں پنجابی کے بہت سے مقتدر شعرا سامنے آتے ہیں جن میں شاہ حسین، شاہ شرف، حضرت سلطان باہو زیادہ مشہور ہوئے ۔ اسی دور میں گورو ارجن دیو نے سکھ مت کی پہلی کتاب "آدی گرنتھ" 1601ء میں مرتب کر کے بابا فرید، گورونانک اور کبیر کا کلام اس میں محفوظ کیا۔

شاہ حسین کا تعلق لاہور سے تھا آپ 1538ء میں پیدا ہوئے۔ابتدائی تعلیم مولوی ابو بکر سے حاصل کی بعد ازاں مولوی سعد اللہ شیخ کے شاگرد ہوئے۔عربی فارسی زبانوں کے علاوہ فقہ، حدیث، تفسیر اور قرآن کا علم حاصل کیا۔ شیخ بہلول دریائی سے بھی دین و تصوف کی تعلیم لی۔ مولوی سعد اللہ سے تفسیر مدارک پڑھ رہے تھے کہ قرآنی آیت "وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ" (دنیا کی زندگی تو محض کھیل تماشا ہے) پر عجیب بے خودی سی طاری ہو گئی اور فرقہ ملامتیہ سے تعلق استوار کر کے باقی عمر کا حصہ جذب و مستی میں گزار دیا۔

شاہ حسین کی وفات 1599ء میں ہوئی۔پہلے ان کو شاہدرہ میں دفن کیا گیا جب دریائے راوی نے مزار کا رخ کیا تو ان کو شالامار باغ (باغبان پورہ) کے نزدیک منتقل کر دیا گیا جہاں ہر سال مارچ کے آخری ہفتے میں "میلہ چراغاں" کے نام سے عرس منایا جاتا ہے۔ شاہ حسین کا کلام کافیوں کی صورت میں ملتا ہے۔ان کی زبان بڑی میٹھی اور اندازِ بیان بڑا موثر، دل نشین اور رسیلا ہے۔شاعری کا رنگ سراسر صوفیانہ اور معرفت کا ہے۔اظہارِ بیان اس قدر دلکش اور خوبصورت ہے کہ پڑھنے والا رومانی شاعری کا مزہ لیتا ہے۔انہوں نے

ہیر رانجھا کو بطور علامت استعمال کیا۔ چرخہ، تند، پونی، پچھی، سالو وغیرہ سے استعارے کا کام لیا۔ مثلاً چرخہ سے وہ اپنا وجود مراد لیتے ہیں۔" تانے بانے" سے تعلق باللہ، "وپاری" سے ملک الموت، "بابل آنگن" سے پیاری محبوب دنیا، " ساہوراگھر" سے اگلی دنیا، "سالو" سے مقامِ قرب ورضاوغیرہ۔ ملامتیہ فرقے سے تعلق رکھنے کے باوجود ان کے فقر کی بنیاد اسلامی تعلیمات پر ہے۔

اس دور کے دو داستان گو کلاسیکی شعراء کا ذکر بھی یہاں ضروری ہے یعنی پنجابی زبان میں سب سے پہلے ہیر رانجھا کا قصہ لکھنے والا دمودر اور "مرزا صاحباں" کی کہانی کو پنجابی ادب میں پہلی بار شامل کرنے والا پیلو۔ یہ دونوں ایک لحاظ سے عوامی شاعر تھے۔ دمودر (1556ء۔1605ء) نے یہ قصہ اکبر بادشاہ کے دور میں رقم کیا۔ اگرچہ یہ واقعہ لودھی حکمرانوں کے دور میں ہوا اور اس دور میں عوامی سطح پر لوک شاعری میں شامل ہوا۔ شروع میں فارسی نظم میں محفوظ ہوا مگر پنجابی میں پہلی مرتبہ دمودر نے ہی لکھا۔ اس نے قصہ میں جا بجا اس کے عینی شاہد ہونے کا بیان کیا ہے مگر یہ صرف زیبِ داستاں کے لیے ہے۔ اس نے جو داستان بیان کی ہے وہ حقائق پر مبنی نظر آتی ہے، ہاں ضرورتِ شعری کے لیے جزئیات میں رنگ آمیزی دکھائی دیتی ہے۔ زبان سادہ اور اندازِ بیان راست اور بے تکلف۔ پیلو کے بارے میں کچھ زیادہ معلومات دستیاب نہیں تاہم پیلو پہلا شخص ہے جس نے پنجابی کے مشہور لوک رومان 'مرزا صاحباں' کو پنجابی نظم (بزمیہ وار) کے روپ میں پیش کیا۔ پنجابی ادب میں یہ قصہ رچرڈ سی ٹمپل نے جالندھر کے جاٹوں سے سن کر اپنی مشہور کتاب "لیجنڈز آف دی پنجاب" میں محفوظ کیا تھا۔ موجودہ صورت میں یہ نظم مختصر اور نامکمل ہے اور اس کے کئی حصے غائب ہیں مگر مجموعی تاثر میں یہ ابھی تک ایسی زور دار ہے کہ باوجود خامیوں کے پنجابی داستانوں میں اس کی حیثیت منفرد ہے۔ پیلو نے اسے کہیں مکالمے کی صورت میں لکھا ہے اور کہیں کہانی کے انداز میں۔ اندازِ بیان ڈرامائی ہے۔ اس میں محبت کی چاشنی بھی ہے اور رزم و پیکار کا جوش و خروش اور ولولہ بھی۔ اس طرح یہ "وار" یعنی رزمیہ بھی ہے۔

حضرت سلطان باہوؒ کو پنجابی کے صوفی شعراء میں بلند مقام حاصل ہے۔ 1629ء میں سلطان بازید محمد کے گھر شور کوٹ (ضلع جھنگ) میں پیدا ہوئے۔ والدہ بی بی راستی نیک اور زاہدہ عابدہ خاتون تھیں۔ والد درویش صفت انسان تھے جنہیں اپنی عسکری خدمات کے عوض شور کوٹ میں مُغل بادشاہ شاہجہان کی

طرف سے جاگیر عطا ہوئی تھی۔ سلطان باہوؒ کی ابتدائی تعلیم گھر میں ہوئی۔ بعد ازاں حبیب قادری سے باطنی تعلیم حاصل کی پھر پیر عبدالرحمن سے دہلی جا کر روحانی فیض حاصل کیا۔ حضرت سلطانؒ نے تصوف و سلوک کا درس دینے کے لیے فارسی زبان کو اپنایا (اس زمانے میں تحریر و تقریر کی زبان فارسی تھی)۔ آپ نے فارسی میں 140 کتب تحریر کیں مگر پنجابی میں صرف ایک " ابیات " دستیاب ہے۔ یہی ان کی مشہوری کا باعث ہے۔ ان کی پنجابی شاعری میں بڑی مٹھاس ہے اور معرفت میں ڈوبی ہوئی ہے۔ اسلوبِ بیان سادہ ہے۔ زبان پر علاقہ جھنگ کا اثر غالب ہے۔

پنجابی ادب کے اس دور میں جن دیگر کلاسیکل شعراء کا ذکر کیا جا سکتا ہے ان میں حافظ برخوردار (مسلمانی والے) شامل ہیں جنہوں نے پنجابی ادب میں سب سے پہلے "قصہ یوسف زلیخا" اور " سسی پنوں" لکھا۔ انہوں نے پیلُو کے بعد " مرزا صاحباں" کا قصہ بھی تحریر کیا۔ اسی دور کے ایک اہم شاعر "ہیر رانجھا" کے مصنف احمد گوجر ہیں جنہوں نے ہیر کا قصہ 1692ء میں مکمل کیا۔ وارث شاہ نے ان کے قصّے سے خاصا اثر قبول کیا۔ اسی دور کے شاہ مراد جو خان پور (ضلع چکوال) میں پیدا ہوئے (والد کا نام قاضی جان محمد تھا) کا نام پنجابی میں سب سے پہلی غزل لکھنے کی وجہ سے مشہور ہے۔ ان کی وفات 1702ء میں ہوئی۔ منڈی بہاؤالدین کے حضرت نوشہ گنج بخش (1691ء۔1602ء) بھی اسی دور میں ہوئے ہیں جنہوں نے پنجابی میں شاعری کے علاوہ پنجابی نثر میں وعظ بیان کر کے پنجابی میں نثر کی ابتدا کی۔ یہ گجرات کے رہنے والے تھے۔

اورنگ زیب عالم گیر کی وفات 1707ء سے 1800ء تک کے دور میں پنجابی زبان کے عظیم شعرا سیدّ وارث شاہ اور بُلّھے شاہ کی شاعری سامنے آئی جنہوں نے پنجابی ادب کو ایک عالمی حیثیت بخش دی۔ اسلامی ادب اور واریں بھی اس دور میں خاصی تعداد میں لکھی گئیں۔ یہی دور ہے جس میں کربلا کے جنگ نامے بھی بہت لکھے گئے۔ سید بلھے شاہ اس دور کے سب سے بڑے صوفی شاعر ہیں۔ اصل نام عبداللہ شاہ اور والد کا نام سخی محمد درویش تھا جو "پانڈوکی" ضلع قصور میں امام مسجد تھے۔ ابتدائی تعلیم گھر سے حاصل کرنے کے بعد مولانا غلام مرتضیٰ قصوری کے شاگرد ہوئے۔ قرآن، حدیث، فقہ، تفسیر اور فلسفے کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد تصوّف کی طرف رجحان ہوا تو لاہور کے شاہ عنایت قادری کے مرید ہوئے۔ آپ نے کافی، اٹھوارہ،

باراں ماہ، سی حرفی، دوہڑے اور ایک نئی صنف "گنڈھاں" میں طبع آزمائی کی۔ ان کے کلام میں صوفیانہ شاعری کے مختلف ڈھنگ اور رنگ پائے جاتے ہیں۔ وہ جو محسوس کرتے بلا جھجک کہہ دیتے۔ وہ اپنے عہد کے ایک سچے اور بے باک ترجمان تھے۔ ان کے کلام میں عشقِ الٰہی، حق گوئی، بے باکی اور راست کرداری صاف طور پر جھلکتی دکھائی دیتی ہے۔ شاہ حسین کی طرح بُلّھے شاہ کی شاعری میں بھی اظہارِ بیان کے لیے مقامی روایتی علامات (Symbols) اسی انداز میں استعمال کی گئی ہیں، مثلاً چرخہ ان کے ہاں "عرصۂ حیات"، "کاتنا" اور "تند ڈالنا" راہِ مستقیم اختیار کرنے اور سرمایۂ اعمال اکٹھا کرنے اور "داج" اعمالِ صالح کی علامات ہیں۔ "پیکا" اس دنیا، "ترنجن" احباب کی محفلیں، "مکلاوا" اور "سسرال" وغیرہ موت اور دوسرے جہان کی علامات ہیں۔ " بکل دے چور" کو نفسِ امّارہ سے تشبیہہ دی گئی ہے۔

سید وارث شاہ پنجابی زبان کے شہرۂ آفاق اور عظیم ترین شاعر ہیں۔ ان کی لافانی تخلیق "ہیر" کا شمار ادبیاتِ عالیہ میں کیا جاتا ہے۔ وہ جنڈیالہ شیر خان ضلع شیخوپورہ کے رہنے والے تھے۔ والد کا نام گل شیر شاہ تھا۔ ابتدائی تعلیم اپنے گاؤں میں حاصل کی۔ بعد میں قصور کے مولانا غلام مرتضیٰ کے شاگرد ہوئے۔ علومِ ظاہری حاصل کرنے کے بعد پاک پتن شریف میں حضرت بابا فرید گنج شکر کے مزار پر پہنچے اور یہاں سے باطنی فیض حاصل کیا۔ واپس آتے ہوئے ملکہ ہانس ٹھہر کر قصّہ ہیر رانجھا تخلیق کیا۔ یہ قصّہ 1180ھ مطابق 1766ء میں مکمل ہوا' خود کہتے ہیں: سن یاراں سو اسی سی نبی ہجری لے دیس دے وچ تیار ہوئی۔ پنجابی ادب میں اب تک کئی شعراء نے ہیر رانجھے کے قصّے لکھے ہیں مگر اب تک کوئی ایسی عظمت حاصل نہیں کر سکا۔

سید وارث شاہ نے اس قصّے میں انسانی نفسیات، جذبات نگاری، کردار نگاری، واقعہ نگاری، سراپا نگاری، تصوّف کے اسرار و رموز، طنزومزاح، پنجاب دیس سے تعلق رکھنے والی تشبیہات اور استعارے، تلمیحات، پنجاب کی ثقافت اور معاشرت کے دل نشیں نمونے پیش کیے ہیں۔ اس داستان کو پنجاب کا انسائیکلوپیڈیا کہا جاتا ہے اور داستان نگار کو پنجابی کا شیکسپیئر۔

سکھوں کے عہد کو برصغیر کے حوالے سے دیکھا جائے تو یہ دور دوسرے مغل عہد کے ساتھ منسلک ہے مگر پنجاب میں چونکہ رنجیت سنگھ نے 1801ء میں اپنے راجہ ہونے کا اعلان کر دیا تھا اور لاہور کو

دارالحکومت بنا کر باقاعدہ حکمرانی کا آغاز کر دیا تھا اس لیے اس دور کو محققین نے سکھی دور کا نام دیا ہے۔ 1707ء میں اورنگ زیب کی وفات کے تیس سال بعد یعنی 1737ء سے مغل سلطنت کا شیرازہ بکھرنا شروع ہو گیا تھا یہاں تک کہ 1759ء میں شاہ عالم کی سلطنت سکڑ کر چند شہروں تک محدود ہو چکی تھی اور جب احمد شاہ ابدالی نے پنجاب پر حملہ کیا تو یہاں کوئی حاکم یا گورنر مدافعت کے لیے موجود نہ تھا۔ بندہ بہادر شالا مار کے قریب شکست کھا کر 1715ء میں ہی قتل ہو چکا تھا اور مختلف علاقوں میں سکھوں کی سرداریاں قائم ہونا شروع ہو چکی تھیں چنانچہ 1768ء میں احمد شاہ ابدالی کی مراجعت کے بعد سکھ سرداروں نے لاہور پر قبضہ کر لیا اور رنجیت سنگھ نے اپنی حکومت قائم کر لی۔ 1839ء میں رنجیت سنگھ کی وفات کے ساتھ ہی سکھ سلطنت کا زوال شروع ہو گیا جو 1849ء میں پنجاب پر انگریزوں کے قبضے کے ساتھ ختم ہوا۔ اس دور کے پنجابی شعراء میں ہاشم شاہ، مولوی احمد یار اور قادر یار نے نام پیدا کیا۔ ہاشم شاہ نے دوہڑے، قصّہ سَسی پُنوں، سوہنی مہینوال، شیریں فرہاد، لیلیٰ مجنوں اور ہیر رانجھا تخلیق کیے مگر زیادہ شہرت سسّی پُنوں اور دوہڑوں کے باعث حاصل ہوئی۔ احمد یار اس دور کے کثیر التصنیف شاعر تھے۔ انہوں نے پچاس کے قریب کتابیں لکھیں۔ ان میں کامروپ، حاتم نامہ اور احسن القصص کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ ہیر رانجھا بھی قابلِ ذکر تصنیف ہے۔ ان کے قصوّں میں پلاٹ، واقعہ نگاری، جذبات نگاری، منظر نگاری اور سراپا نگاری کے اچھے نمونے ملتے ہیں۔ احمد یار پنجابی کے پہلے نقّاد بھی تسلیم کیے جاتے ہیں کیونکہ انہوں نے ''احسن القصص'' میں پنجابی کے مشہور شعراء پر منظوم تنقید کی ہے۔ مرالے میں فوت ہوئے اور یہیں دفن ہوئے۔ قادر یار (1892ء۔1817ء) بھی اس دور کے اس حوالے سے اہم شاعر ہیں کہ ان کے قصّے ''پورن بھگت'' نے بہت مشہوری حاصل کی۔ ایمن آباد میں پیدا ہوئے۔ تمام عمر وہیں رہے، وہیں وفات پائی اور وہیں دفن ہیں۔ قصّہ پُورن بھگت سی حرفی کے انداز میں لکھا گیا ہے۔

انگریزوں کے عہد 1849ء تا 1947ء میں جن شعراء نے پنجابی ادب میں کلاسیک کا درجہ حاصل کیا ان میں سید فضل شاہ (نواں کوٹی) میاں محمد بخش، خواجہ غلام فرید، مولوی غلام رسول عالمپوری، میاں محمد بوٹا اور میاں ہدایت اللہ سرِفہرست ہیں۔ سید فضل شاہ (1890ء۔1827ء) نواں کوٹ لاہور کے رہنے والے تھے وہیں وفات پائی۔ آپ عربی فارسی کے اچھے ماہر اور کلاسیکی روایت کے بہت توانا شاعر

تھے۔ آپ نے کئی کتابیں تصنیف کیں۔ تحفۂ فضل، سوہنی مہینوال، ہیر رانجھا، لیلیٰ مجنوں، یوسف زلیخااور سسّی پُنوں کے علاوہ کئی سی حرفیاں اور دوہے بھی تحریر کیے لیکن جو شہرت ان کی "سوہنی مہینوال" کو حاصل ہوئی وہ کسی اور کو نصیب نہ ہو سکی۔

میاں محمد بخش (1907ء۔1830ء) چک ٹھاکرہ علاقہ کھڑی شریف' میر پور آزاد کشمیر میں پیدا ہوئے۔ اپنے والد سے اکتسابِ فیض کے بعد حافظ ناصر اور حافظ محمد علی سے تعلیم حاصل کی۔ سجادہ نشین بننے کے بعد رشد وہدایت کا سلسلہ جاری کیا اور تصنیف و تالیف میں مصروف رہے۔ سی حرفیاں، دوہڑے، مرزاصاحباں، سیف الملوک، سوہنی مہینوال، شیریں فرہاد، شاہ منصور، شیخ صنعان، تحفۂ رسولیہ، تحفہ میراں، گلزار فقیر وغیرہ لکھیں۔ ان کو شہرت ان کے قصے " سیف الملوک" کی وجہ سے حاصل ہوئی۔

مولوی غلام رسول عالمپوری (1842ء۔1892ء) کا شمار اعلیٰ پائے کے قصہ گو کلاسیکل شعراء میں ہوتا ہے۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد مدرس مقرر ہوئے۔ بعد ازاں امامت اور حکمت اختیار کی۔ اگرچہ "داستانِ امیر حمزہ" تین جلدوں میں لکھی مگر ان کی شہرت "احسن القصص" (یوسف زلیخا) کی وجہ سے ہے۔ انہوں نے اپنے دوست سید روشن علی کے نام جو منظوم چٹھیاں لکھی ہیں یہ بھی درد انگیز اور رقت آمیز ہیں اور پنجابی ادب کا شاہکار ہیں۔

میاں محمد بوٹا (1930-1851ء) کٹڑہ شالبافاں گجرات میں پیدا ہوئے۔ پیشہ شالبافی اور تعلیم معمولی تھی' ان کی تصانیف "مرزاصاحباں" اور " پنج گنج" کو شہرت نصیب ہوئی۔

دائم اقبال دائم (1909ء۔1984ء) ضلع منڈی بہاءالدین کے رہنے والے تھے۔ پنجابی شاعری کی کلاسیکی روایت کو اپنایا۔ درجنوں قصّے کہانیاں لکھے، ان میں سے سوہنی، ابراہیم ادھم، باراں ماہ، بلال بیتی، اتھرو واں دے موتی، انوکھے بُھل، پنج دریا، پنج گنج، دل دیاں موجاں، سّسی پُنوں، سوہنی سرکار، سیف الملوک، شاہنامہ کربلا، شہزادہ مراد، صدائے مجنوں، کمبل پوش، لیلیٰ مجنوں، مرزاصاحباں، ہیر سیال، قصص المحسنین (یوسف زلیخا) زیادہ مشہور ہیں۔" شاہنامہ کربلا" کو خصوصی مقبولیت حاصل ہوئی۔

پنجابی کا نو کلاسیکل دور انیسویں صدی کے آخر اور بیسویں صدی کے اوائل سے شروع ہوتا ہے۔ اس دور میں انگریزی اور اردو کے اثرات سے پنجابی بھی مستفید ہوئی، ترجمے بھی ہوئے، نئ اصناف کی

شمولیت بھی ہوئی اور چھاپہ خانہ (پریس) ایجاد ہونے سے بہت سی علمی اور ادبی کتابیں شائع ہونے لگیں۔ اس دور میں شاعری کی دو الگ الگ روایات قائم ہوئیں یعنی قدیم روایت اور انگریزی اور اردو ادب کے زیر اثر جدید روایت۔

اردو مشاعروں کو دیکھ کر پنجابی شعرا کو بھی مشاعروں کا شوق ہوا۔ بیت بازی اظہارِ خیال کا ذریعہ ٹھہری، اس لیے بیت بازی (چو مصرعے) کا سلسلہ اس دور میں نہایت مقبول ہوا۔ ان مشاعروں میں حصہ لینے والے متقدمین میں پیارے صاحب، فرید مزنگی، اروڑا رائے، آغا علی خان، گاموں خان، فضل شاہ اور ہدایت اللہ جب کہ درمیانی دور یا متوسطین، میں مولا بخش کشتہ، بابو کرم، محمد اسماعیل مشتاق، محمد اسماعیل عیسیٰ، عشق لہر، اُستاد گام، استاد ہمدم، ڈاکٹر فقیر، فیروز الدین شرف زیادہ مشہور ہیں۔ ان شاعروں کے مختلف اکھاڑے بنے۔ اسی دور میں غزل نے ترقی شروع کی۔ اسی زمانے میں سیاسی شاعری نے بھی جنم لیا۔ عوامی تحریکات کے ساتھ ساتھ سیاسی شاعری کو بھی فروغ حاصل ہوا اور شعراء شاعری سے سیاسی پروپیگنڈے کا کام بھی لینے لگے۔حادثہ جلیانوالہ باغ(1919ء)، غدرپارٹی (15-1914ء)، اکالی لہر(26-1925ء)، سنٹرل پنجابی سبھا (26-1925ء) تحریکِ عدم تعاون (34-1933ء)، تحریک ہندوستان چھوڑ دو (1942ء) اور بالخصوص تحریکِ پاکستان کے دوران پنجابی شعروں اور نظموں کا عام استعمال کیا گیا۔ فیروز دین شرف، استاد دامن، چوہدری سر شہاب الدین، عشق لہر، ظہیر نیاز بیگی، سائیں حیات، جوشو افضل دین، ملک لال دین قیصر، عبداللطیف عارف، استاد کرم امرتسری، امام دین مجاہد، امداد علی خان غالب، سیّد فضل حسین مدنی شہباز، محمد دین میر، طالب جالندھری، صحرائی گورداسپوری، ملک عبدالقادر خوشتر، ملک ضیاء اللہ ضیاء، عبدالغفور اظہر، حافظ امرتسری، محمد حنیف قدر، سائیں فیروز، ڈاکٹر فقیر، اطہر نظامی، حکیم شیر محمد ناصر، حاجی چراغ دین (جونے کے والے)، استاد فیروز، دائم اقبال دائم، بابا کمالا، خان مستانہ، اللہ دتہ ناظر، میراں بخش واقف، ساحل فارانی، اسیر سوہاروی، محمد رفیع اختر، درشن سنگھ آوارہ وغیرہ کے نام سیاسی شاعری میں بھی نمایاں ہیں۔ڈاکٹر شہباز ملک کی کتاب ''آزادی دے مجاہد لکھاری'' میں پنجابی زبان کے ان شعراء کا کلام دیا گیا ہے، جنھوں نے فرنگی سامراج کے خلاف قلم سے جہاد کیا اور تحریکِ پاکستان میں بھرپور حصہ لیا۔ ڈاکٹر انعام الحق جاوید کی انگریزی میں لکھی ہوئی کتاب ''پاکستان ان پنجابی

لٹریچر ”میں بھی تحریک و تشکیلِ پاکستان کے حوالے سے پنجابی شاعری کے کردار کا جائزہ لیا گیا ہے۔ جہاں تک جدید پنجابی شاعری کا تعلق ہے اس کا سرا نوکلاسیکی دور سے جُڑا ہوا ہے۔ انگریزوں کے آخری دور میں جب نوکلاسیکی انداز کی شاعری ہو رہی تھی درآمد شدہ اصنافِ ادب بھی اس میں در آئیں اور مقامی زبانوں پر انگریزی کے اثرات بھی پڑنے لگے۔ نظم کے حوالے سے خاص طور پر ترقی پسند تحریک (1936ء) نے پنجابی شاعری کو ایک نئی فکر سے متعارف کرایا اور اس کے بعد اس کے دور رس نتائج مرتب ہوئے۔ ترقی پسند تحریک نے فن اور ہیئت کے وسیع تجربوں کو جنم دیا جس کے باعث پنجابی میں نئی نظم کا ظہور ہوا۔ اسی حوالے سے شریف کنجاہی' احمد راہی' امرتا پریتم کے نام خصوصی اہمیت رکھتے ہیں جنھوں نے گل و بلبل سے نکل کر زمینی حقائق کو شاعری کا موضوع بنایا اور مارکسی فلسفے کے تحت ایک عام انسان کی عظمت کو اجاگر کرتے ہوئے عدم مساوات کے رویے پر کاری ضرب لگائی۔ شریف کنجاہی کو جدید پنجابی نظم کا بانی تصور کیا جاتا ہے۔ بعد ازاں 1960ء کی دہائی میں باقی صدیقی اور منیر نیازی نے پنجابی نظم کو ایک نئے انداز اور جدید حسیت سے متعارف کرایا۔ اسے ہم Hallucination کی شاعری بھی کہہ سکتے ہیں جس میں ہیولے اور پرچھائیاں تعاقب کرتی دکھائی دیتی ہیں۔ اسی دوران الطاف قریشی ' عارف عبدالمتین' بشیر منذر' افضل احسن رندھاوا' افضل پرویز' ڈاکٹر لئیق بابری کے حوالے سے پنجابی نظم کے مختلف روپ ہمارے سامنے آئے۔ ڈاکٹر لئیق بابری نے علامتی اور تجریدی اظہار کو بنیاد بناتے ہوئے اپنی کتاب ”گھگھو گھوڑے“ میں ایسی نظمیں پیش کیں جو انہوں نے فرانس کی تحریکوں سے متاثر ہو کر لکھی تھیں۔

جہاں تک غزل کا تعلق ہے تو اس کے ابتدائی نمونے ہمیں حضرت نوشہ گنج بخش (1104)ہجری اور شاہ مراد (1702) کے ہاں ملنے شروع ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح میاں محمد بخش کے ہاں بھی غزل کا نمونہ مل جاتا ہے مگر مولا بخش کشتہ (1955-1876) کو یہ شرف حاصل ہوا کہ وہ پنجابی غزل کے پہلے شاعر ہیں جن کی غزلوں کا دیوان شائع ہوا۔ اس کے بعد پیر فضل گجراتی نے غزل کی صنف کو بڑھاوا دیا اور فارسی غزل سے متاثر پنجابی غزل متعارف کرائی۔ پیر فضل گجراتی اس اعتبار سے بھی اہم ہیں کہ انہوں نے پنجابی غزل کو باقاعدہ غزل کا روپ دیا جس کے باعث نئے لکھنے والے اس طرف متوجہ ہوئے ورنہ قبل ازیں یہی کہا جاتا تھا کہ غزل کی صنف پنجابی زبان کے مزاج سے لگّا نہیں کھاتی۔ ازاں بعد سلیم کاشر' رؤف شیخ'

منظور وزیر آبادی' ڈاکٹر یونس احقر' اکرام مجید' طفیل خلش اور بے شمار شعرا کا نام لیا جا سکتا ہے جنہوں نے عمدہ غزلیں لکھیں اور اس میں جدید مضامین اور جدید تر حسیت کو داخل کیا جس کے باعث آج پنجابی غزل کسی بھی زبان کی غزل کے سامنے رکھی جا سکتی ہے۔

بابا فریدؒ

(1188ء۔1280ء)

پنجابی کے پہلے شاعر فرید الدین مسعود' قاضی جمال الدین کے گھر 1188ء میں قصبہ کوٹھے وال ضلع ملتان میں پیدا ہوئے۔ قاضی جمال الدین' سلطان محمود غزنوی کے بھتیجے تھے۔ آپ سلطان شہاب الدین غوری کے دورِ حکومت میں کابل سے آکر پہلے قصور ٹھہرے اور پھر سلطان کے حکم پر ملتان (کوٹھے وال) چلے گئے۔ آپ کے تین بیٹوں میں سے فرید الدین مسعود منجھلے بیٹے تھے۔ آپ کا شجرۂ نسب سترھویں پشت میں حضرت عمر فاروقؓ سے جاملتا ہے۔ بابا فرید کی ابتدائی تربیت گھر پر ہوئی بعد ازاں آپ نے مولانا منہاج الدین ترمذی سے فیض حاصل کیا اور یہیں آپ کی ملاقات حضرت قطب الدین بختیار کاکیؒ سے ہوئی جن کے ہاتھ پر بیعت کر کے آپ دہلی چلے گئے۔ مرشد کے حکم پر کچھ دیر ہانسی (ضلع حصار) میں رہ کر دینی تبلیغ کا فریضہ سرانجام دیا۔ مرشد کی رحلت پر دہلی پہنچے' خرقۂ خلافت پہنا مگر جلد ہی سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر پنجاب کے بے آب و گیاہ علاقے اجودھن (جو آپ کی آمد کی وجہ سے بعد ازاں پاک پتن کہلایا) آ گئے اور عمر کا باقی حصہ یہیں بسر کیا۔ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاؒ آپ کے مرید اور داماد تھے۔ اس اعتبار سے آپ حضرت امیر خسرو کے دادا پیر ہوئے جبکہ حضرت علی احمد صابر کلیر شریف والے آپ کے بھانجے اور شاگرد تھے۔ آپ کا کلام 1561ء میں لکھی جانے والی کتاب "سنغ سنابل" اور "آدی گرنتھ" مرتبہ (گورو ارجن دیو 1601ء) میں محفوظ ہو کر ہم تک پہنچا۔ گرو گرنتھ میں جو 130 شلوک دیے گئے ہیں' ان میں سے 18 شلوک گرو صاحبان کے ہیں اور 112 بابا فرید کے ہیں' جن میں انسان دوستی، لوک دانش اور اعلیٰ اخلاقی و مذہبی اقدار کی پاسداری کا درس دیا گیا ہے۔ آپ کی ساری عمر تبلیغ' رشد و ہدایت اور وعظ و نصیحت میں گزری۔ آپ کی شاعری میں توحید، فقہ، حیات بعد از موت، قیامت، خوفِ خدا اور عبادات جیسے موضوعات کو نہایت عمدہ انداز سے پیش کیا گیا ہے۔ پنجابی کے علاوہ فارسی اور اردو میں بھی شاعری کی۔ آپ کا انتقال 5 محرم 679ھ / 1280ء میں پاک پتن میں ہوا جہاں آپ کے خُسر سلطان غیاث الدین بلبن نے حضرت نظام الدین اولیاؒ کی نگرانی میں آپ کا مزار بنوایا۔ آپ کا عرس ہر سال 5۔6 محرم کو ہوتا ہے اور لاکھوں کی تعداد میں زائرین مزار شریف کے چھوٹے دروازے (جسے بہشتی دروازہ کہا جاتا ہے) میں سے گزرنا اپنے لیے خیر و برکت کا موجب سمجھتے ہیں۔

O

1۔ فریدا جے تُوں عقل لطیف' کالے لکھ نہ لیکھ
آپنے گریوان میں، سِر نِیواں کر ویکھ

1۔ اے فرید! اگر تیرے پاس عقل سلیم ہے تو دوسروں کے عیبوں کی طرف دھیان دینا چھوڑ دے اور دامن کو گناہوں سے آلودہ نہ کر۔ تیرے لیے بہتر یہ ہے کہ سر کو جھکا اور اپنے گریبان میں جھانک کر دیکھ۔ مطلب یہ کہ:

نگاہِ عیب گیری سے جو دیکھا اہلِ عالم کو
کوئی فاسق کوئی ملحد کوئی زندیقِ اکبر تھا
مگر دل احتسابِ نفس پر جس دم ہوا مائل
ہوا ثابت کہ ہر فرزندِ آدم ہم سے بہتر تھا

O

2۔ فریدا خاک نہ نِندِیے، خاکو جیڈ نہ کوئے
جیوندیاں پیراں تلے، مویاں اُپر ہوئے

2۔ اے فرید! خاک کو بُرا مت کہہ کہ اس جیسی (عظیم) کوئی دوسری شے نہیں۔ اس کی عظمت اس بات سے عیاں ہے کہ یہ جیتے جی ہمارے پاؤں تلے روندی جاتی ہے اور مرنے کے بعد ہمارے اوپر (قبر کی مٹی کی شکل میں) آکر ہمیں تحفظ دیتی ہے۔

O

3۔ فریدا روٹی میری کاٹھ دی، لاون میری بھُکھ
جِنّھاں کھادِی چوپڑی، گھنے سہن گے دُکھ

3۔ اے فرید! میری روٹی لکڑی کی ہے جبکہ بھوک میرا سالن ہے۔ میں نے یہ معمول اس لیے بنا رکھا ہے کہ میں جانتا ہوں، جو چُپڑی روٹی (لذیذ کھانے) کھائیں گے اور عیش و آرام کی زندگی گزاریں گے وہ اللہ کے عذاب کے سزاوار ٹھہرائے جائیں گے۔

O

4۔ ویکھ فریدا جو تِھیا، داڑھی ہوئی بھُور
اگا نیڑا آیا، پِچھا رہیا دُور

4۔ اے فرید! دیکھ کیا ہوا کہ داڑھی سفید ہو گئی یعنی تُو بوڑھا ہو گیا اور مستقبل (موت کا وقت) قریب آن پہنچا اور جوانی کی عمر (ماضی) بہت پیچھے رہ گئی۔

O

5۔ فریدا مَیں بھولاوا پگ دا، مت میلی ہو جائے
گیہلا روح نہ جان اِی، سر بھی مٹی کھائے

5۔اے فرید! مجھے اس بات کا اندیشہ لاحق رہا کہ کہیں میری پگڑی میلی نہ ہو جائے مگر میں اس بات سے بے خبر اور انجان رہا کہ ایک دن پگڑی کیا میرا سر (بلکہ سارا جسم) مٹی کی نذر ہو جائے گا۔

O

6۔ بُڈھا ہویا شیخ فرید، کنبن لگی دیہہ
جے سَو ورھیاں جیونا، بھی تن ہوسی کھیہہ

6۔ شیخ فرید بوڑھا ہو گیا ہے اور اس کا جسم کانپتا رہتا ہے۔ یہ سچ ہے کہ سو سال کی لمبی عمر بھی مل جائے تو بھی آخر کار ہمیں خاک ہی ہونا ہے (لہٰذا جو لمحہ بھی میسر ہو اسے خدا کی یاد میں گزارنا چاہیے)۔

O

7۔ کوک فریدا کوک توں، جیوں راکھا جوار
جب لگ ٹانڈا نہ گرے، تب لگ کوک پکار

7۔ اے فرید! (ہر وقت) کوک پکار کرتا رہ جیسے فصلوں (جوار) کا نگہبان پرندوں کو فصل سے دور رکھنے کے لیے شور مچاتا رہتا ہے۔اے فرید! یہ کوک پکار ٹانڈا گرنے تک کیے جا یعنی مرتے دم تک خدا کا ذکر کرتے رہنا چاہیے۔

O

8۔ فریدا خالق خلق میں، خلق وسے رَبّ مانہہ
مندا کس نوں آکھیے، جاں تِس بِن کوئی نانہہ

8۔اے فرید: اللہ تعالیٰ کی ذات پاک جو کائنات کی خالق و مالک ہے' وہ مخلوق میں اور مخلوق اپنے رب میں بستی ہے (عقیدۂ وحدت الوجود)۔ مفہوم یہ کہ خالق نے مخلوق کو پیدا کیا مگر اُسی مخلوق کی بدولت وہ (خالق) پہچانا جاتا ہے لہٰذا جب خالق اور مخلوق ایک دوسرے کے لیے لازم و ملزوم ہیں تو پھر مخلوق میں سے کسی کو برا بھلا نہیں کہنا چاہیے۔

O

9۔ اُٹھ فریدا وضُو ساز' صبح نماز گزار
جو سِر سائیں نہ نِویں، سو سِر کپ اُتار

9۔اے فرید! اُٹھ' وضو کر' اور صبح کی نماز ادا کر کہ جو سر خدا کے سامنے نہیں جھکتا وہ کاٹ ڈالنے کے لائق ہے۔ انسان کی زندگی کا مقصد خدا کی عبادت ہے۔ قرآن پاک واضح طور پر اس بات کی گواہی دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جِنّوں اور انسانوں کو اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے۔

O

10۔ رُکھّی سُکھّی کھاءِ کے، ٹھنڈا پانی پی
فریدا ویکھ پرائی چوپڑی، نہ ترسائیں جی

10۔روکھی سوکھی کھا کے ٹھنڈا پانی پینے والے دراصل بہترین لوگ ہیں یعنی جو کچھ میسر ہو اُسی پہ قناعت کرنا تقاضائے بشریت ہے۔ اے فرید! دوسروں کے پاس مال و دولت دیکھ کر دل اُداس نہیں کرنا چاہیے۔

O

11۔ فریدا اِکناں آٹا اگلا، اِکناں ناہیں لون
اگے گئے سنجاپسن، چوٹاں کھاسی کون

11۔اے فرید! (یہ طبقاتی معاشرہ ہے،اسی لیے) یہاں بعض وہ ہیں جن کے پاس آٹے (اشیائے خوردونوش) کی بہتات ہے جبکہ کچھ ایسے ہیں جنہیں نمک جیسی معمولی جنس بھی میسر نہیں۔ایسی صورت حال میں اچھائی برائی کی پہچان ختم ہو جاتی ہے لہٰذا یہ طبقاتی تفریق پیدا کرنے والوں کو اگلے جہان جا کر معلوم ہو گا جب انہیں چوٹیں سہنی پڑیں گی۔

O

12۔ کاگا کرنگ ڈھنڈولیا، سگلا کھایا ماس
ایہہ دونَیناں مت چھوہیو، پرِ ویکھن کی آس

12۔اے کوے! تو نے میرے جسم کا ہر حصہ نوچ ڈالا ہے۔ اب تو گوشت کا ایک ٹکڑا بھی باقی نہیں رہا مگر میری ان آنکھوں کو نہ چھونا کہ مجھے ان آنکھوں سے محبوب کو دیکھنے کی آرزو ہے۔

O

13۔ فریدامیں جانیا دُکھ مجھ کُوں، دُکھ سبّھا ایہہ جگ
اُچّے چڑھ کے ویکھیا، تاں گھر گھر ایہا اگ

13۔اے فرید! ہر وقت دکھوں میں گرفتار (مبتلا) رہنے کی وجہ سے میرا یہ خیال پختہ ہو گیا کہ میں دنیا کا سب سے دکھی انسان ہوں مگر جونہی میں اونچی جگہ چڑھا تو کیا دیکھتا ہوں کہ دکھوں کی یہ آگ ہر گھر میں لگی ہوئی ہے یعنی یہاں ہر کوئی دکھی اور افسردہ ہے۔

O

14۔ کندھی اُتے رُکھڑا، کچرک بنّھے دِھیر
فریدا کچّے بھانڈے رکھیے، کچر تائیں نِیر

14۔ندی کنارے (بُھر بھری زمین میں) کھڑا درخت کب تک سلامت رہ سکتا ہے' اسے کب تک اس بات کی تسلی رہے گی کہ وہ محفوظ ہے۔ اے فرید! بالکل ایسے ہی کچی مٹی کا برتن کتنی دیر تک آنسوؤں کو محفوظ رکھ سکتا ہے۔

O

15۔ کیا ہنس کیا بگلا، جا کو نظر کرے
جے تِس بھاوے نانکا، کاگوں ہنس کرے

15۔ محبوب کی نظر کرم کے لیے ہنس اور بگلے (اعلیٰ وادنیٰ) کی تفریق ضروری نہیں۔ اے نانک اُس کی نظر میں آجائے تو وہ کوّے کو بھی ہنس کر سکتا ہے۔

O

16۔ فریدا کالے مَینڈے کپڑے، کالا مَینڈا ویس
گُناہیں بھریا میں پھراں، لوک کہیں درویش

16۔اے فرید! میرے کپڑے کالے اور پہناوا بھی کالے رنگ کا ہے۔ میں گناہوں سے آلودہ اِدھر اُدھر بھٹک رہا ہوں مگر پھر بھی لوگ مجھے درویش کہتے ہیں۔

O

17۔ فریدا گلیں چِکڑ، دُور گھر، نال پیارے نینہہ
چلاں تاں بِھجے کمبلی، رہاں تاں ٹُٹے نینہہ

17۔ اے فرید! گلیوں میں کیچڑ، گھر دور جبکہ محبوب سے دل لگا بیٹھے ہیں۔ ایسی صورت حال میں گھر سے نکلا جائے تو کپڑے بھیگنے کا ڈر ہے اور اگر نہ ملنے جاؤں تو لوگ محبت پہ شک کریں گے جس سے محبوب کے ناراض ہونے کا دھڑکا ہے۔

فارسی کلام کانمونہ

گرمی نہ دہد ہجر تو وصلت دارم   با خاکِ سرِ کوئے تو کارے دارم

O

من نیم واللہ یارا من نیم   جان جانم سِرّ سرّم من نیم

نور پاک احمدم در مشت خاک   کور چشماں را اگر روشن نیم

دوست اندر سِرّ من ظاہر شدہ   من نیم مسعود باللہ من نیم

اردو کلام کانمونہ

دُھن رے دھنیے اپنی دُھن   پرائی دُھنی کا پاپ نہ پُن

تیری روئی میں چار بنولے   سب سے پہلے اِن کو چُن

روئی کو چُن کے سوت بنا کے   پاگ پیارے پی کی بُن

اچھی تو جب ہی دُھنکی جائے   سگری تانت بجے تُن تُن

تیرا پیا تو مہاگنی ہے   کر لے تو بھی کوئی گُن

جو تو چاہے ہر کو فریدآ   آنکھ کان کو کر لے سُن

(سالنامہ ماسک پتر یادگار لاہور ص58 بحوالہ پنجابی شاعراں دا تذکرہ از مولا بخش کشتہ ص38)

چند اشلوکوں کا منظوم اردو ترجمہ

کالے میرے کپڑے فرید اور نس نس میں ہے پاپ
لوگ کہیں درویش مجھے میں جانوں اپنا آپ

O

دور ہے گھر اور گلی میں کیچڑ اور پیا سے پیار
ٹوٹے پیار چلوں فرید تو کمبلی بھیگے، رہوں تو
دیکھ فرید یہ لمبی راتیں سلگیں میرے پاس
ان کا بھی کیا جینا جِن کی ٹوٹ گئی ہو آس

O

میرا روگ فرید نہ جانے لاکھ طبیب بلائیں
اک پل ساجن آن ملیں تو دکھ سارے مٹ جائیں

O

میں سمجھا تھا میں ہی دکھی ہوں دکھی ہے سارا جگ
گھر گھر آگ فرید لگی تھی کیا سادھو کیا ٹھگ

O

مٹی کو مت کوس فرید اس جیسا اور نہ کوئے
جیتے جی یہ پاؤں کے نیچے مریں تو اوپر ہوئے

O

دیکھ فرید ان محلوں سے تو اتنا مت کر پیار
خاک منوں جب ہو گی اوپر کوئی نہ ہو گا یار

(منظوم اُردو ترجمہ: شفیع عقیل)

گرونانک

(1469ء۔1538ء)

سِکھ مت کے بانی بابانانک مہتہ کالورائے کے گھر 1469ء میں ننکانہ صاحب ضلع شیخوپورہ میں پیدا ہوئے۔ ذات کے بیدی کھتری تھے۔ جوان ہوئے تو اپنی بڑی بہن نانکی اور بہنوئی جے رام کے پاس سلطان پور لودھی (ریاست کپور تھلہ) چلے گئے اور مودی خانے میں بطور حساب نویس ملازمت اختیار کرلی۔ یہیں آپ کی شادی ہوئی لیکن آپ کا دل کسی حقیقت کی تلاش میں سرگرداں تھا چنانچہ آپ اپنے دوساتھیوں بھائی بالا اور بھائی مردانہ کو ساتھ لے کر مختلف مزاروں اور تیرتھوں کی یاترا پر نکل گئے جہاں آپ صوفیوں، سادھوؤں، سنتوں سے ملے اور ایک نئے پیغام کے پرچارک بنے جس کالب لباب بھلائی اور سچائی تھا۔ آخری عمر میں آپ کرتارپورہ میں آبسے اور یہیں اپنی امرت بانی کا پرچار کرتے رہے۔1538ء میں وفات پائی اور گدّی اپنے ایک چیلے گروانگد کو بخشی۔ مغل بادشاہ بابر نے 1526ء میں ہندوستان میں بادشاہت قائم کی تھی گویا گرونانک کی زندگی کے آخری 12 سال مغل دور میں گزرے۔ آپ کی شاعری گرنتھ صاحب میں محلہ نمبر۔1 کے زیر عنوان درج ہے جس میں عربی، فارسی اور ہندی و سنسکرت کے الفاظ کی آمیزش پائی جاتی ہے۔

O

نانک ساون جے وسّے چونہہ اُمانہا[1] ہوئے
ناگاں مرگاں مچھیاں رسیاں گھردھن ہوئے
نانکؔ ساون جے وسّے چونہہ وچھوڑا ہوئے
گائیں پُتّاں[2] نردھناں[3] پنتھی[4] چاکر ہوئے

O

کمر کٹارا بنکڑا[5] بن کے کا اسوار
گربھ نہ کیجے نانکاؔ مت سر آوے بہار

O

وید بلایا ویدگی پکڑ ڈھنڈولے بانہہ بھولا وید نہ جانئے کِرک[6] کلیجے مانہہ

---

1 خوشی
2 بَیل
3 غریب
4 مسافر
5 بانکا
6 درد

گروانگد

(1504ء-1552ء)

گرونانک کے پہلے گدی نشین سکھ مت کے دوسرے گُرو، گروانگد کے والد کا نام پھیرو تھا جو ذات کے وہن کھتری تھے۔ آپ متے دی سرائے ضلع فیروزپور میں 1504ء میں پیدا ہوئے اور 35 سال کی عمر میں گروگدی پر بیٹھے۔ آپ نے سکھ مت کی بنیاد رکھی، گورمکھی حروف ایجاد کیے اور اس بولی کا نام گورمکھی (گرو کے منہ سے نکلی ہوئی) رکھا۔ علاوہ ازیں آپ نے بابا نانک کے سفر نامے جنم ساکھی کو مکمل کیا۔ 48 برس کی عمر میں مغل بادشاہ ہمایوں کے دور میں 1552ء میں وفات پائی۔ آپ کی آخری آرام گاہ سادھ کھڈور صاحب ضلع امرتسر میں ہے۔ گرنتھ صاحب میں آپ کا کلام سب سے کم ہے۔ کلام کی نمایاں خصوصیت سادگی سچائی اور عاجزی ہے۔

O

جس پیارے سوں نیونہہ تس اگے مر چلیئے ۔۔۔ دِھرگ جیون سنسار تاں کے پاچھے جیوناں

O

جو سر سائیں نانہہ نِویں سو سر دیجے ڈار ۔۔۔ نانک جس پنجر میں برہا نہیں سو پنجر لے جار[1]

O

نال ایانے دوستی وڈا روسیوں تیوں ۔۔۔ پانی اندر لیک جیوں تس دا تھاں نہ تھیوں[2]

O

نانک چِنتا مت کرو چنتا تس ہی ہے ۔۔۔ جل میں جنت[3] اُپائے[4] کے تنہاں بھی روزی دے

O

مندا کِس نوں آکھیے جاں سبھناں صاحب ایک

---

[1] جلا دے
[2] ٹھکانہ
[3] جنتا۔ مخلوق
[4] بناکے، پیدا کرکے

گروامرداس

(1479ء۔1574ء)

تیسرے گروامرداس، تیج بان (ذات بھلہ) کے گھر 1479ء کو "باصرکے" ضلع امرتسر میں پیدا ہوئے۔ گدی نشین ہوئے اور 1574ء میں گویندوال ضلع امرتسر میں وفات پائی۔ آپ نے بھی گورونانک کی طرح وحدانیت اور پیار محبت کے اشعار کہے۔

سئیاں ایہہ نہ آکھئیں جو مڑھیاں لگ جلن
سئیاں سے ای نانک جو برہے چوٹ مرن
O
سو برہمن بھلا آکھئے جو بجھے برہم وچار
اگے جات نہ پچھیئے سائیں دے دربار
O
نانک کنت[1] نہ جانئے سے کیوں اگ جلائے
جھوٹھے چونکے نانکا اِکو سچا سوئے
ایہہ من چنچل وس نہ آوے
دُکھ روگ سنتاپ اُترے سُنے ساچی بانی

[1] خاوند

نوشہ گنج بخش
(1552ء-1654ء)

اصلی نام حاجی محمد موضع گھگھاوالی تحصیل پھالیہ (موجودہ منڈی بہاء الدین) میں پیدا ہوئے۔ آپ کے حسن اخلاق اور دینی تعلیمات سے متاثر ہو کر عوام الناس کی کثیر تعداد دائرہ اسلام میں داخل ہوئی۔ گارساں دتاسی نے اپنے خطبات میں اس حقیقت کا اعتراف کیا ہے کہ آپ کے ہاتھ پر دو لاکھ ہندوؤں نے اسلام قبول کیا۔ آپ کی سخاوت اور فیاضی کے باعث لوگ آپ کو گنج بخش کہنے لگے۔ آپ پہلے مسلمان صوفی ہیں جو شاعر ہونے کے ساتھ ساتھ پنجابی کے نثر نگار بھی تھے۔ آپ کے مواعظ کو پنجابی نثر کا قدیم ترین اور اولین نمونہ سمجھا جاتا ہے جن میں مصنف نے نرم، دھیما اور میٹھا لہجہ اختیار کرتے ہوئے دلکش انداز میں پند و نصائح کے دفاتر کھولے ہیں۔

O

دھندے مُول نہ نبڑے عمرا نبڑ گئی ‏ دنیا ہتھ نہ آئی کھپ کھپ گئے کئی
رجے راجے راؤ نہ کسی بھکھ پئی ‏ نوشہ مرشد مہر کر سوجھی آپ لئی

O

چھوٹی رات کہانی وڈی ‏ انگن چھوٹا تانی وڈی
جبھ نہ وڈی بانی وڈی ‏ نوشہ گل ربانی وڈی

O

سو فقیر جو فارغ ہوئے کرے قناعت دل دی ‏ رہے ریاضت دے وچ راضی چاہ نہ رکھے دل دی
آپ نہ توڑے کامل ہوئے مت لیے کامل دی ‏ نوشہ نعمت اندر والی مرشد باہجھ نہ ملدی

O

نت نہ ایتھے ہوونا چھڈنا ہے جہان ‏ ایہہ جگ ڈٹھا پیار یا دو دم دی گزران

O

دنیا سندی حاکمی جانن نہ درویش ‏ سچّا حاکم رب ہے جس دا حکم ہمیش

O

نوشہ ہکناں مورکھاں بندیاں لایا چت ‏ میں بلہارے اوس دے جو سب نوں دیوے نت

گرو ارجن دیو

(1563ء۔1606ء)

گرو ارجن دیو، چوتھے گرو رام داس کے بیٹے تھے جو 1563ء میں گوئیند وال ضلع امرتسر میں پیدا ہوئے۔ 18 برس کی عمر میں گدی نشین ہوئے اور 34 برس کی عمر میں 1606ء میں لاہور میں وفات پائی۔ شاہی قلعہ لاہور کے پاس ڈیرہ صاحب آپ کی سمادھی بنی۔

آپ انتہائی صلح جو اور حکمت و دانش کا مرقع تھے۔ آپ نے ہی گرو گرنتھ کو با قاعدہ کتابی شکل دی اور اس کے لیے خاصی تگ و دو کی یعنی جہاں جہاں گرنتھ صاحب موجود تھی وہ منگوا کر ایک تحقیقی منصوبے کی طرح معیاری اور مستند گرنتھ ترتیب دی اور مختلف گرو صاحبان، باوا فرید، کبیر داس، رامانند، سور داس، میرا بائی اور دیگر کے کلام کو اس میں شامل کیا۔ آپ نے خود بھی کافی شلوک کہے۔ سکھ پنتھ کو چلانے کے لیے با قاعدہ نذرانے (دسوندہ یعنی آمدن کا دسواں حصہ) وصول کرنے کی رسم جاری کی۔ اس کے علاوہ گرو رام داس کے تالاب میں ایک مندر (دربار صاحب) بنوایا اور اس کی بنیاد یعنی پہلی اینٹ حضرت میاں میر سے رکھوائی۔ یہی مندر بعد میں سکھوں کا تیرتھ بنا۔

نمونہ کلام:

تُوں کاہے ڈولے پرانیاں[1] تدھ راکھے سرجنہار
جن پیدائش تو کیا سوئی دے اڈھار[2]
جن اپائی میدنی سوئی کردا سار
گھٹ گھٹ مالک دلاں کا سچا پروردگار
کتبت قیم نہ جانیے وڈا بے پرواہ
کر بندے تُوں بندگی جچر گھٹ[3] میں ساہ
تُوں سمرتھ اگھ اگوچر جیوں پنڈ تیری راس
رحم تیری سکھ پایا سدا نانک کی ارداس[4]

[1] انسان
[2] حوصلہ
[3] سینہ
[4] نذر

شاہ حسین

(1538ء۔1599ء)

شاہ حسین 1538 میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مولوی ابو بکر سے حاصل کی بعد ازاں مولوی سعد اللہ شیخ کے شاگرد ہوئے۔ عربی فارسی کے علاوہ فقہ حدیث اور تفسیر قرآن کا علم حاصل کیا۔ مولوی سعد اللہ سے تفسیر مدارک پڑھ رہے تھے کہ قرآنی آیت "وماالحیوۃالدنیاالالھوولعب" (دنیا کی زندگی تو محض کھیل تماشا ہے) پر عجیب بے خودی سی طاری ہو گئی اور عمر کا باقی حصہ جذب و مستی میں گزار دیا اور فرقۂ ملامتیہ سے تعلق استوار کر لیا۔ شاہ حسین کو راوی پار کے گاؤں شاہدرہ کے ایک برہمن لڑکے مادھولال سے قلبی لگاؤ تھا اور وہ بھی آپ پر شیدا تھا۔ پیر مرید کی محبت یہاں تک پہنچی کہ آپ مادھولال حسین کے نام سے مشہور ہوئے۔ آپ کی وفات 1599ء میں ہوئی۔ پہلے آپ کو شاہدرہ میں دفن کیا گیا لیکن جب دریائے راوی نے مزار کا رخ کیا تو آپ کو شالامار باغ باغبانپورہ کے قریب منتقل کر دیا گیا جہاں ہر سال مارچ کے آخری ہفتہ میں "میلہ چراغاں" کے نام سے عرس منایا جاتا ہے۔ آپ کا کلام کافیوں کی صورت میں ملتا ہے۔ آپ نے ہی پنجابی شاعری کو پہلی مرتبہ کافی کی صنف سے متعارف کرایا۔ شاعری کا رنگ سراسر صوفیانہ اور معرفت کا ہے۔

اک دن تینوں سفنا تھیسن

1: اِک دِن تینوں سفنا تھیسن گلیاں بابل والیاں وو
اُڈ گئے بھور بُھلاں دے کولوں، سَن پتراں سَن ڈالیاں وو
جِت تن لگے سو ای جانے، ہور گلاں کرن سکھالیاں وو
رہ وے قاضی دل نہیوں راضی، گلاں ہوئیاں نہ ہوون والیاں وو
سو ای راتیں لیکھے پوسن، جو نال صاحب دے جالیاں وو
ناؤں حسینا تے ذات جلاہا، گاہلیاں دیندیاں تانیاں والیاں وو

متراں دی مجمانی خاطر

2: متراں دی مجمانی خاطر لہو دلے دا چھانی دا
کڈھ کلیجہ، کیتم بیرے، سو بھی لائق ناہیں تیرے
ہور توفیق نہیں کجھ میرے، پیو کٹورا پانی دا
متراں لکھ کتابت بھیجی، لگا بان پھراں تڑپھیندی
تن وچ طاقت رہی نہ مُولے، رو رو حرف پچھانی دا
تن من اپنا پرزے کیتا، تینوں مہر نہ آئی آ مِیتا
اسانوں ہور عذر نہ کوئی، چارا کیہا نمانی دا
کہے حسین فقیر نمانا، تَیں باجھوں کوئی ہور نہ جاناں
توں ای دانا، توں ای بِینا، توں ای تان نتانی دا

میں وی جھوک رانجھن دی جانا

3: میں وی جھوک رانجھن دی جانا، نال میرے کوئی چلے
پیراں پوندی، منتاں کردی، جانا تاں پیا اکلے
نَیں بھی ڈونگھی تُلا پرانا، شینہاں تاں پتن ملے
جے کوئی خبر مِتراں دی لیاوے، ہتھ دے دینی آں چھلے
راتیں درد، دیہناں درماندی، گھاؤ مِتراں دے الھے
رانجھن یار، طبیب سُنیندا، میں تن درد اَوَلّے
کہے حسین فقیر نمانا، سائیں سنیہوڑے گھلے

مائے نی میں کنھوں آکھاں

4: مائے نی میں کنھوں آکھاں، درد وچھوڑے دا حال
دھواں دُھکھے میرے مرشد والا، جاں پھولاں تاں لال
سُولاں مار دیوانی کیتی، برہوں پیا خیال
دکھاں دی روٹی، سُولاں دا سالن ، آہیں دا بالن بال
جنگل بیلے پھراں ڈھونڈیندی ، اجے نہ پایو لال
کہے حسین فقیر نمانا، ملے تاں تھیواں نہال

ربّا میرے حال دا محرم تُوں

5: ربّا میرے حال دا محرم تُوں
اندر توں ہیں، باہر تُوں ہیں، روم روم وچ تُوں
توں ہی تاناں تُوں ہی بانا، سب کُجھ میرا تُوں
کہے حسین فقیر نمانا، میں ناہیں سبھ تُوں

O

6: دھن جوانی دا مان نہ کریئے بہت سیانیاں جھلیاں
ایہہ گلیاں تینوں سُفنا تھیسن، بابل والیاں گلیاں

O

7: سجن دے ہتھ بانہہ اساڈی کیکن آکھاں چھڈ وے اڑیا
رات ہنیری بدل کنیاں باہجھ وکیلاں مُشکلاں بنیاں
ڈاہڈے کیتا سڈ وے اڑیا کیکر آکھاں چھڈ وے اڑیا
عشق محبت سو ای جانن پئی جنھاں دے ہڈ وے اڑیا

اردو ترجمہ

1: ایک دن ایسا بھی آئے گا جب تجھے بابل کی گلیاں خواب کے جیسی معلوم ہوں گی۔ پھولوں سے بھنورے اُڑ چکے (جن کی وجہ سے) پتے اور شاخیں بھی اُداس ہیں۔ جس بندے کو (غم یا زخم) لگتا ہے وہی اس کا درد محسوس کر سکتا ہے۔ باقی سب تو یونہی باتیں بناتے ہیں۔ قاضی! تو مجھ سے دور رہ، میرا دل تجھ سے مطمئن نہیں۔ جو باتیں مقدر میں لکھی ہوں وہ وقوع پذیر ہو کر رہتی ہیں۔ وہی راتیں حساب کتاب میں شمار ہوں گی جو خدا کے حضور عبادت میں بسر کی جائیں گی۔ (میرا) نام حسین ہے جبکہ ذات کا جولاہا ہوں۔ اسی لیے تانیاں والیاں (جولاہیاں یعنی اپنی برادری والیاں) مجھے دشنام طرازی کا نشانہ بنا رہی ہیں۔

2: ساجن کی میزبانی کے لئے دل کا لہُو چھاننا پڑتا ہے۔ کلیجہ نکال کر ٹکڑے ٹکڑے کر کے پیش کر رہا ہوں مگر یہ بھی تیرے لائق نہیں ہے۔ اب مجھے کچھ اور توفیق نہیں۔ پانی کا کٹورا پیو۔ محبوب کی آمد کا پیغام مل چکا ہے مگر کیا کروں بجائے خوشی کے یہ پیغام تیر بن کر دل پہ لگا ہے جس سے میں اِدھر اُدھر تڑپتی پھر رہی ہوں۔ (محبوب کے دیدار کو آنکھیں ترس گئیں جبکہ) جسم کمزور ہو گیا ہے۔ اس کمزوری کے باعث اب تو لفظ پڑھنا بھی دشوار ہو گیا ہے۔ تیرے انتظار میں رو رو کر برا حال بنا ڈالا ہے مگر تجھے مجھ پہ رحم نہیں آیا۔ میرے پاس کوئی عذر بہانہ نہیں، ویسے بھی لاچار اور کمزور کے بہانے کسی کام نہیں آتے۔ فقیر حسینؒ کہتا ہے کہ محبوب کے علاوہ وہ کسی دوسرے کو نہیں پہچانتا۔ خدایا! تو ہی کمزوروں اور بے بسوں کا سہارا اور آسرا ہے۔

3: میں نے بھی رانجھن کے دیس جانا ہے' میرے ساتھ کوئی چلے۔ (میں تو) پاؤں پڑی' منت سماجت بھی کی (لیکن) پھر بھی مجھے اکیلے ہی جانا پڑا۔ ندی بھی گہری ہے، کشتی بھی پرانی ہے اور پتن پر شیر بھی بیٹھے ہوئے ہیں۔ (ایسے میں) اگر کوئی محبوب کی خبر لائے تو اسے ہاتھ کی انگوٹھی (تحفے میں) دے دوں۔ مجھے تو راتوں کو درد نے اور دن میں پریشانیوں نے گھیر رکھا ہے۔ پیاروں کی محبت کے زخم بھی عجیب ہوتے ہیں۔ سنا ہے رانجھن یار طبیب ہے لیکن میرے جسم کے روگ تو نرالے ہیں۔ بیچارہ حسینؒ فقیر کہتا ہے محبوب نے (ملنے کے لیے) پیغامات بھیجے ہیں۔

4: اے ماں میں درد وچھوڑے کا حال کسے سناؤں۔ دامن سے مرشد والا دھواں نکل رہا ہے جب اسے ٹٹولوں تو لال نکلتے ہیں۔ مجھے درد کی مار پیٹ نے دیوانی بنا دیا ہے (اسی لیے) جدائی کا خیال دل سے نکلتا ہی نہیں۔ دکھ میری روٹی اور درد میرا سالن ہے (جبکہ) آہوں کا ایندھن جلاتی ہوں۔ جنگل اور ریگستانوں میں محبوب کو ڈھونڈ دیکھا لیکن وہ نہ ملا۔ بیچارہ حسین فقیر کہتا ہے محبوب ملے گا تو سرخرو کہلاؤں گی۔

چار کافیوں کا منظوم اُردو ترجمہ

جس کو عاشق بننا ہے بس وہ ہی عشق رچائے
عشق کا رستہ سوئی کا ناکا، دھاگا ہو تو جائے
ظاہر پاک، اندر آلودہ، زاہد کیا کہلائے؟
کہے حسین، جو صاف رکھے دل عزت اس کو جائے

O

میرے دل کے حال کا محرم، اے میرے رب تو
اندر تو ہے، باہر تو ہے، دیکھوں جس ڈھب تو
تو ہی تانا، تو ہی بانا، سب کچھ ہے اب تو
شاہ حسین، کہے بیچارہ میں ناہیں سب تو

O

سن ری پگلی موند نہ آنکھیں سمے گزرتا جائے
یہ دُنیا دو چار دنوں کی انت کوئی نہ پائے
دولت دُنیا، رُوپ جوانی ڈھلتے بڑھتے سائے
شاہ حسین، اب کیوں نہ بچارا اللہ کے گُن گائے

O

ان نینوں کی بات میں آگئے، اب کیا حال سنائیں
سکھیو پاک نگاہوں والے، کبھی نہ ٹھوکر کھائیں
کالے کاگ سفید نہ ہوں گو لاکھ وہ رنگ چڑھائیں
شاہ حسین شہادت ان کی، پیار میں جو مر جائیں

(منظوم اُردو ترجمہ: شفیع عقیل)

سلطان باہوؒ

(1629ء-1690ء)

حضرت سلطان باہو کو پنجابی کے صوفی شعرا میں بلند مقام حاصل ہے۔ آپ بازید محمد کے گھر شور کوٹ ضلع جھنگ میں پیدا ہوئے جنہیں عسکری خدمات کے عوض شور کوٹ میں مغل بادشاہ شاہجہان کی طرف سے جاگیر عطا ہوئی تھی۔ آپ نے فارسی میں 140 کتب تحریر کیں جبکہ پنجابی ابیات کی ایک ہی کتاب ہے جو ان کی اصل شہرت کا باعث بنی۔ آپ کی پنجابی شاعری میں معرفت کی باتیں کی گئی ہیں۔ اسلوب سادہ ہے، فقر اور وحدانیت کا درس زیادہ ہے۔

الف: اللہ چنبے دی بوٹی مرشد مَن میرے وچ لائی ہُو
نفی اثبات دا پانی مِلیس ہر رَگے ہر جائی ہُو
اندر بوٹی مُشک مچایا جاں پھَلن پر آئی ہُو
جیوے مرشد کامل باہوؒ جیں ایہہ بُوٹی لائی ہُو

O

چڑھ چنّاں توں کر رُشنائی ذکر کریندے تارے ہُو
گلیاں دے وچ پھرن نمانے لعلاں دے ونجارے ہُو
شالا مسافر کوئی نہ تھیوے ککھ جنہاں تھیں بھارے ہُو
تاڑی مار اُڈا نہ باہوؒ اسیں آپے اُڈن ہارے ہُو

O

پڑھ پڑھ علم ہزار کتاباں عالم ہوئے سارے ہُو
اِک حرف عشق دا پڑھ نہ جانن بُھلّے پھِرن بیچارے ہُو
اک نگاہ جے عاشق دیکھے لکھ ہزاراں تارے ہُو
لکھ نگاہ جے عالم ویکھے کسے نہ کدّھی چاہڑے ہُو

اِیہہ تن میرا چشماں ہووے مَیں مرشد دیکھ نہ رَجّاں ہُو
لُوں لُوں دے مُڈھ لکھ لکھ چشماں اِک کھوہلاں اک کجّاں ہُو
اِتنیاں ڈِٹھیاں صبر نہ آوے ہور کِتے وَل بھجّاں ہُو
مرشد تیرا دیدار ہے باہُو مینوں لکھ کروڑاں حجّان ہو

O

ایہہ تن رب سچے دا حجرہ وِچ پا فقیرا جھاتی ہُو
نہ کر مِنّت خواج خِضر دی تیرے اندر آب حیاتی ہُو
شوق دا دِیوا بال ہنیرے متاں لبھّے وَست کھڑاتی ہُو
مَرن تھیں مَر رہے اَگّے باہوؔ جنہاں حق دی رمز پچھاتی ہُو

O

یار یگانہ مِل سی تینوں جے سِر دی بازی لائیں ہُو
عشق اللہ وِچ ہو مستانہ ہُو ہُو سدا، اَلائیں ہُو
نال تصوّر اِسم اللہ دے دم نوں قید لگائیں ہُو
ذاتے نال جاں ذاتے رَلیا تد باہوؔ نام سدائیں ہو

O

دل دریا سمندروں ڈونگھے کون دلاں دی جانے ہو
وِچے بیڑے وِچے جھیڑے وِچے ونجھ مہانے ہو
چوداں طبق دلے دے اندر تنبو وانگن تانے ہو
جو دل دا محرم ہووے باہو، سو ای رب پچھانے ہو

O

نال کُسنگی سنگ نہ کریئے کُل نُوں لاج نہ لایئے ہُو
مُول تُمّے تربوز نہ ہُندے توڑے توڑ مکّے لَے جایئے ہُو
کانواں دے بچّے ہنس نہ تھیندے توڑے موتی چوگ چُگایئے ہُو
کَوڑے کُھوہ نہ مِٹھّے ہوُندے باھوؔ بھاویں سے مناں کھنڈ پایئے ہُو

چند ابیات کا منظوم اُردو ترجمہ

O

دل دریا ساگر سے گہرا، کون دلوں کی جانے ہو
اس میں بیڑے، اس میں طوفاں اور بھنور مستانے ہو
چودہ طبق اسی کے اندر، جیسے خیمے تانے ہو
دل کا محرم وہ ہے باہو، رب کو جو پہچانے ہو

O

ساجن نے جو آگ لگائی، اس کو کون بجھائے ہو
میں کیا جانوں پیار سکھی، جو در در مجھے جھکائے ہو
نا سوئے نا سونے دے یہ، نیند میں آن جگائے ہو
باہو اس پر صدقے میں جو بچھڑا یار ملائے ہو

O

چڑھ اے چاند اجالا کر دے، راہ تکیں اب تارے ہُو
تجھ سے چاند ہزاروں نکلیں، ساجن بن اندھیارے ہُو
میرا چاند اگر تو دیکھے، بھولیں نخرے سارے ہُو
جس پر جان لٹائی باہو، اس کو پیار پکارے ہُو

O

دل سے ہے منہ کالا اچھا، کوئی اگر یہ جانے ہُو
منہ کالا دل اچھا جس کا یار اسے پہچانے ہُو
اے دل یار کے پیچھے ہو جا، شاید کبھی وہ مانے ہُو
باہو، عالم مسجد چھوڑیں، دل جب لگے ٹھکانے ہُو

O

عشق کا دریا تیرنے والے ہوتے ہیں دل والے ہُو
اس میں لہریں ٹھاٹھیں ماریں، ڈرے، قدم نہ ڈالے ہُو
لاکھ بلائیں گھوم رہی ہیں، اپنا آپ سنبھالے ہُو
باہُو، نام فقیری میں ہو، تن من اپنا گالے ہُو

O

سوزنے دل کو پھونک جلایا دکھوں نے ڈیرے لائے ہُو
کوئل بن کے کوک رہا ہوں، مولا مینہہ برسائے ہو
بول پپیہے ساون آیا، رت خالی نہ جائے ہُو
باہو، ثابت قدم بڑھیں گے، تجھ کو یار بتائے ہُو

O

پڑھ پڑھ حافظ کریں تکبر مُلّا کریں بڑائی ہُو
گلیوں میں یوں دونوں گھومیں بغل کتاب چھپائی ہُو
جہاں نوالہ تر یہ دیکھیں، وہیں پہ رات بتائی ہو
باہو، دونوں جہاں میں بھولا، جس نے نیکی کھائی ہو

(منظوم اُردو ترجمہ: شفیع عقیل)

عبداللہ عبدی

محمد عبداللہ عبدی نے مغل شہنشاہ اکبر کے آخری دور میں میاں جان محمد کے ہاں ملکہ ہانس تحصیل پاک پتن میں جنم لیا۔ بعد ازاں لاہور آ گئے اور باقی عمر یہیں بسر کی۔ تقریباً 70 برس تک شاعری کی۔ قرآن مجید کے حافظ تھے۔ فقہ کے مسئلے پر 12 رسالے لکھے۔ "باراں انواع" کئی مرتبہ شائع ہوئی۔

O

اساں عشق رب دا ہتھ نہ آوے کر کر تھکے زاری
جدھر کدھر دھکے کھے تھیے نال خواری
موت عبداللہ نیڑے آئی ساعت گھڑی ٹکانا
جو فرمایا پاک منزہ عزرائیل دکھانا

O

پچھ عبداللہ جوانی تائیں کیا کجھ میرا حال
جو ہر خوبی تیری آہی کا نہ رہیا سال
جیویں گھن دی کھاہدی لکڑی پئی ترکھانے وَس
جوہر خوبی میری آہی پیری کھڑیا کھس

O

عبدی ملک الٰہی طلب کریسن کیا توں آندا
جے کجھ پلے چنگا کھڑسیں نہ تھیسیں درماندا
کاہل عبد عبادت اندر ذرا خاص نہ ہو
عیب اساڈے ونجھن دھوتے جو خالق لاہے دھو
ہور امید نہ کیجے کائی باجھ امید الٰہی
رب صاحب جس دنیا خلقی حد قدیمی آہی

جھلن جٹ

(وفات 1644ء)

جھلن ذات کے جاٹ اور امر تسر کے رہائشی تھے۔ جہانگیر کے دور میں جنم ہوا اور 1644ء میں وفات پائی۔ لارڈ میکالف اپنی کتاب "The Sikh Religion" جلد چہارم کے ص 144 پر لکھتے ہیں کہ جھلن اور اس کی بیوی راکی نے گورو گوبند سنگھ کے چرنوں میں بیٹھ کر معرفت کا جام پیا۔

O

نکِے ہندیاں ڈھگے چارے وڈے ہو ہل واہیا
بڈھے ہو کے مالا پھیری رب دا اُلاہما لاہیا
وڈا کیکر وڈھ کے جپ مال بنایا
اُچے ٹِبے بہہ کے ٹھاہ ٹھاہ وجایا
لوکاں دیاں جپ مالیاں جھلن دا جپ مال
ساری عمر جپیندیاں اِک نہ کھتھا وال

O

اَن ووہٹی اَن لاڑھا اَن دا ویاہ سارا
اَن موٹا اَن گاڑھا اَن روئے اَن ہَسّے
جھلنؔ جس گھر نہ پکے نہ کوئی روئے نہ کوئی ہَسّے

O

پُتّاں نوں لے گئیاں نونہاں دھیاں نوں لے گئے ہور
بڈھا بڈھی ایوں بیٹھے جیوں سنھ لا گئے چور

پیلو

(1580ء۔1675ء)

پیلو کے بارے میں کچھ زیادہ معلومات دستیاب نہیں سوائے اس کے کہ امرتسر کے رہائشی تھے۔ آپ نے سب سے پہلے مرزا صاحباں کا قصہ پنجابی میں نظم کیا جو میراثیوں کو زبانی یاد تھا۔ بعد ازاں سر رچرڈ ٹمپل نے انہی میراثیوں سے یہ قصہ سن کر رومن حروف میں اپنی کتاب "لیجنڈز آف پنجاب" میں شامل کیا اور بعد کے محققین کو وہیں سے دستیاب ہوا۔ موجودہ صورت میں یہ قصہ مختصر اور نامکمل ہے اور اس کے کئی حصے غائب ہیں مگر مجموعی تاثر میں یہ ابھی تک ایسا جاندار ہے کہ پنجابی داستانوں میں منفرد حیثیت کا حامل ہے۔ پیلو نے اسے کہیں مکالمے کی صورت میں لکھا ہے اور کہیں کہانی کے انداز میں' تاہم اندازِ بیان ڈرامائی ہے۔

O

کڈھ کلیجہ لے گئی خان کھیوے دی دھی
گز گز لمیّاں مِیڈھیاں رنگ جو گوری سی
جے دیوے پیالہ زہر دا میں مرزا لیندا پی
جے مارے برچھی کس کے کدی نہ کرساں سی

O

مرزا پھل گلاب دا میری جھولی آن پیا
میں بھل بھلیکھے سُنگھیا جٹ ہَڈیّں ڈھا گیا

O

چڑھدے مرزے خان نوں ونجھل دیندا مت
بھٹھ رناں دی دوستی' کُھریں جنھاں دی مَت
ہس ہس لوندیاں یاریاں رو رو دیندیاں دس
جس گھر لایئے دوستی' مول نہ گھتیے لت
سُٹی ہتھ نہیں آوندی دانشمنداں دی پت

O

چڑھدے مرزے خان نوں، متاں دیوے ماں
بُرے سیالاں دے معاملے، بری سیالاں دی راہ
بُریاں سیالاں دیاں عورتاں لیندیاں جادو پا
کڈھ کلیجہ کھاندیاں، میرے جھاٹے تیل نہ پا
رن دی خاطر چلیا، آویں جان گنوا
آکھے میرے لگ جا، اگے پیر نہ پا

O

صاحباں لیون تیل نوں آ گئی پساری ہٹ
اوہ پھڑ نہ جانے تکڑی، ہاڑ نہ جانے وَٹ
تیل بھلاوے بانیا، دیوے شہد اُلٹ
وڑنج گوائے بانیا، بلد گوائے جٹ

O

بُرا کیتو ای صاحباں میرا ترکش ٹنگیا جنڈ
تن سو کانی مرزے جوان دی، دیندا سیالاں نوں ونڈ
پہلی ماردا وِیر شمیر نوں، دوجی کلے دے تنگ
تیجی مار دا جوڑ کے، جیس دی ہیں توں منگ
سروں منڈاسا لہہ گیا، گل وچ پے گئی جنڈ
باجھ بھرانواں ماریا، کوئی نہ مرزے سنگ

O

بہہ بہہ گئیاں مجلساں لگ لگ گئے دیوان
مرزا ماریا ملک الموت دا کُجھ ماریا اوہنوں گمان
وچ قبراں دے کھپ گیا مرزا سوہنا جوان
ایہہ قصہ پیلو جوڑیا جنھوں جانے جگ جہان

O

دساں مہینیاں دا گھیو دِتّا بکّی دے ڈھڈپا
بکّی تُوں ڈرن فرشتے میتھوں ڈرے خدا

منتخب کلام کا منظوم اُردو ترجمہ

کھیوے خان کی بیٹی صاحباں مرزے کو تڑپائے
گز گز لمبی مینڈی اس کی، گورا رنگ سہائے
زہر پیالہ دے دے اگر وہ، مرزا یہ پی جائے
اگر وہ بلم مارے اس کو، لبوں پہ اف نہ لائے
''اپنی موت میں آپ مروں گا، کسی کا کچھ نہ جائے''

گھر سے مرزا چلنے لگا تو باپ اسے سمجھائے
''بھاڑ میں جائے نار کی یاری'' عقل نہ اس کو آئے
ہنس ہنس یار بنا لے پہلے، رو رو پھر بتلائے
جس گھر پیار کا ناتا جوڑے اس گھر کبھی نہ جائے
''دانش مند کی عزت کھو کر لاکھوں میں نہ آئے''

راجہ روئے راج کو جگ میں، چور کو چوری بھائے
گوری روئے روپ کو اپنے، مور کو پیر رلائے
گھر سے مرزا چلنے لگا توماں اس کی سمجھائے
''سانپ اور شیر سے یاری کر کے ہر کوئی پچھتائے
''کھَولے تیل کڑھائی میں اور شعلہ سر تک آئے''

''اپنی منگیتر کوئی نہ چھوڑے، بیوی چھوڑی جائے
اگر منگیتر چھوڑ دی میں نے دنیا ہنسی اڑائے
میں مرزا وہ صاحباں، میری جگ میں شہرت پائے''
گھر سے مرزا چلنے لگا تو ماں پھر یہ سمجھائے
''چور اور یار سے اپنے دل کا ہر دم راز چھپائے''

(منظوم اُردو ترجمہ: شفیع عقیل)

حافظ برخوردار

(پ1030ہجری)

حافظ برخوردار ضلع سرگودھا کے ایک گاؤں مسلمانی میں عہد عالمگیر میں پیدا ہوئے۔ قرآن کے حافظ تھے۔ جوانی میں لاہور آ گئے مگر جلد ہی سیالکوٹ کو اپنا مستقل مسکن بنالیا اور وہیں وفات پائی۔ حافظ برخوردار کی 20 سے زائد تصانیف بتائی جاتی ہیں جن میں سے ایک قصہ مرزا صاحباں بھی ہے۔ تاہم حافظ برخوردار کے قصے اور پیلو کے قصے کی بحر ملتی جلتی ہے اور بعض جگہ مصرعے ایک دوسرے سے ٹکراتے نظر آتے ہیں۔

قصہ مرزا صاحباں

صاحباں رنگ مجیٹھ دا جیوں جیوں دھرت رنگن
اُہدی جُتّی دے دو اَلیّاں دو بطخاں چوگ چگن
اُسدا قد سکیم تن وچ تِرکل وٹ پون
اتے نک کنڈی دا پپلا زلفاں ناگ پلن
اُہدیاں سرخ لباں دند اُجلے جیوں موتی لال بھَخن
جاں گل کریندی ہس کے مُونہوں پُھل جھڑن
صاحباں دے ترکھے نین کٹاریاں دسر گھا کرن
جیوں تیزی سورج ساہمنے لاٹاں نین مچن
اُہدے پٹ چندن دیاں گیلیاں چنگے مُشک چھڑن
اُسدی دُھنّی تنگ شراب دی عاشق گھٹ پیون
اُسدے سینے تے دو ڈبیاں عاشق مَست کرن
اُپر بھوچھن کاہڈواں تلیئر چوگ چگن!

O

چڑھدے مرزے خاں نوں اگوں مادر دیوے مت
جائے بگانی نار نوں مورکھ پاوے ہتھ!

لکھیں ہتھ نہ آوندی دانشمنداں دی پت
میں بکرا دیساں پیر دا جو گھر آوے مُڑوَت
بُرا کیتوئی صاحباں مرا ترکش ٹنگیو ای جنڈ
مرا جیون بہت محال ہے پرتوں وی ہوسیں رنڈ

منتخب کلام کا منظوم اُردو ترجمہ

عشق کا دریا بہتا جائے عاشق خوب نہائیں
اس میں پیار کے لاکھوں بیڑے ہر دم بہتے جائیں
کھیوے خان کی بیٹی جس سے حوریں بھی شرمائیں
اس کا روپ جو پریاں دیکھیں اپنے ہوش گنوائیں
سرو سا قد اور بازو پھیلے، کونج کی یاد دلائیں
دونوں ہونٹ شراب کے پیالے عاشق مست بنائیں
بازوں جیسے نین دو خونی، دل میں کُھبتے جائیں
رہ رہ دل پر وار کریں اور خون کے گھونٹ پلائیں
پلکوں کا جب ترکش کھولے، نظریں لوٹ مچائیں
دل والوں پر باندھ نشانے تیر پہ تیر چلائیں
کاجل بِن ہی سرمئی آنکھیں گھائل کرتی جائیں
کاجل کی جو دھار لگا لیں سب کو دار چڑھائیں
اس کا ماتھا امبر جس سے حسن کی کرنیں آئیں
پان سے پتلے ہونٹ رسیلے رنگ پہ رنگ چڑھائیں
(منظوم اُردو ترجمہ: شفیع عقیل)

سُتھرا شاہ

(پ۔1615ء)

ستھرا شاہ، گورو گوبند سنگھ کے آخری دور میں 1615ء کو پٹیالہ کے ایک گاؤں میں پیدا ہوا۔ شروع سے ہی مزاج میں شگفتگی پائی جاتی تھی۔ لمبی عمر تک زندہ رہے۔

O

آر گنگا پار گنگا وچ میں تے توں
لہناں لیناں ستھریا ناسیں دے کے دھوں

O

لوک ڈراون کارنے کیہ توں بھیکھ بنایا
نرِ اُدم ٹکڑا کھاوناں بابا نام سدایا
جیوں جیوں چڑھن شیرینیاں تیوں تیوں وَدھ دا جا
دے دعائیں کھلیاں اگلی گل نہ کا

O

ڈھول وجے گھر لُٹیے' لوکی کہن ویاہ
صاحب ارتھ نہ بجھئیو ہویا مکھ سیاہ
جت دن لیکھا منگیے گل پلو منہ گھاہ
سُتھریا راہوں کُھتھیا وڈا تنھاں نوں واہ

بھائی گورداس

(1559ء۔1637ء)

بھائی گورداس، تیسرے گرو امر داس جی کے بھتیجے تھے۔ امرتسر میں جنم لیا۔ سنسکرت، فارسی اور ہندی کی تعلیم حاصل کی۔ پیدائشی شاعر تھے۔ آپ نے 39 واریں اور 556 کبت لکھے۔ پانچویں گرو ارجن دیو نے معیاری گرنتھ آپ سے لکھوا کر تیار کی۔ آپ نے اپنے کلام میں ضرب الامثال، محاورات اور تشبیہات نہایت عمدہ انداز سے استعمال کی ہیں۔

O

گدڑ داکھ نہ اَپڑے آکھے تھوہ کوڑی
نچن نچ نہ جانے آکھے بھوئیں سَوڑی
بولے اگے گاویئے بھیروں سو گوڑی
ہنساں نال ٹیٹری کیویں پہنچے دوڑی
ساون دن ہریاولے اک جمے روڑی
بے مکھ سکھ نہ دیکھیے جیوں چھٹڑ چھوڑی

O

لیلیٰ مجنوں عاشقی چوہ چکی جاتی
سورٹھ بیجا گاویئے جس سگھڑا داتی
مہینوال نوں سوہنی لے تُردی راتی
رانجھا ہیر بکھا نئے اُہ پرم پراتی
پیر مریداں پرہڑی گاوٗں پربھاتی

بہاری لال بہاری

بہاری لال بہاری گُرو گوبند سنگھ کے 52 شعرا میں سے ایک تھے۔ ان کے بارے میں مزید معلومات ناپید ہیں، البتہ مختلف تذکروں میں ان کا کلام موجود ہے۔

O

عاشق عاشق سبھ کوئی آکھے ٹیڈھی پگڑی دھر کے
سر توں پرے عشق دا ڈیرا سبھ مڑ آئے ڈر کے
مان متی تے خودی تکبر کوئی نہ رہیو جر کے
سجناں دے اُچے محل بہاری کوئی عاشق پہتا مر کے

O

ہائے محبت کیہی لائی میرے سینے اندر رڑکے
جیوں جیوں ویکھاں باغ ماہی دا میرے اندر آتش بھڑکے
انبڑی جِھڑکے مینوں بابل مارے مینوں وِیر بلاون لڑ کے
ایس وچھوڑے دی آتش کولوں دم نکل جائے گا سڑ کے

O

اماں نی میں مردی جاواں میرے اُٹھّن سُول کلیجے
برہوں قصائی' اندر وڑیا جِند کیتی ریجے ریجے[1]
جس دن دی گھر کھیڑے دے آئی سکھ نہ سُتّی سیجے
تنہاں توں قربان بہاری جو چاک اساتھے بھیجے

[1] ریجے ریجے: ریزہ ریزہ

شاہ ظریف

(غ1044ھ-1120ھ)

لاہور کے رہنے والے شاہ ظریف اہلِ بیت سے پیار کرنے والے درویش طبع اور فقیرانہ خیالات کے حامل شاعر تھے۔ میاں رکن دین کے علاوہ بھی ان کے کئی شاگرد تھے۔ صرف حضرت علیؓ کی مدح میں چھپا ہوا کلام دستیاب ہو سکا۔

O

ک: کوہڑیاں دے دُکھ دُور ہندے جدوں علیؓ دا نام دھیاوندے جی!
روشن ہُندیاں اکھیاں اُہناں دیاں جو سرمہ علی دی دُھوڑ دا پاوندے جی
بیٹے بخشدا اونتر نکھتریاں نوں لورِی دیندے تے گود کھڈاوندے جی
ظریف کپڑے بخشدا ننگیاں نوں بھکھے رج کے طعام نوں کھاوندے جی

سید غلام قادر شاہ

(پ1107ھ)

سید غلام قادر شاہ نے 1107ھ میں بٹالہ میں جنم لیا۔ والد عربی اور فارسی کے بہت بڑے عالم تھے چنانچہ عربی، فارسی، منطق، فلسفہ، فقہ، حدیث کی تعلیم ورثے میں ملی۔ دربار قادریہ فاضلیہ کے بانی تھے۔ فارسی، اُردو اور پنجابی میں شعر کہتے تھے۔

O

غ: غور کرو وچ آپنے ہی یار وِچ تساڈڑے وسدا اے
تُسیں جنگلیں جائیکے ڈھونڈدے او وچ سینے دے بیٹھا اوہ ہسدا اے
وارو وار سٹی پیا آپنے تھوں راہ آپنا آپ ہی دَسدا اے
میں تاں ویکھ لیا تُسیں ویکھ لئو رُوم رُوم دے وچ اوہ وسدا اے

احمد کوی

(1768ء-1845ء)

احمد یار جلال پور جٹاں ضلع گجرات کے ایک قادر الکلام اور کثیر التصنیف شاعر تھے جنہوں نے لمّبی بحر میں ہیر لکھی جو 183 بندوں پر مشتمل ہے۔ احمد یار کے ہیر رانجھے کے قصے میں بے شمار ایسے اشعار ہیں جو وارث شاہ کی ہیر کی ٹکر کے ہیں۔ دونوں کے قصے کا پلاٹ بھی ایک جیسا ہی ہے سوائے اختتام کے۔ بقول مولا بخش کشتہ احمد یار نے ہیر کا نقشہ بنایا اور وارث شاہ نے اس میں رنگ بھرا۔

قصہ ہیر رانجھا سے نمونۂ کلام

O

قید زلف زنجیر دی پیا جوگی تیرا کٹھڑا برہاں بیراگ ہیرے
رنگ زرد تے سُک کے کاٹھ ہویا سوز ہجر دا جگر وچ داگ ہیرے
تن آدمی دے سُکھ دلے ناہیں جنھوں چمبڑے عشق دا ناگ ہیرے
تیرے طلب دیدار دے دیکھنے نوں آیا کوہ وناستی جھاگ ہیرے

O

نظر باز پھردا وچ کھیڑیاں دے اتے اتنیں پاوندا جھاتیاں نی
اِک ہسدیاں کھیڈدیاں گاوندیاں نیں اِک بیٹھیاں چُپ چپاتیاں نی
کوئی ساولیاں نے کوئی گوریاں نی کوئی لمیاں کوئی سنگھاتیاں نی
اِک بھننے دن انوپ کُڑیاں اِک سوہنیاں نیں اِک داتیاں نی
اِک نظر چھپا کے ویکھدیاں نیں اِک ظاہرا ماردیاں کاتیاں نی
اِک کڈھ گھنگھٹ شرماندیاں نی اِک کھول دکھاندیاں چھاتیاں نی
کوئی ویاہیاں کوئی کواریاں نیں سبھے رنگ بھریاں دسن ماتیاں نی
کدھروں آیوں وے راولا جاہ کدے مِل ناتھ نوں پُچھ دیاں باتیاں نی

سہتی:

تیرا عجب سلوک ہے منگنے دا کھرے تِکھڑے وَین الاوناں ہیں
تیرا ڈھنگ ناہیں کوئی جوگیاندا گھریں وڑے تے جھاتیاں پاوناں ہیں
بَوہ بھیکھیا' مکریا' راولا وے پردیس دی لاف سناوناں ہیں
چھیل چھدر جیہا تینوں ویکھنی ہاں سوال کرے تے بولیاں لاوناں ہیں
نواں جوگ لئیو' بری نظر تیری کہیا جوبنے روپ وکھاوناں ہیں
پہلے لاف ماریں پردیسیاں دی ناؤں ہیر دا کیونکر جاناں ہیں

O

روز جمعے دے ترنجناں مِلی چھٹی سبھے ندی تے چلیاں نہاونے نوں
صندلیں بھنیاں نیں نال ڈومنیاں رنگ رنگ دے راگ سناونے نوں
اِک کھتریٹیاں اِک برہمنیٹیاں نیں اِک مکریٹیاں چتر سداونے نوں
اِک نٹنیاں اِک اچھیٹیاں نیں اِک کمرہیٹیاں جھمرے پاونے نوں
اِک منہاریاں اِک بھٹیاریاں نیں اِک کھٹھیاریاں بولیاں لاونے نوں
سبھے آپنے آپنے حال وچ مست کوئی جوبنے روپ وکھاونے نوں
راہ جاندیاں نوں دھوآں نظر آیا متا کیتو نیں پھول مچاونے نوں
وانگ لشکری دھوئیں دے گرد ہوئیاں پھول گھتیا نے کھورو پاونے نوں

O

رانجھاہیر نوں:

پیر آپنے کہی میں آپ ماری میری سُنے ہُن کون فریاد ہیرے
تدوں ستھروں نذر کر جان دی سیں جدوں رچی سیں ایت سواد ہیرے
ناں تھاں گراں دا بھل گیا تینوں ذرا نہ آوندا یاد ہیرے
میں تے تخت ہزارے دا چودھری ساں ست پیہرڑیا اصل بنیاد ہیرے
وَخت پیاں نہ جان دی حال میرا نظر آیا تیرا اعتقاد ہیرے

O

ڈٹھے حاجیاں مکے دے راہ تتنے رانجھا ہیر تے نال ای مجھ بوری
رانجھا راہ دکھائیندا حاجیاں نوں ہیر ونڈدی لنگر چوں پئی چوری

علی حیدر ملتانی

(1690ء-1785ء)

علی حیدر موضوع چونترہ ضلع ملتان کے رہنے والے وحدانیت کے عکاس، عالم فاضل اور صوفی بزرگ تھے۔ انتہائی عمدہ دوہڑے لکھے۔ کافیاں، باراں ماہ اور سی حرفیاں بھی مشہور ہوئیں۔ زیادہ کلام سرائیکی میں ہے۔

O

ع۔ عشق جنہاندڑے خیال پیا مسجد چھوڑ کتاباں نوں ٹھپ گئے نی
کاغذ پاڑ کے چا ویران کیتے اتے قلم دواتاں نوں کپ گئے نی
اگے قہقہہ دیوار دی کندھ آہی چھالیں مار کے اُتوں دی ٹپ گئے نی
رنگن چڑھی وے حیدر رسول والی جنہاں رپناں سی سوئی رپ گئے نی

O

الف۔ اندر گھونگھٹ دے ماریا ای ویکھاں گھونگھٹ اتاریاں ہووے گا کیا
تینڈی گُندھی مینڈھی اندھیر پایا ویکھاں وَل اُتاریاں ہووے گا کیا
تیغ وچ میان دو ٹک کیتا ویکھاں دھو الاریاں ہووے گا کیا
علی حیدرا پچھ پیاریاں نوں ساہنوں لا لا لاریاں ہووے گا کیا

O

ع۔ علم دا پڑھنا نیک بہوں پر عشقے دی گل انوکھڑی اے
چن تے سورج دی روشنی بہوں پر یار دی جھات انوکھڑی اے
شب قدر دی رات بھی بہوں چنگی پر وصل دی رات انوکھڑی اے
مشکل گھاتاں سبھے اوہ حیدر پر برہوں دی گھات انوکھڑی اے

O

د۔درشن تیرے نے درس بھلائے مُلّاں مفتیاں قاضیاں نوں
صرفی نحوی بھل بھل جاندے پڑھن مضارع ماضیاں نوں

خط تساڈے دے خط جو ڈٹھیاں بُھلّے بیاض بیاضیاں نوں
حیدر یار دے درشن کیتیاں ای بُھلّے نفل نماز نمازیاں نوں
O
ع۔عشق دی منزل اوکھی ہے متاں سوکھی ڈیکھ تے بُھل پوویں
اگوں سَے کوہاں دے پندھڑے نی متاں پیر پیادہ جُل پوویں
رات اندھاری تے راہ نہ کوئی متاں وچ اُجاڑ دے رُل پوویں
علی حیدرا لکھاں دی قیمت تیڈی متاں ونج کوڈی دا مُل پوویں
O
ج۔جوڑ کے جانی ویران کیتا' ربا پاویں نہ وچھوڑا بیلیاں دا
مَیلے ویس پھراں وچ گلیاں دے سوہنے یار باجھوں رنگ تیلیاں دا
دلدار توں وچھڑیاں مدت ہوئی سُنج ڈِسدا حال حویلیاں دا
علی حیدر میاں کریں جلد پھیرا دل سِکدا سنگ سہیلیاں دا
O
ع۔عشق شراب دی چڑھی مستی کھیڈاں بُھلدیاں بُھلدیاں بُھل گئیاں
مینڈھی گُندھی ہئی عطر پھلیل والی زلفاں کُھلدیاں کُھلدیاں کُھل گئیاں
سرمہ پایا سی یار دے ویکھنے نوں ہنجوں ڈُھلدیاں ڈُھلدیاں ڈُھل گئیاں
علی حیدرا یار پیارے باجھوں ہڈیاں رُلدیاں رُلدیاں رُل گئیاں
O
الف۔ اِتھے اُتھے اساں آس تیڈی اتے آسرا تیڈڑے زوردا ای
منجھیں سب حوالڑے تیڈڑے نی اَساں خوف نہ کالڑے چور دا ای
توں جان سوال جواب سبھو سانوں ہَول نہ اوکھڑی گوردا ای
علی حیدر نوں سِک تیڈڑی اے تیڈے باجھ نہ سائل ہور دا ای
O

O

ب۔ بناں لگیاں اکھیاں رہن ناہیں کسے شہر محبوب دے دَسیے جی
اوہ شہر کیہڑا جتّھے عشق ناہیں دُنیا چھوڑ کتے وَل نسیے جی
کچی نار دے نال نہ نیوں لائیے کچی نار دے نال نہ ہسئے جی
دل وچ کھوٹ رکھے مونہوں ہس بولے کچے یار نوں بھیت نہ دسیے جی

O

ف۔ فالاں پواندڑی نت پھراں پئی تینڈڑا راہ تکینیاں مَیں
اَکھ پھڑکے تے تن جند پوے کاں کوٹھیاں اُتوں اُڈینیاں مَیں
چرخہ گُھوکے تے ماہل ملیندی دسے سن سن کے جیو دھرینیاں مَیں
علی حیدرؔ آکھیں جا ڈھولنے نوں کئی کر کر حیلڑے جینیاں مَیں

O

ہ۔ ہوش نہ چھڈی عشق تیرے اَتے اِس وِچ بہت دلگیریاں نی
جنھاں عشق دی چولڑی رنگ لئی اوہناں چِٹیاں چادراں چیریاں نی

O

ل۔ لگیاں اکھیاں رہن ناہیں کسے شہر محبوب دے وسیے جی
اوہ جگہ کیہڑی جتھے عشق ناہیں دُنیا چھوڑ کتے وَل نسیے جی
کچّی نار دے نال نہ نیوں لائیے، ہوچھے یار دے نال نہ ہسیے.جی
علی حیدر میاں دل اِک ہووے بھاویں سو کوہاں اُتے وسیے جی

O

خ۔ خوشی وسّے اوہ دیس راوی، جتّھے وسدیاں کُل کنواریاں نی
گھڑا گِھن کے ڈھاکاں تے چا ٹُرن اوہ تاں دو نیناں دیاں ماریاں نی
ونج ونج وے نینگرا چھیڑناہیں متاں آون اساڈیاں واریاں نی
اوڑک عشق کنوں علی حیدر کیہ حاصل جِیں جتیاں بازیاں ہاریاں نی

چند چو مصرعوں کا منظّوم اُردو ترجمہ

O

جیسے بادل برس رہے ہوں، ایسے برسیں نین
کبھی نہ پاگل ہنس کر دیکھیں، روئیں کر کر بین
جی کا بھید نہ کھولیں مجھ پر، گھائل ہوں دن رین
حیدر پوچھو نینوں سے اب، ہوئے ہیں کیوں بے چین

O

فال نکالوں، رستہ دیکھوں، تجھ کو ڈھونڈنے جاؤں
آنکھ پھڑک کر آس بندھائے، اٹھ اٹھ کاگ اڑاؤں
چرخہ روں روں کرے تو اس سے تیری سن گن پاؤں
حیدر کہنا ساجن سے اب کب تک دھوکے کھاؤں

O

نینوں کی تلوار نگاہ ہے، پلکیں تیر چلائیں
تاک میں دونوں بھویں ہیں بیٹھیں، غمزے چڑھ چڑھ آئیں
یہ ایرانی، نادر، ظالم، قتل سے نا شرمائیں
دل کی دلی لوٹ لی حیدر، اب کیوں ہمیں ستائیں

O

یار بھی ڈھونڈے، خوف بھی آئے، طعنوں سے گھبرائے
نین لگائے، پیار بھی چاہے، لاج بھی تجھ کو آئے
دل میں چاہے گلے لگے اور گھونگھٹ میں شرمائے
حیدر تجھ سے کہے ری پگلی! دل کیوں توڑ کے جائے

(منظوم اُردو ترجمہ: شفیع عقیل)

مولوی جان محمد گداز

متوسط دور کے اس سرائیکی شاعر نے تین عمدہ سی حرفیاں لکھیں جن میں سے ایک ”سوال جواب مادر و دختر“ ہے جو سسی اور سسی کی ماں کے مکالموں پر مشتمل ہے۔

O

الف آ سسی گھِن مت مَیڈی سَٹ ہوتاں دے خواب خیال دھی آ
جنھاں ہر تھاں سنگ کسنگ کیتا کیویں کھیسن تیڈے نال دھی آ
ونج تھل مریسن جل باجھوں' گل نینہہ بلوچاں دا جال دھی آ
موت فوت دے وقت گداز اُتھاں ہوسیا حامی نہ کوئی وی حال دھی آ

O

ب بس مائے متیں ڈس نائیں میں ویساں ویساں ہر حال مائے
اس دے سنگ کہیں نہ سنگ میکوں جَیندا سنگ ہویا میرے نال مائے
توڑے تھل اندر جل گل ویساں گل لا مرساں لج پال مائے
موت فوت دے وقت گداز ہوسی خان پُنل حامی حال مائے

O

ت تُرک تے کیچ دے لوک کچے کڈاں پالدے نی کیتے قول دھیا
ہک بول تے لکھ مخول کرن اِنھاں بولاں توں پوندے ہول دھیا
ہوون مِیت تے پیت دی رِیت تروڑن پیتاں والیاں دے نہیں ڈول دھیا
دغا باز گداز ہمراز تیڈے جیہڑے ٹُر گئے نی ڈانواں ڈول دھیا

O

ث ثابت زبان کر سوچ اماں ایہے بول کُراڑے نہ بول مائے
ہک بات تے لکھ نکات بولے میڈا کیچ مکران دا ڈھول مائے
اوں ہی مِیت دی پِیت دی آس میکوں جیں دل لُٹی سینہ پھول مائے
لاجاں پال گدازؔ ہمراز مِیڈا اینویں محض نہ ویسم رول مائے

احمد یار خان

گڑھی اختیار خان کے رہائشی دورِ متوسط کے اس سرائیکی شاعر نے عمدہ دوہڑے لکھے جنھیں لوگ اب تک گاتے اور محفلیں جماتے ہیں۔ احمد یار خان مولوی جان محمد گداز کے ہم عصروں میں سے تھے۔

O

ر۔رَت رووّاں ہنجواں ہتھ دھوواں تیڈی یاریاں توں غم خواریاں توں
گئی رات اینویں پر بات نہ پچھیو جو کڈاہیں درد آزاریاں توں
ہنجو رَت رووّاں ہُن بھال ذری اُگھ ہنجڑوں نین پھنواریاں توں
احمد یار کوں خار ہزار توڑے پر رہندا نہیں اینہاں یاریاں توں

O

ج۔ جا قاصدا اُس دیس اُتے جتھاں یار پیارا وٹھڑا ای
جے گھونگھٹ کھولے تے مٹھڑا بولے آکھیں حال سبھو جو ڈٹھڑا ای
ہنجوں برس پیاں وچ جھولڑی دے کئی مینہہ ساون دا وٹھڑا ای
احمد یار دے نال پیار کرو او تاں دھار کجل دا کٹھڑا ای

O

الف۔آپ چھکیں ماہی گھنڈ ڈنگھے کر شرم حیا بھن بھولڑا ای
ہِک پاند چھکیں سے باند کریں کیویں چھپدا نور دا شُعلڑا ای
تیڈی طرز عتاب حجاب کنوں جند جان جگر جل کولڑا ای
احمد یار توں عار ویار نہ کر او تاں گالھا کملا بھولڑا ای

قطب الدین

(1858ء-1920ء)

موضع دھول کلاں گجرات میں کرم دین کے گھر پیدا ہوئے۔ کلاسیکی دور کے ایک اہم شاعر تھے جنھوں نے مرزا صاحباں کا قصہ بھی لکھا۔ اس قصے کو 2008ء میں ڈاکٹر ریاض شاہد نے مرتب کر کے کتابی صورت میں شائع کیا ہے۔

O

سدا نہ باغیں تازگی، سدا نہ کھڑدے پھل — سدا نہ جھکے پھل تے پھاوی ہو بلبل
سدا نہ پھلیں باشنا سدا نہ وکدے مُل — سدا نہ حکم حکومتاں رہندیاں اِکو تُل
سدا نہ مالی ویکھدا اندر باغ بہار — سدا نہ شہریں رونقاں سدا نہ رسد بازار
سدا نہ چانن چن دا سدا نہ سورج لو — سدا جوانی نہ رہے سدا دوپہر نہ ہو
سدا نہ لاٹ چراغ دی سدا نہ سڑے پتنگ — سدا نہ وچ اڈار دے پھرے قطار کولنگ
سدا نہ مہندی لگدی، سدا نہ چھنکے ونگ — سدا نہ چھوپے پاندیاں مل کے سیاں سنگ
لکھ ہزاراں صورتاں گئیاں خاک سما — یاد نہ رہیاں کسے نوں مدت گئی وہا

O

سچ سیانے آکھدے جٹاں دے اقرار — کوٹھے بالو ریت دے ہون نہ پائیدار
احمق ٹکڑ مار دے اُچا دیکھ محل — جان گواندے آپنی پاندے نیں کیہہ چل
ایویں سَکی کسے دی ہوندی نہ تلوار — جیہڑے پلّے سٹ دیندی دیندی ہار سنگھار

خواجہ فرد فقیر

(پ۔1166ھ)

گجرات کے رہنے والے خواجہ فرد فقیر عربی' فارسی' فقہ و حدیث کے عالم اور صوفی منش درویش تھے۔ کئی تصنیفات چھپی ہوئی ملتی ہیں جن میں "باراں ماہ"، "سی حرفیاں" اور کسب نامہ "حجاماں" اور کسب نامہ "بافند گان" شامل ہیں۔

O

حاکم ہو کے بہن غلیچے بہتا ظلم کماندے
محنتیاں نوں کمیں آکھن خون اوہناں دا کھاندے
پھڑ دگاری لے لے جاون خوف خدا دا ناہیں
فرد فقیرا درد منداں دیاں اِک دن پوسن آہیں

O

تانا علم' عمل دا پیٹا دونویں چلن برابر
تاں ایہہ جامہ محکم ہووے دھاگے کدیں نہ ہلن
آخر رات پئی دن لتھا نہ گز کوئی دُنیاں
تینوں آکھ رہے بہتیرا ناں تدھ کدیں سُنیاں
فرداؔ لئیں مزدوری کتھوں سوتر بہت چرایا
کھا کھا گئے جوائی بھائی تینوں بھرنا آیا

O

ک۔کلام خدائے دی مُلّاں پڑھن فقیر
بولن جھوٹھ تے کھان حرام کیا ہووے تاثیر
نام دھراون شیخ جی ٹرن اولی چال
فرداؔ لیکھا لیسیا رب قادر جل جلال

چند قطعات کا منظوم اُردو ترجمہ

س۔ سنائے پند کی باتیں، لوگوں کو سمجھائے
اوروں کو تو کرے نصیحت، دل میں کھوٹ چھپائے
گدھے پہ جیسے علم لدا ہو، ایسا تیرا حال
فردا! حشر میں پوچھے گا وہ قادر جل جلال

O

ک۔ کلام خدا کا جانیں، ملا اور فقیر
بولیں جھوٹ حرام بھی کھائیں پھر کیا ہو تاثیر
شیخ بنیں اور جی کہلائیں، چلیں یہ الٹی چال
فردا! حشر میں پوچھے گا وہ قادر جل جلال

O

م۔ میاں اب دیکھ فقیری بکتی ہے بازار
اک پیسے کی اون خرید اور اس کا بنا لے ہار
گیروے کپڑے پہن لے تن پر، کھول دے سر کے بال
فردا! حشر میں پوچھے گا وہ، قادر جل جلال

(منظوم اُردو ترجمہ: شفیع عقیل)

فقیر قادری

بھیڈ نوں کِنّاں ورجئے فیر وی گندگی کھاوے
ہووے مجھ کروڑ دی چھپڑ وڑ کے نھاوے
لکھ تدبیراں ورتیے فیر وی باز نہ آوے
کتا راج بہا لیئے چکی چٹن جائے

سچل سرمست

(1739ء-1826ء)

حضرت سچل سرمست، حضرت صلاح الدین کے ہاں 1739ء میں پیدا ہوئے۔ اصل نام عبدالوہاب تھا لیکن بچپن سے ہی سچ بولنے کی وجہ سے آپ کو سچل یا سچو کہا جانے لگا۔ زیادہ تر پرورش آپ کے چچا حضرت عبدالحق کے ہاتھوں ہوئی۔ ایک دفعہ حضرت عبدالحق نے سچل کو شاہ لطیف بھٹائی کی خدمت میں پیش کیا تو شاہ صاحب نے فرمایا: ''ہم نے جو دیگ چڑھائی ہے اس کا ڈھکنا سچل اٹھائے گا''۔ آپ کی جوانی کا ایک مشہور واقعہ ہے کہ ایک دفعہ آپ گھوڑے پر سوار کہیں جا رہے تھے کہ راستے میں ایک آدمی ملا جو بیل لیے جا رہا تھا۔ سچل سرمست نے اس سے پوچھا تمہارا نام کیا ہے؟ اس نے جواب دیا''محبوب'' آپ نے پوچھا کدھر جا رہے ہو۔ وہ بولا''مستی'' (گاؤں کا نام) کی طرف۔ اس پر آپ نے دریافت فرمایا کس کے پاس؟ وہ بولا''محبّت'' کے پاس۔ یہ سُن کر سچل سرمست پر وجد کی کیفیت طاری ہو گئی اور جھوم جھوم کر کہنے لگے واہ واہ سبحان اللہ۔ محبوب محبّت اور مستی کی طرف جا رہا ہے۔ آپ نے فارسی، اُردو اور سرائیکی تینوں زبانوں میں شاعری کی۔ آپ کا سرائیکی کلام آپ کی وفات کے 75 سال بعد کسی قلمی نسخے کی بجائے لوگوں سے سن کر جمع کیا گیا تھا یہی وجہ ہے کہ اس میں بعض جگہ غلط کتابت کی وجہ سے عروض کی غلطیاں پائی جاتی ہیں۔ سرائیکی میں آپ نے زیادہ تر دوہڑے، کافیاں، سی حرفیاں اور نظمیں لکھیں۔ آپ کی صوفیانہ کافیاں اپنے پیغام اور انداز کے حوالے سے بُلھے شاہ کی کافیوں سے قریبی ربط رکھتی ہیں۔

کافی

روزِ ازل استاد اساکوں، سطر پریت دی پاڑھی[1]
سا میں دِل دی تختی اتے، چاہ وچوں لکھ چاڑھی
سچلؔ عِشق نہ بُڈھا تھیوے، کیا جو چِٹّی داڑھی

1 پڑھائی

O

شیر اَکھیں دے غالب ہوندے اُتّے شیر جنگل دے
شیر اکھیں توں کوئی نہ بچسی آسی وِچ چنگل دے
جنگل والا تاں مُڑ ویندا، ایہہ کھڑدا کان قتل دے
مارن باجھوں مُشتاقاں دے سچلؔ مول نہ ٹلدے

O

سوہنا ناز غماز سیتی، وہ چال عجائب چلّے
شمس قمر شرمندہ ہوئے، مُکھ دے ڈیکھ تجلّے
کون دلیر جو ہووے اِتھاں، تاب حسن دا جھلّے
وال وٹیل[1] کاریہر[2] کالے، وَل وَل چھلّے چھلّے
روز ازل توں یار سچلؔ میں پیوم اِنہاں دے پلّے

O

مکھ مہتاب سجن دا سئیاں گھونگھٹ وِچ لُکایُس
ڈُو ہیں نُور تجلی ڈیندے، کیوں وت آپ چُھپایُس
ظاہر باطن سوئی آہا، بازی بھید بنایُس
چشماں دے چمکارے لگدے، لاشک برہا لایُس
صُورت دے وچ مُورت بن کے، سچلؔ نام سڈایُس

O

"سوہنڑا یار ہمیشہ ساڈے نال بھی کھلدا ہسدا
یک دم دور نہ تھیوے ساتھوں وچ اکھیں دے وسدا
بیا کوئی کم نہ جانے ہر گز کِھل کِھل دلڑی کھسدا
نہیں نباہ اساں نال سچلؔ گالھ ایہا ہائی ڈسدا"

1 پریچ
2 کالے سانپ

نہ میں کیتا کڑکا تسبیح دا، اتے نہ میں زہد عبادت
نہ میں زیر زبر دا کیتا، نہ میں تقویٰ طاعت
سچلؔ دا تھیا بخت سوایا، جو کیتی عشق امانت
O
ہِک ڈینہہ میکوں مرشد آکھیا "توں مے پیالہ پیویں"
آکھیم "اِینویں سائیں اینویں"
آکھیس، "آپ سنجانن باجھوں، ہمدم مول نہ تھیویں"
آکھیم "اِینویں سائیں اینویں"
اپنی ذات لُکا اِتھ بیٹھیں تیڈا مطلب تھیسی کیویں"
آکھیم "اینویں سائیں اینویں"
مُوتُو قبل اَن تمُو تُو "ہئی پچاون جیویں"
آکھیم 'اینویں سائیں اینویں"
آکھیس، "ماریا حلاج نغارا، سچلؔ توں بھی ماریں تیویں"
آکھیم "اینویں سائیں اینویں"

بُلّھے شاہ

(1680ء۔1758ء)

آپ کا نام عبداللہ شاہ اور والد کا نام سخی محمد درویش تھا جو ضلع قصور میں امام مسجد تھے۔ پہلے مولانا غلام مرتضیٰ قصوری کے شاگرد بنے اور بعد ازاں لاہور کے شاہ عنایت قادری کے مرید ہوئے جنھوں نے سلوک کی منزلیں طے کروائیں۔ آپ نے دیگر اصناف میں بھی لکھا مگر کافیاں بے حد مقبول ہوئیں۔ جو تصوف، مذہبی رواداری اور اعلیٰ اخلاقی اقدار کے پرچار پر مبنی ہیں۔ آپ کی شاعری مقامی روایتی علامات کے استعمال کے باعث عوامی سطح پر بے حد مقبول ہے۔ مذہبی رواداری اور عیاری کو عیاں کرتی ہوئی شاعری کے باعث مذہبی ٹھیکیداروں نے بُلھے شاہ پر کفر کا فتویٰ لگایا اور انہیں قصور کے مرکزی قبرستان میں دفن نہ ہونے دیا گیا چنانچہ عقیدت مندوں نے انہیں قبرستان کے احاطے کے باہر دفن کیا۔ آج یہی مدفن ان کا مزار ہے جہاں خلقِ خدا جوق در جوق عقیدت کے نذرانے لے کر رات دن طواف کرتی نظر آتی ہے اور مزار کی وجہ سے وہ قبرستان بھی آباد ہے جہاں انہیں دفن نہ ہونے دیا گیا تھا۔

بُلّھیا کیہ جاناں میں کون

نہ میں مومن وچ مسیت آں نہ میں وِچ کُفر دی ریت آں
نہ میں پاکاں وچ پلیت آں نہ میں موسیٰؑ ، نہ فرعون

بُلّھیا کیہ جاناں میں کون

نہ میں اندر وید کتاباں نہ وِچ بھنگاں، نہ شراباں
نہ وِچ رِنداں، مست خراباں نہ وِچ جاگن، نہ وِچ سون

بُلّھیا کیہ جاناں میں کون

نہ وِچ شادی نہ غمناکی نہ میں وِچ پلیتی پاکی
نہ میں آبی نہ میں خاکی نہ میں آتش نہ میں پَون

بُلّھیا کیہ جاناں میں کون

نہ میں بھیت مذہب دا پایا نہ میں آدمؑ حوّا جایا
نہ میں اپنا نام دھرایا نہ وِچ بیٹھن، نہ وِچ بھَون
بُلّھیا کیہ جاناں میں کون

اَوّل آخر آپ نوں جاناں نہ کوئی دُوجا ہور پچھاناں
میتھوں ہور نہ کوئی سیانا بُلّھا! اوہ کھڑا ہے کون
بُلّھیا کیہ جاناں میں کون

O

تیرے عشق نچایا کر کے تَھیّا تَھیّا

تیرے عشق نے ڈیرا' میرے اندر کیتا
بھر کے زہر پیالہ' میں تاں آپے پیتا
جھبدے بوہڑیں وے طبیبا' نہیں تاں میں مر گئی آ
تیرے عشق نچایا کر کے تھیّا تھیّا
ایس عشقے دے کولوں' مینُوں ہٹک نہ مائے
لاہُو جاندڑے بیڑے، کیہڑا موڑ لیائے
میری عقل جو بھُلّی، نال مہانیاں دے گئی آ
تیرے عشق نچایا کر کے تھیا تھیا
ایس عشقے دی جھنگی وچ مور بولیندا
سانوں قبلہ تے کعبہ، سوہنا یار دسیندا
سانوں گھائل کر کے، پھیر خبر نہ لئی آ
تیرے عشق نچایا کر کے تھیا تھیا

O

اُٹھ جاگ گُھراڑے مار نہیں

اُٹھ جاگ گُھراڑے مار نہیں ایہہ سَون تیرے درکار نہیں
اِک روز جہانوں جانا اے جا قبرے وچ سمانا اے
تیرا گوشت کیڑیاں کھانا اے کر چیتا مرگ وسار نہیں
اُٹھ جاگ گُھراڑے مار نہیں ایہہ سَون تیرے درکار نہیں
تُوں سُتّیاں عمر ونجائی اے تیری ساعت نیڑے آئی اے
تُوں چرخے تند نہ پائی اے کیہ کرسَیں، داج تیار نہیں
اُٹھ جاگ گُھراڑے مار نہیں ایہہ سَون تیرے درکار نہیں

تُوں جس دن جوبن متّی سَیں
توں نال سیّاں دے رتی سَیں
ہو غافل دُنیا وتّی سَیں
ایہہ بھورا تینُوں سار نہیں

اُٹھ جاگ گُھراڑے مار نہیں ایہہ سَون تیرے درکار نہیں

اَج کل تیرا مکلاوا اے
کیوں سُتّی کر کر دعویٰ اے
اَن ڈِڈّھیاں نال مِلاوا اے
ایہہ ھلکے گرم بازار نہیں

اُٹھ جاگ گُھراڑے مار نہیں ایہہ سَون تیرے درکار نہیں

تُوں ایس جہانوں جائیں گی
پھر قدم نہ ایتھے پائیں گی

ایہہ جوبن رُوپ ونجائیں گی
تَیں رہنا وچ سنسار نہیں
اُٹھ جاگ گُھراڑے مار نہیں   ایہہ سَون تیرے درکار نہیں
جیہڑے سَن دیساں دے راجے
نال جنہاں دے وجدے واجے
گئے ہو کے بے تختے تاجے
کُجھ دُنیا دا اِتبار نہیں
اُٹھ جاگ گُھراڑے مار نہیں   ایہہ سَون تیرے درکار نہیں
جو کُجھ کرسیں سو کُجھ پاسیں
نہیں تے اوڑک پچھوتاسیں
سُنجی کُونج وانگوں کُرلاسیں
کھنبھاں باجھ اُڈار نہیں
اُٹھ جاگ گُھراڑے مار نہیں   ایہہ سَون تیرے درکار نہیں

O

اِک نقطے وچ گل مُکدی ہے

پھڑ نُقطہ چھوڑ حساباں نُوں   کر دُور کُفر دیاں باباں نُوں
چھڈ دوزخ گور عذاباں نُوں   کر صاف دِلے دیاں خواباں نُوں
گل ایسے گھر وچ ڈُھکدی اے
اِک نقطے وچ گل مُکدی اے
کئی حاجی بن بن آئے جی   گَل نِیلے جامے پائے جی
حج ویچ ٹکے لے کھائے جی   بھَلا ایہہ گل کِنّھوں بھائے جی

گل ایسے گھر وچ ڈُھکدی اے
اِک نقطے وچ گل مُکدی اے

O

جدوں آپنی آپنی پے گئی   دھی ماں نُوں لُٹ کے لے گئی
مونہہ بارھویں صدی پساریا   ساہنوں آمِل یار پیاریا
در کھلڑا حشر عذاب دا   برا حال ہویا پنجاب دا
ڈر ہاویئے دوزخ ماریا   ساہنوں آ مِل سجن پیاریا

O

علم نہ آوے وچ شمار   اکو الف تیرے درکار
جاندی عمر نئیں اعتبار   علموں بس کریں اویار

O

شرع کہے چل پاس مُلّاں دے   سکھ لے ادب اداباں نوں
عشق کہے اک حرف بتھیرا   ٹھپ رکھ ہور کتاباں نوں
شرع کہے چل مسجد اندر   ہر نماز ادا کر لے
عشق کہے چل مے خانے وچ   پی کے شراب نفل پڑھ لے
شرع کہے چل بہشتیں چلیے   بہشتاں دے میوے کھاواں گے
عشق کہے اوتھے پہرا ساڈا   آپ ہتھیں ورتاواں گے

O

گل رولے لوکاں پائی اے۔ گل رولے لوکاں پائی اے
سچ آکھ مناں کیوں ڈرنا ایں۔ ایس سچ پچھے توں ترنا ایں
سچ سدا آبادی کرنا ایں۔ سچ وست اچنبھا آئی اے
گل رولے لوکاں پائی اے

O

جھوٹھ آکھاں تاں کُجھ بچدا اے۔ سچ آکھیاں بھانبڑ مچدا اے
جی دوہاں گلاں توں جچدا اے۔ جچ جچ کے جیبھا کہندی اے
مونہہ آئی بات نہ رہندی اے

O

میری بُکّل دے وچ چور

میری بُکّل دے وچ چورنی میری بُکّل دے وچ چور
کتے رام داس کتے فتح محمد۔ ایہو قدیمی شور
مٹ گیا دوہاں دا جھگڑا نکل پیا کوئی ہور نی
میری بُکل دے وچ چورنی

O

رانجھا رانجھا کردی نی میں آپے رانجھا ہوئی
سدّو نی مینوں دھیدو رانجھا ہیر نہ آکھو کوئی
رانجھا میں وچ میں رانجھے وچ ہور خیال نہ کوئی
میں ناہیں اوہ آپ ہے، آپنی آپ کرے دلجوئی

O

بلھیا پی شراب تے کھا کباب، ہیٹھ بال ہڈاں دی اگ
چوری کرتے بھن گھر رَب دا، اوس ٹھگاں دے ٹھگ نوں ٹھگ

O

عاشق ہو یوں رب دا ہوئی ملامت لاکھ
تینوں کافر کافر آکھدے تُوں آہو آہو آکھ

O

حاجی لوک مکّے نُوں جاندے اساں جانا تخت ہزارے
جِت وَل یار اُتے ول کعبہ بھاویں ویکھ کتاباں چارے

O

ماٹی قدم کریندی یار

ماٹی جوڑا، ماٹی گھوڑا ماٹی دا اسوار
ماٹی ماٹی نُوں دوڑائے ماٹی دا کھڑکار

ماٹی قدم کریندی یار

ماٹی ماٹی نُوں مارن لگی　　ماٹی دا ہتھیار
جِس ماٹی پر بوہتی ماٹی　　تِس ماٹی ہنکار

ماٹی قدم کریندی یار

ہس کھیڈ مُڑ ماٹی ہوئی　　ماٹی پاؤں پسار
بُلّھیا ایہہ بجھارت بوجھیں　　لاہ سر بھوئیں مار

O

اُلٹے ہور زمانے آئے[1]

اساں بھیت سجن دے پائے　　اُلٹے ہور زمانے آئے
کاں لگڑ نوں مارن لگے　　چڑیاں جُرّے کھائے
اپنیاں وچ الفت ناہیں　　کیا چاچے کیا تائے
پیو پُتراں اتفاق نہ کائی　　دھیاں نال نہ مائے
سچیاں نوں پئے مِلدے دھکے　　جھوٹھے کول بہائے
اگلے جا بنگاہ لے بیٹھے　　پچھلیاں فرش وچھائے
بھوریاں والے راجے کیتے　　راجیاں بھیکھ منگائے
اُلٹے ہور زمانے آئے　　اُلٹے ہور زمانے آئے

---

[1]۔ اس کافی میں سیاسی' سماجی اور اخلاقی قدروں کے زوال کی نشاندہی کر کے عمدہ نقشہ کھینچا گیا ہے۔ اشراف کا ذلیل ہونا' رذیلوں کا صاحب جاہ ہونا اور چاپلوسوں کی باتوں کا معتبر ہونا اس کی چند مثالیں ہیں جن کی طرف اس کافی میں توجہ دلائی گئی ہے۔ عصری شعور کی عکاس بلھے شاہ کی اس کافی میں چھٹی صدی کے حافظ کی معروف غزل کا سارنگ پایا جاتا ہے:

ایں چہ شوریست کہ در دورِ قمر می بینم
ہمہ آفاق پُر از فتنہ و شر می بینم

نجابت

ضلع شاہ پور کے گاؤں میٹلا ہرلاں کے رہنے والے کوی نجابت راجپوت خاندان سے تعلق رکھتے تھے اور ان کا زمانہ اٹھارویں صدی کا آخری دور بتایا جاتا ہے۔ بعض محققین کا کہنا ہے کہ انیسویں صدی کے شروع تک زندہ تھے جبکہ ڈاکٹر فقیر محمد فقیر نے ان کا زمانہ 1799ء متعین کیا ہے۔

نجابت نے ہندوستان پر نادر شاہ کے حملے کی وار لکھی جو پنجابی ادب میں ایک اہم مقام کی حامل ہے۔ وار پنجابی شاعری میں رزمیہ کو کہتے ہیں۔ سب سے پہلے یہ "وار" سر ایڈورڈ میکلیگن نے 1892ء میں دریافت کی جو انہوں نے گوجرانوالہ کے ایک میراثی سے سنی اور 161 اشعار تحریر کیے۔ بعد ازاں رائے بہادر ہری کشن کول نے اس پر مزید تحقیقی کام کیا اور 854 اشعار جمع کر کے 1916ء میں اس پر بھرپور مقالہ لکھا۔ نجابت نے یہ وار ہندوانہ انداز میں لکھی اور "کُل" اور "نارد" کے دو فرضی کردار بھی اس میں شامل کیے۔ "کل" کالی دیوی کا اوتار ہے جبکہ "نارد" ہندو منی کا روپ۔ شاعر نے ان دونوں کو میاں بیوی کے روپ میں پیش کیا ہے۔

محمد شاہ دی بہادری

میں تاں چڑھ قلعہ قندھار دا سنے بُرجی ڈھا ہاں
اوہدے دھراں بنیرے زمین تے بنیاد اُتاہاں
اوہدی ساڑاں بالا سار میں دے اگیّں بھاہاں
کابل رون پٹھانیاں کر کھلیاں باہاں

تلوار دی تعریف

اِس دھروں میانوں کڈھیاں مل بے شماری
اوہدی واہڈ واؤ نالوں پتلی اُس تا دس واری
اوہ اڑے نہ زرہ بکتراں رت پیون ہاری
اُس جُدا کیتی وڈھ کھوپڑی سنے مغز اُتاری

جیویں ہانڈی ٹُٹے کھیر دی ڈِگ ہتھوں بھاری
جیویں مٹکی بھنّی گُجری چاء دہیں کھلاری

نادر شاہ تے خان دوران دی لڑائی دا نقشہ

خان دوران گھوڑا چھپڑیا جھاک لشکر وڑیا   تے کھنڈا دھر دمیاں تُوں ہتھ سجّے پھڑیا
اُس گرمی کھاندی آہر نُوں رت منگے سڑیا   اگّے آہا نادر شاہ جو لوہ بکتر جڑیا
اس سٹّاں سہ سہ ماریاں نہ رہندا اڑیا   لوہے نُوں لوہے جھلیا پھٹ کرے نہ سڑیا
جیوں تتّر مُنہ باز دے وِچ چُنگل اڑیا   گُھس سِدّھا پلنگ نہنگ دے منہ اندر وڑیا

''کرنال دی لڑائی'' میں سے چند اشعار کا منظوم ترجمہ

فوج آئی قندھار سے ایسے، جیسے آئیں شیر
جیٹھ مہینے لشکر آیا، ایک سے ایک دلیر
یوں لہرائیں چمکیں، بجلی بادل سے جوں آئے
خانِ دوراں پھر للکارے اور جوان بلائے
بڑھا مظفر رن میں کودا، گھوڑا اور بڑھایا
خونی باز سعادت جھپٹا اور میدان میں آیا
پھر تلواریں یوں ٹکرائیں جیسے بارش آئے
کٹ کٹ لوگ گریں یوں جیسے سروں میں ہل، چل جائے
چاک سے یا کمہار اتاریں، گھڑوں کے ڈھیروں ڈھیر
ایسے سر میدان میں بکھرے، خاک میں اٹ گئے شیر
(منظوم اُردو ترجمہ: شفیع عقیل)

حافظ شاہجہان مقبل

شاہجہان مقبلؔ کے حالات کے بارے زیادہ معلومات دستیاب نہیں تاہم آپ کی ہیر رانجھے کی داستان بامحاورہ پنجابی میں ہونے کے باعث معروف ہے جو وارث شاہ سے تقریباً30 برس قبل لکھی گئی تھی۔ اس کے علاوہ آپ نے 1159ء ہجری میں جنگ نامہ مقبل بھی لکھا۔ آپ نابینا تھے اس لیے آپ کو حافظ شاہجہان مقبل بھی کہا جاتا ہے۔ قصہ ہیر رانجھا سے نمونۂ کلام ملاحظہ ہو۔

O

رانجھا آکھدا رناں تھیں نفع ناہیں رَناں نال نہ دوستی لایئے جی
رناں سچیاں نوں چا کرن جُھوٹھا وارے رَنّاں دے مول نہ جایئے جی
سپ مارنوں ڈنگ نہ رہے مولے ساری عمر جے دُدھ پلایئے جی
مقبل کوچ کرکے ایس پنڈ وچوں ہن تخت ہزارے نوں جایئے جی

O

جدوں آدمی نوں دُکھ لگدے نیں تدوں آوندی مقبلا یاد اماّں

O

مقبل مفت دا خیر ہے جس کرنا رلیا آپنا سبھ کوئی کھاوندا اے

O

سو ای لین گے مقبلا جا اگے جنھاں ایس جہان تے بی بویا

O

مقبل مثل مشہور ہے جگ سارے جنھاں رُکھ لایا تنہاں پھل پایا

O

مقبل باجھ ملامتاں عاشقاں نوں مزہ عشق دا مول نہ آوندا ای

وجید خان

(پ: 1130ھ)

وجید خان قوم کے پٹھان تھے۔ کابل میں جنم لیا فوج میں بھرتی ہو کر افسری تک پہنچے۔ ایک بار کسی سادھو فقیر سے ملاقات ہوئی تو دنیا سے دل اچاٹ ہو گیا۔ کابل سے نکل کر پشاور، جہلم، لاہور اور کئی علاقوں کی سیر کی اور آخر میں متھرا جا پہنچے۔ آخری عمر حلیمی اور عاجزی میں گزاری۔ اپنے کلام کے چوتھے مصرعے میں وہ ٹیپ کا مصرعہ بار بار دہراتے ہیں۔ اصل نام بایزید طیفور تھا۔

O

کنجریاں تے بھنڈاں ملدے مال زر　　بیل اُٹھاون بھار توڑی کھان گھر
براہمن تے سید پھردے در بدر　　وجیدا کون صاحب نوں آکھے انج نہیں انج کر

O

کابل وچ ناقابل میوے کھاوندے　　کھانے گرم گرم تے نرم ہنڈاوندے
دکھن دے وچ بھکھے مردے ہنر ور　　وجیدا کون صاحب نوں آکھے انج نہیں انج کر

O

اِکناں نوں گھیو تے کھنڈ نہ میدا بھاوئیے　　بوہتی بوہتی مایا چلی آوئیے
اِکناں ناہیں ساگ آلونا پیٹ بھر　　وجیدا کون صاحب نوں آکھے انج نہیں انج کر

O

اِکناں دے دھن پلے شاہ سدائیندے　　پہنن ململ خاصہ مشک ہنڈھاوندے
اِکناں نوں بھکھ پیندی پھر دے در بدر　　وجیدا کون صاحب نوں آکھے انج نہیں انج کر

O

درد وند درویش مکھوں نہیں بولدے　　اک آوے پا اناج تاں روزہ کھولدے
چور اچکے کھان ملیدا تربتر　　وجیدا کون صاحب نوں آکھے انج نہیں انج کر

O

اکناں دے گھر پتر پتراں دے گھر پوترے　　اکناں دے گھر دھیاں دھیاں دے گھر دوہترے
اکناں دے گھر اکو اوہ بھی جائے مر　　وجیدا کون صاحب نوں آکھے انج نہیں انج کر

O

منتخب کلام کا منظوم اُردو ترجمہ

چور جو چوری کریں یہاں پر لوٹ کے لائیں گھر
ان کو میسر دودھ ملائی، کھائیں ڈونگے بھر
اور جو تیری آس پہ بیٹھے، پھرے یہاں در در
کون وجید کہے مالک کو ایسے نہیں یوں کر

O

کسی کے گھر میں گھی اور شکر حلوہ روز اڑائے
کسی کے گھر میں ہر دم دیکھو، مایا بڑھتی جائے
کسی کو پھیکا ساگ ملے نا، پیٹ پہ ہے پتھر
کون وجید کہے مالک کو ایسے نہیں یوں کر

O

یہاں پہ موج اڑائیں کُتّے، گھی شکر وہ کھائیں
جن کا دوہیں دودھ سبھی وہ بھوکے مر مر جائیں
بووے کوئی، کاٹے کوئی، لے جائے کوئی گھر
کون وجید کہے مالک کو ایسے نہیں یوں کر

O

مورکھ پاس سواری دیکھو ہاتھی گھوڑے ہیں
دانا گھومیں پیدل، تن پر میلے جوڑے ہیں
دانا محنت کر کے کھائے، مورکھ بیٹھا گھر
کون وجید کہے مالک کو ایسے نہیں یوں کر

O

(منظوم اُردو ترجمہ: شفیع عقیل)

میاں جان محمد

ضلع گوجرانوالہ کے رہنے والے میاں جان محمد رنجیت سنگھ کے عہد کے شاعر ہیں جنھوں نے بہت عمدہ دوہڑے لکھے۔

O

تَن دوکان تے برہوں موچی مینوں بھیوں بھیوں وَتّر دیندا
درد خمیر سُولاں دی رنبی میرے چھلکے سب چھلیندا
دووں آر تے سوئیوں چوکاں میرے ترپ ترپ بخیے کڈھیندا
جان محمدا ہو رہیاں جوڑا سوہنا اجے اجوڑ کریندا

O

تن دوکان تے برہوں دھوبی مینوں شوق صبون لگاندا
دل پانی تے پنجر تختہ مینوں دردوں سوڑاں لاندا
سولاں مَیل نہ چھڈی قطرہ مینوں آہیں نال سوکاندا
جان محمدا پھڑ کیتی کُندی مت سوہنا انگ لگاندا

O

تن دوکان تے برہوں کوہلو جیہڑا نِت اُٹھ گھانی پائے
دکھاں دی لٹھ تے سُولاں دا پھیرا میری رَت دا تیل چوائے
ذوقوں بیل تے شوقوں کانجن مینوں اَٹھے پہر بھوائے
جان محمدا کھل کوہلو دی لتھی تتی کیہڑے پاسے نوں جائے

سندر داس آرام

سندر داس آرام میر منو کے دور میں فوج میں میر منشی ہو کر جھنگ میں رہے۔ فارسی اور پنجابی کے عالم تھے۔ 1172 ہجری میں قصہ سسّی پنوں لکھا۔ اُس قصے سے نمونہ کلام ملاحظہ ہو:

O

آکھن ایسی حسن دی صورت دنیا وچ نہ کائی
رب نے حور بہشت دی سانوں کر کے لطف بھجائی
آپ جے لطف کرم تے آوے کھربوں بوند وساندا
سُکے بن اوہ کر ہریاول میوے نال لگاندا
لہو نوں اوہ چا دُدھ کرے تے دُدھوں گھیو اُپجاوے
خاروں گُل کردا ہے پیدا پتھروں لال بناوے

O

ہتھیں جیہڑی گنڈھ کھُلے تِس دندیں زور نہ لایئے
کہن سیانے سپ ماریئے لاٹھی ہتھ بچایئے
ماؤں آکھے میں جان دیساں پر تینوں جان نہ دیساں
اُمر تُمبر بھائی تیرے اوتھے چا بھجیساں

مصّدی کانا

کیڑی سوہرے ٹُر پئی نو من کجل پا
ہاتھی موہڑے پا لیا تے اونٹھ لیا لما
گاہلڑ گاجراں کھا گیا ساڈھے تن گھماں
چوہا چکی لے گیا تے کوہلو لے گیا کاں
بس مصدی کانیاں قصہ کر دے تمّ
تیل دیوے دا مک گیا تے لوکاں نوں اے کَم

سید وارث شاہ

(1720ء-1798ء)

سید وارث شاہ پنجابی کے شہرہ آفاق اور عظیم شاعر تھے جن کی "ہیر" کا شمار ادبیاتِ عالیہ میں ہوتا ہے۔ جنڈیالہ شیر خان ضلع شیخوپورہ کے رہنے والے تھے۔ والد کا نام گُل شیر شاہ تھا۔ قصور کے مولانا غلام مرتضیٰ کے شاگرد ہوئے اور جوانی ملکہ ہانس میں مسجد کے امام کے طور پر گزاری۔ قصور اس دور میں تصوّف کے حوالے سے ایک اہم علاقہ تصوّر کیا جاتا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ بلھے شاہ کے علاوہ پنجابی شاعری کے باوا آدم حضرت بابا فرید کے والد گرامی قاضی جمال الدین بھی کابل سے آکر پہلے قصور میں ہی مقیم ہوئے اور پھر سلطان شہاب الدین غوری کے حکم پر ملتان (کوٹھے وال) گئے۔ وارث نے 1180 ہجری میں ہیر کا قصہ مکمل کیا۔ اس کے علاوہ بھی ان کی کئی تصانیف ہیں مگر "ہیر" کو شہرتِ دوام حاصل ہوئی۔ مقولہ شاعر ان کے قصے کا وہ حصہ ہے جس میں دائمی سچائیوں کو اس طرح بیان کیا گیا ہے کہ اکثر مصرعے ضرب المثل کا درجہ اختیار کر چکے ہیں۔ وارث شاہ کو پنجابی کا شیکسپیئر بھی کہا جاتا ہے جس نے ایسا منظوم ڈراما تخلیق کیا جو رہتی دنیا تک پنجابی ادب میں زندہ رہے گا۔ وارث شاہ نے بھی بُلھے شاہ، شاہ حسین اور میاں محمد بخش کی طرح مجرد زندگی گزاری۔

O

بھائیاں باجھ نہ مجلساں سجدیاں نی اتے بھائیاں باجھ وہار ناہیں
بھائی مرن تے پیندیاں بھج باہیں بھائیاں باجھ پرھے پروار ناہیں
لکھ اوٹ ہے کول وسیندیاں دی بھائیاں گیاں جیڈی کوئی ہار ناہیں
بھائی ڈھاوندے بھائی اُساردے نی بھائیاں باجھ بیلی کوئی یار ناہیں
طالع منداں دیاں لکھ خوشامداں نی تے غریب دا کوئی غم خوار ناہیں
ایکل باہیاں نوں لوکی ماردے نی باہاں والیاں نوں کوئی سار ناہیں
باہاں والیاں دی لوک کرن عزت باجھ باہاں دے کجھ سنسار ناہیں
وارث شاہ میاں باجھ بھائیاں دے ساہنوں جیونا ذرا درکار ناہیں

O

ہیر آکھدی جوگیا جُھوٹھ آکھیں کون رُٹھڑے یار ملاوندا ای
ایسا کوئی نہ دِسیا میں ڈُھونڈھ تھکی جیہڑا گیاں نوں موڑ لیاوندا ای
بھلا موئے تے وچھڑے کون میلے ایویں جیوڑا لوک ملاوندا ای
ساڈے چَم دیاں جُتیاں کرے کوئی جیہڑا گیاں نوں موڑ لیاوندا ای

O

لے وے رانجھیا واء میں لا تھکی میرے وَس تھیں گل بے وس ہوئی
قاضی ماپیاں ظالماں بنھ توری' مینڈی تینڈڑی دوستی بس ہوئی
گھر کھیڑیاں دے نہیں وساں میں اوہناں نال اساں خار خس ہوئی
جاں جیواں گی ملاں گی رب میلے' حال سال تے دوستی بس ہوئی

O

دوست سوئی جو بپت وچ بھیڑ کٹے یار سوئی جو جان قربان ہووے
شاہ سوئی جو کال وچ دُکھ کٹے گل بات دا جو نگہبان ہووے
گاں سوئی جو سیال وچ دُدھ دیوے بادشاہ سوئی جو شاہبان ہووے
نار سوئی جو مال بن بیٹھ جاوے پیادہ سوئی جو بھوت مسان ہووے
اِمساک ہے اصل افیم باجھوں غصے بناں فقیر دی جان ہووے
روگ سوئی جو نال علاج ہووے تیر سوئی جو نال کمان ہووے
کنجر سوئی جو غیرتوں باجھ ہووے جیویں بھابھڑا بن اشنان ہووے
قصبہ سوئی جو وَیر بِن پیا وَسّے جلاد سوئی جو مہر بن جان ہووے
کنواری سوئی جو کرے حیا بہتا نیویں نظر اتے بے زبان ہووے
قاضی سو جو شرع وچ ہووے قائم گائیک سو جو گلے وچ تان ہووے

پیر سو ای جو تُرت مراد دیوے خادم سو ای جو وچ فرمان ہووے
شُوم سو ای جو لاریاں وچ رکھے سخی سو ای جو ڈھل نہ دان ہووے
سید سو ای جو شُوم نہ ہووے کاذب' زانی سیاہ تے نہ قہروان ہووے
O
ویکھو ایس زمانے دے پیر یارو کردے مکر سب گرو گنٹھال دے نیں
بھانویں ٹَبّر مُرید دا مرے بھکھا پِیر آپنے نفس نوں پالدے نیں
O
گُن ماڑیاں دے سبھے رہن وچے ماڑے ماڑیاں تے دُکھ پھولدے نیں
شاندار نوں کرے نہ کوئی جھوٹھا' جھوٹھا کرن کنگال نوں ٹولدے نیں
O
عشق وچ بڑیاں تلک بازیاں نیں ایتھے حوصلہ پست ضمیر دا ای
عشق عاشقاں دی مت مار دیندا لکھے حکم ایہہ خاص تقدیر دا ای
O
جدوں تیک توں غافلا وانگ کنگھی چِرکے ہووندا دلوں فگار ناہیں
تدوں تیک محبوب دی زلف والی نظر آوے تینوں تار تار ناہیں
O
درس عشق دا سدا ای رہے کُھلّا عاشق کدی نہ کرن تعطیل میاں
ایس عشق پچھے ہوئے چاک عاشق کیتی ذرا نہ شرم تے ڈھیل میاں
O
جیہڑیاں لین اُڈاریاں نال بازاں اوہ تاں بُلبلاں تھک مریندیاں نی
اوہناں ہرنیاں دی عمر ہو چکی پانی شیر دی جوہ جو پیندیاں نی
O
مان متیے روپ گمان بھریئے اٹھکھیلیے چھیل چھبیلیے نی
عاشق بھور فقیر تے ناگ کالے باجھ منتروں مول نہ کیلیے نی
O

رن ویکھنی عیب ہے انھیاں نوں رب اکھیاں دِتیاں ویکھنے نوں

O

وارث شاہ نہ بھیت صندوق کُھلّے بھانویں جان دا جندرا ٹٹ جائے

O

وارث رن فقیر تلوار گھوڑا چارے تھوک ایہہ کسے دے یار ناہیں

O

وارث شاہ نہ دبیے موتیاں نوں پھُل اگ دے وچ نہ ساڑیئے جی

O

وارث شاہ وساہ کیہ زندگی دا بندہ پانی دے وچ پتاسڑا ای

O

وارث شاہ میاں گُنّا چکھ سارا' مزے وکھ نیں پوریاں پوریاں دے

O

وارث شاہ چھپایئے خلق کولوں بھانویں آپنا ای گُڑ کھایئے جی

O

وارث شاہ وساہ کیہ زندگی دا بندہ بکرا ہتھ قصائیاں دے

O

وارث شاہ نہ عادتاں جاندیاں نیں بھانویں کٹیے پوریاں پوریاں وو

O

پُتر کھوتیاں دے گھوڑے نہیں ہوندے گھوڑے ہون ناہیں پُتر لیلیاں دے

O

وارث شاہ نہ ہینگ دی باس چھپ دی بھانویں رِسمسی وچ کافور ہووے

O

گنگا گئیاں نہ ہڈیاں مُڑدیاں نی گئے وقت نوں کسے نہ موڑیا ای

O

بناں مرشداں راہ نہ ہتھ آوے دُدھ باجھ نہ رِجھدی کھیر میاں

O

راکھا جوآں دے ڈھیر دا گدھا ہویا انھا گھلیا حرف لکھاونے نوں

O

سوٹا پیر ہے وگڑیاں تگڑیاں دا تے شیطان استاد مراسیاں دا

O

اَک بیج کے کسے نہ انب کھاہدے پھروانہہ شہتوت نہ لایا ای

O
بُھکھا کھنڈ تے کَھیر دا ہویا راکھا رنڈا گھلیا ساک کراونے نوں
O
گدڑ کچریاں دا جمعدار ہویا اونٹھ گھلیا باغ لگاونے نوں
O
بیڑی کاغذ دی باندر ملاح بنیا انھا گھلیا حرف لکھاونے نُوں

متفرق اشعار کا منظوم ترجمہ

O
جان دیئے بن یار نہ حاصل، ناز نہ ہو دلدار نہیں
زن، تلوار، فقیر اور گھوڑا، وارث کسی کے یار نہیں
O
اگر کسی کا ساتھ نہ دیں تو اس سے پیار بڑھائیں کیوں
وارث دل میں پیاس نہیں تو شربت پر للچائیں کیوں
O
گزرا وقت اور عمر نہ لوٹے، بھاگ نہ پھر پھر آئیں گے
بات اور تیر نہ واپس پلٹیں، روح نہ پھر سے پائیں گے
O
سکھیوں کو مت بھید بتانا، دل میں راز چھپاؤ جی
وارث بات چھپاؤ چاہے، اپنا ہی گڑ کھاؤ جی
O
یار کا بھید نہ ظاہر ہو، گو، ہارے پوچھنے والا بھی
وارث یہ صندوق نہ کھولنا، ٹوٹے جان کا تالا بھی
O
بازوں ساتھ اڑے جو بلبل اپنی جان گنوائے گی
اس ہرنی کی خیر نہیں جو شیر کی جانب جائے گی
(منظوم اُردو ترجمہ: شفیع عقیل)

شاہ مراد خان پوری

(وفات1702ء)

دھنی کے قصبہ خانپور میں جان محمد کے گھر پیدا ہوئے۔ اُردو، فارسی اور پنجابی تینوں زبانوں میں شعر کہے۔ آپ کو اُردو غزل کے بانیوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ ”کلامِ شاہ مراد“ کے نام سے انکا مکمل کلام 1966ء میں شائع ہوا۔ اس کے علاوہ بھی کئی لوگوں نے کلام مرتب کر کے شائع کیا۔

غفلت نامہ

سُتّا ہیں تاں جاگ بندیا غافلا　　آ تماشا ویکھ چلیا قافلا
سُتّا ہیں تاں جاگ بندیا عاصیا　　اپنا آپ سنبھال کوسنگ نہ جاسیا
سُتّا ہیں تاں جاگ رب جپ رات نُوں　　رب پچھیسی عمل نہ کہ ذات نُوں
سُتّا ہیں تاں جاگ بہتا سونوسیں　　ہو نہ اتنا شاد بہتا رووسیں
سُتّا ہیں تاں جاگ لا تُوں بوٹیاں　　پھر نئیں آنا جب کہ اکھّاں نوٹیاں
آ تماشا ویکھ اس سنسار دا　　کر لے سودا زُود اس بازار دا

ظاہر و باطن

مُلّاں ہو کر علم نہ جانے اُچی بانگ سناون کیا
بہمن ہو کر بھید نہ جانے متھے تلک لگاون کیا
جوگی ہو کر جگت نہ جانے جُھوٹھے کن پڑواون کیا
جس بیڑی وچ ونجھ نہ ہوئے اس بیڑی وچ جاون کیا
جس گھر گیاں نہ ہوئے آدر اس گھر پھیرا پاون کیا
جس مہری وچ مہر نہ ہوئے اس سنگ پریت لگاون کیا
جس حلوے وچ گھیئو نہ ہوئے اس حلوے دا کھاون کیا
شاہ مراد کر تھیّا تھیّا نچن پئی شرماون کیا

ہاشم شاہ

(1752ء-1823ء)

آپ جگدیو کلاں ضلع امر تسر میں حاجی محمد شریف کے ہاں پیدا ہوئے۔ 14، 15 برس کے تھے کہ والد کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ 84-1883ء کے لاہور گزیٹیر (ص55) کے مطابق آپ مہاراجہ رنجیت سنگھ کے درباری شاعر (Court Poet of Ranjit Singh) تھے مگر محققین نے اس سے اتفاق نہیں کیا۔ آپ عروض، طب، رمل اور نجوم کے ماہر تھے۔ تین شادیاں کیں اور پیری مریدی سے بھی شغف رہا۔ آپ نے دوہڑوں کے علاوہ اردو، فارسی، ہندی اور پنجابی میں کئی قصے لکھے مثلاً چہار بہار ہاشم، مثنوی ہاشم شاہ، دیوانِ ہاشم فارسی میں ہیں۔ کبت ہندی میں ہیں۔ ''مناجات ہاشم'' اردو میں ہے جبکہ قصہ شیریں فرہاد' قصہ سسی پنوں، قصہ سوہنی مہنیوال' قصہ ہیر رانجھا اور سی حرفیاں وغیرہ پنجابی میں ہیں مگر شہرت سسّی پنوں کے قصے اور دوہڑوں کو حاصل ہوئی۔ نمونہ کلام ملاحظہ ہو:

اوّل نام دھیاؤ اس دا جن ایہہ جگت اُپایا
تھمّاں، میکھ، زنجیراں باہجوں دھرت آکاش ٹکایا

سسی پنوں

چمکی آن دوپہراں ویلے گرمی گرم بہار اے
تپدی لو وگے اسمانی پنچھی مار اُتارے
آتش دا دریا کھلوتا تھل مارو وچ سارے
ہاشم فیر پچھاں نہ مُڑدی لوں لوں ہوت پکارے
نازک پیر ملوک سسی دے مہندی نال شنگارے
بالو ریت تپے وچ تھل جیوں جوں بھنن بھٹیارے
سورج بھج وڑیا وچ بدلی ڈردا لشک نہ مارے
ہاشم ویکھ یقین سسی دا صدقوں مول نہ ہارے

سسی آن ڈِٹھا وچ نیندر ہوت بے ہوش جو خوابوں
سورج وانگ شعاع حسن دی باہر پوس نقابوں
جے لکھ پا صندوق چھپایئے آوگ مشک گلابوں
ہاشم حسن پریت نہ چُھپدی تارک ہون حجابوں
O
ثابت صدق سوہنی کر دھائی، رہی نہ اٹکے ہوڑے
خونی ویہن قہر دیاں لہراں واگ پچھانہہ نہ موڑے
ایسی پریت سجن سنگ جوڑی آس جیون دی توڑے
ہاشم صدق سوہنی دے اتوں مارے مرد کروڑے
O
عشق چھپایاں چھپدا ناہیں بھاء نہ چُھپدی ککھیں
اوڑک اِک دن باہر آوے نشر ہووے وچ لکھیں
گھمن گھیر چوپھیرے گھیرے ٹھاٹھاں لین کلاوے
لہراں زور کرن ہر طرفوں اِک آوے اِک جاوے
O
سوہنی مُول نہ تردی تر کے خوب تری ڈُب مر کے
ہوئی شہید سسی جد موئی کھوج اُتے سر دھر کے
تاں مشہور ہویا پروانہ جاں مویا ہٹھ کر کے
ہاشم کوئی نہ منزل اپڑے جان ولّوں ڈر ڈر کے
O
اِک بہہ کول خوشامد کردے پَر غرضی ہون کمینے
اِک بے پرواہ نہ پاس کھڑوون پَر ہوون یار نگینے
کونجاں وانگ ہزار کوہاں تے اوہناں شوق وکھو وکھ سینے
ہاشم ساجن کول ہمیشہ، بھانویں وِچھڑے ہون مہینے

O

گُل تے خار پیدائش اک سے باغ چمن دی دونویں
اک شب عُمر گُلاں دی اوڑک اتے خار رہن نت اوویں
تھوڑا رہن قبول پیارے پر تُوں خار نہ ہوویں
ہاشم آن ملیں گل ہس کے بھانویں اک پل پاس کھلوویں

O

سونا صاف پیا کٹھیالی تا لگے تیوں چمکے
جیوں تلوار اصل فولادی صیقل ہووے تے دمکے
آتش تیز توِیں تیوں کردی واؤ لگے اٹھ رمکے
ہاشم جان عشق دا جوہر خوار ہووے تیوں بھمکے

ڈیوڑھ

کامل شوق ماہی دا مینوں رہے نت جگر وچ وسدا۔ لوں لوں رسدا
رانجھن بے پرواہی سودا اتے کوئی گناہ نہ دسدا۔ اُٹھ اُٹھ نسدا
جیوں جیوں حال سناواں رو رو ویکھ تتی ول ہسدا۔ ذرا نہ کھسدا
ہاشم کام نہیں ہر کس دا عاشق ہون درس دا۔ برہوں وسدا

چند دوہوں کا منظوم اُردو ترجمہ

O

پھول اور کانٹے دونوں دیکھو ایک جگہ ہوں پیدا
اک شب پھول کی عمر یہاں پر، نت کانٹوں کی دنیا
تھوڑا جینا لیکن پیارے، کانٹا مت بن جانا
ہاشم ہنس کے ملو گلے گو پل بھر کو مسکانا

O

پارکھ بن کوئی مول نہیں ہے، گو پارس کہلائے
لیلیٰ کی تو قیمت جب ہے، مجنوں اگر بتائے
پھول کی قیمت بھنورا جانے، اس پر جو مر جائے
ہاشم جو گن خود نا جانے، وہ کیا گن سمجھائے

O

کہاں سکندر، کہاں ہے دارا، جام کہاں ہے جم کا
جن کی تیغ سے دیو بھی کانپیں دل دہلے رُستم کا
ان کی راکھ مِلے نا ڈھونڈے، دُنیا ہے گھر غم کا
ہاشم جان غنیمت جانو، نہیں بھروسا دم کا

O

ساجن تیرے برتاوے سے جان لبوں پر آئے
بول پڑوں تو جگ رسوائی چُپ بھی رہا نہ جائے
شرم کی ماری جس گھر جاؤں برہا ڈھول بجائے
ہاشم جس گھر ہاتھی جائے چُھپے نہ لاکھ چھپائے

O

زلف کا جال اور حسن کا چوگا اس پر دل آرائی
چوگ چگن کو دل مچلا اور اپنی جان پھنسائی
کہاں گیا کس حال میں ہے، پھر دل کی خبر نہ آئی
ہاشم وہ نا لوٹ کے آئیں جنھوں نے پریت لگائی

O

(منظوم اُردو ترجمہ: شفیع عقیل)

شاہ محمد

(1789ء-1862ء)

امرتسر کے رہائشی شاہ محمد نے قصہ سسی پنوں بھی لکھا مگر انہیں پنجاب کا پہلا قومی شاعر کہا جاتا ہے کیونکہ انہوں نے سکھوں اور انگریزوں کی جنگ پر مبنی رزمیہ لکھا جس میں مقامی لوگوں کی بہادری کی تعریف کی اور غداروں کی اصل حقیقت انتہائی عمدہ انداز میں بیان کی۔ پنجابی ادب میں دو رزمیے بہت معروف ہوئے۔ ایک نجابت کا "نادر شاہ دی وار" اور دوسرا شاہ محمد کا "سِکھّاں دی وار"۔ یہ رزمیہ انگریزوں اور سکھّوں کے ان آخری معرکوں پر مبنی ہے جس کے نتیجے میں انگریزوں نے پنجاب پر اپنا قبضہ مکمل کیا۔ پہلی خونی جنگ 1848ء اور دوسری 1849ء میں ہوئی۔ مصنف نے ان جنگوں کا محرک مہارانی جند کوراں کے جذبۂ انتقام کو بنایا ہے جو پنجاب کی حکمران تھی اور بعد ازاں درباری سازشوں اور اپنی غلط پالیسیوں کے باعث تخت سے اتار کر قید میں ڈال دی گئی تھی۔ مصنف نے اس پورے دور یعنی رنجیت سنگھ کی پیدائش فتوحات اور موت کے بعد آنے والے جانشینوں کے احوال کو مکمل تفصیل کے ساتھ موضوع بنایا ہے اور یہ وار اس طرح لکھی ہے جیسے وہ خود چشم دید گواہ ہو۔

واقعات کے مطابق جند کوراں نے جذبۂ انتقام سے مغلوب ہو کر سکھ فوجوں کو مروانے کے لیے انگریزوں کو خط لکھ کر بلایا اور کہا کہ انگریزی فوجیں سکھوں پر بھرپور حملہ کر کے ان کو ختم کر دیں۔ اس نے یہ بھی لکھا کہ اس موقع پر وہ سکھ فوجوں کا خراج بند کر دے گی۔ یہی نہیں بلکہ اس نے سکھ فوجوں کو توپوں کے لیے جو بارود دیا اس میں پسی ہوئی سرسوں کو کالا رنگ دے کر ملا دیا جس کے نتیجے میں سکھوں کی توپیں بیکار ہو کر رہ گئیں۔ ہرچند کہ سکھ پوری بہادری اور تندہی سے لڑے اور انھوں نے انگریز فوج کا بہت نقصان بھی کیا مگر غداروں کے باعث بالآخر شکست سے دوچار ہوئے۔ آخر کو جب ان پر یہ حقیقت آشکار ہوئی کہ یہ تباہی غیروں کی نہیں بلکہ جند کوراں کی لائی ہوئی ہے جسے انگریزوں نے صلے کے طور پر جاگیر اور وظیفہ عطا کر دیا ہے تو بے چارے سوائے تلخی اور بے بسی کے کچھ نہ کر سکے۔ ملاحظہ ہوں اس حوالے سے وار کے چند بند۔ پہلے دو چو مصرعوں میں جند کوراں کے جذبۂ انتقام کی نشاندہی کی گئی ہے جس کے نتیجے میں جنگ ہوئی۔ تیسرے بند میں جنگ کا منظر ہے اور چوتھے بند میں سازش کے کھل جانے پر بے بسی کا اظہار ہے۔

جند کوراں دا جذبہ انتقام

مینوں آن چوفیریوں گھوردے نی لیندے مفت انعام روپے باراں
جٹی ہوواں تے کراں پنجاب رنڈی سارے دیس دے وچ جاترن واراں
چھڈاں نئیں لہور دے وڑن جوگے سنے وڈیاں افسراں جمعداراں
پئے رُلن گے وچ پردیس مُردے شاہ محمدا مارنی ایس ماراں
O
چُوڑے لہن گے بہت سہاگناں دے نتھ چونک تے والیاں ڈنڈیاں نی
جنھاں کوہ کے ماریا وِیر میرا کوہاں گی ایہناں دیاں جنڈیاں نی
دُھماں جان ولائتوں پراں تیکر پاواں بکرے وانگ چا ونڈیاں نی
شاہ محمدا پین گے وین ڈونگھے جدوں ہون پنجابناں رنڈیاں نی
O

لڑائی دا منظر

آئیاں پلٹناں پیڑ کے توپ خانے اگوّں سِنگھاں نے پاسے تروڑ دِتّے
میوا سِنگھ تے ماکھے خان ہوئے سدّھے ہلّے تِن فرنگی دے موڑ دِتّے
شام سنگھ سردار اٹاری والے بنھ شتروں جوڑ وچھوڑ دِتّے
شاہ محمدا سنگھاں نے گوریاں دے وانگ نمبواں لُہو نچوڑ دِتّے

ہارن توں بعد بے بسی دا نقشہ

پچھوں بیٹھ کے سنگھاں نُوں عقل آئی کیہی چڑھی ہیں زہر نُوں سان مائی
رکھناں کھندراں وچ پھسا کے جی توں تاں لاہ سُٹّے ساڈے گھان مائی
ہتھ دھوکے پئی ایں مغر ساڈے گھریں اجے نہ دینی ایں جان مائی
شاہ محمدا کھوہ ہتھیار بیٹھے نال لڑدیاں لئے پچھان مائی

منتخب کلام

راضی بازی رہندے مسلمان ہندو سر دوہاں دے وڈی آفات آئی
شاہ محمدا وچ پنجاب دے جی کدی نہیں سی تیسری ذات آئی

O

اَج ہووے سرکار تے مُل پاوے جیہڑیاں خالصے نے تیغاں ماریاں نی
شاہ محمدا اِک سرکار باجھوں فوجاں جت کے انت نوں ہاریاں نی

O

جھنڈے نکلے کوچ دا حکم ہویا چڑھے سُورمے سنگھ دلیر میاں
چڑھے پُت سرداراں دے چھیل بانکے جویں بیلیوں نکلدا شیر میاں

O

ایہہ جگ سراء مسافراں دی ایتھے زور والے کئی آگئے
شداد نمرود فرعون جیہے دعوے بنھ خدا کہا گئے
اکبر شاہ ورگے وچ دلی دے جی ڈھیری وانگ ونجاریاں پا گئے
شاہ محمدا رہے گا رب سچا واجے کُوڑ دے کئی وجا گئے

O

کونجاں نظر آون بازاں بھکھیاں نوں پئے سِنگھ کچیچیاں کھاوندے نی

قصہ سسی پنوں

خ۔خودی گمان نہ رہیا کائی میں تاں ڈبی وچ عشق دی لہر مائے
میری پیت چکور پتنگ والی سہاں آپنے سِر تے قہر مائے
چشمہ آب حیات دا ہوت پنوں ہور سبھ جہان ہے زہر مائے
شاہ محمدا رب جی مہر کرسی چل ویکھ ساں پنوں دا شہر مائے

حامد شاہ عباسی

(1161ھ)

حامد شاہ عباسی سید عطاء اللہ کے ہاں تحصیل پٹھان کوٹ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے دادا سید اعظم ایران سے ہجرت کر کے ہندوستان آئے تھے۔ دس برس کی عمر میں شعر کہنا شروع کر دیے تھے۔ جوانی میں جوتش کا علم بھی سیکھا۔ کئی کتابیں تصنیف کیں جن میں "جنگ نامہ حامد" اور "ہیر رانجھا" کا قصہ بھی شامل ہیں۔ آپ نے 30 برس کی عمر میں جنگ نامہ حامد (واقعہ کربلا) مکمل کیا جبکہ ہیر کا قصہ 1220 ہجری میں یعنی وارث شاہ کے 40 سال بعد مکمل کیا۔ آپ کے دوہڑے بھی بہت مشہور ہوئے جن میں تصوّف اور وحدانیت کا رنگ پایا جاتا ہے۔

عشق

جِس نوں مزہ ہے عشق دا، اس نُوں کھانا کیہہ آکھ　　سونویں نہ راتیں نیند وچ دنے مصیبت لاکھ
نہ ہسدا نہ رووندا سِر وچ پاوے راکھ　　حامد عشق حقیقی پکّے ویلیں داکھ

روپ

روپ ہے اکھیاں بانکیاں اندر جگت بہار　　عاشق اکھیاں دے ہوئے وڈے چشم کٹار
اکھیاں مارے موئے ہن عاشق وچ سنسار　　حامد اکھیاں وچ جو خالق دا اسرار

ہیر رانجھا

مینوں ضد مُڈھوں رانجھے ہیر دی سی نِت بولدا بُری زبان میاں
جٹی جٹ اُدھال لے گیا سی جی مندے کرم سی وِچ جہان میاں
کتے سارنگی کھوہ کے چُور کیتی گاون والڑا پکڑ خراب کیتا
کتے ونجھلی کھوہ کے دھرت ماری قصّہ پڑھدے نوں کتے بے آب کیتا
ہُندر مکیاں مار کے گاوندے نوں پکڑ پسلیوں جگر کباب کیتا
بائی ورھے حامد ایسے حال بیتے بہت بہت سوال جواب کیتا

منظوم اُردو ترجمہ

ان آنکھوں کا روپ ہے ایسا جیسے نئی بہار
ان سے کوئی پیار کرے، تو بنیں یہ تیز کٹار
ان کی چاہت ہر کوئی چاہے، پاگل سب سنسار
حامد ان کی آنکھوں میں دیکھو، خالق کے اسرار

O

عشق شہنشاہِ دو عالم عشق مرا ایمان
عرش سے لے کر فرش تلک تو عشق ہی غالب جان
اس کی خاطر بنے بھکاری راجے اور سلطان
جو بن عشق جیے دنیا میں وہ کیسا انسان

O

جس کو پریت کی چاٹ ہے اس پر کھانا ہوا حرام
دن گزریں یا راتیں بیتیں، سونے سے کیا کام
راکھ ہو سر میں، ہنسنا بھولے پیار کا یہ انعام
حامد عشق حقیقی ہو تو، یاد رہے اک نام

O

دنیا میٹھی نہیں ہے اس کو زہر سے کڑوا جان
قدم قدم پر لالچ دے کر گھیرے گا شیطان
کرم وہاں آئیں گے سب یہیں رہے گی شان
جو بوئے سو کاٹے جگ کی ریت ہے یہ پہچان

O

(منظوم اُردو ترجمہ: شفیع عقیل)

مولوی لطف علی

(1129ھ-1209ھ)

ملتان میں پیدا ہوئے اور بہاولپور میں عمر گزاری۔ دیگر تصانیف کے علاوہ ''سیفل نامہ'' بھی لکھا اور اسی سے شہرت حاصل کی۔ یہ تصنیف 1195 ہجری میں مکمل ہوئی۔ سیفل نامہ میں شہزادہ سیف الملوک اور پری بدیع الجمال کی داستان منظوم کی گئی ہے جس پر میاں محمد کے علاوہ اور بھی کئی شعراء نے طبع آزمائی کی۔ کہا جاتا ہے کہ نواب بہاول خان ثانی کے محل میں مدن نام کی ایک لونڈی تھی جسے دیکھتے ہی مولوی لطف علی دل و جان سے اس پر فریفتہ ہو گئے اور اُسی کے عشق میں یہ مثنوی تحریر کی۔

سیفل نامہ

آکھیا شاہ پسر نوں میتھوں اینویں نہ ہو آوارہ
آکھیوس باجھ ونجھن دے بابل ہور نہ کوئی چارہ
آکھیا شاہ نہ رول اسانوں تُجھ فراق ستارہ
آکھیوس منگ دعائیں تائیں ترت لہاں چنگارہ
آکھیا شاہ نہ چھوڑ حیا نہ دولت مُلک سہارا
آکھیوس باجھ سجن دے ویکھاں مُلک تمام اندھارا

سیفل نامہ میں سے تین بند کا ترجمہ

O

اس دنیا میں موت کا پتھر لعل جواہر توڑے
ترس ذرا نہ اس کو آئے نازک بدن بھنبھوڑے
ازل کا مالی رحم نہ کھائے شاخ سے پھول مروڑے
نیا پرانا کچھ بھی نہ دیکھے جڑ سے پیڑ جھنجھوڑے

اس ندی میں موت کی لہریں، ڈوب گئے کئی جوڑے
اتنی طاقت کس میں یہاں ہے، موت سے منہ جو موڑے
جہاں بھی جا کر چھپ جاؤ گے ملک الموت نہ چھوڑے
نازک جسم کو کیڑے کھائیں جیسے موت چھچھوڑے
قبریں دیکھو، غور کرو، کیا خاک نے جسم نچوڑے
پھر بھی اس کا پیٹ ہے خالی لاکھوں کھا گئی جوڑے
سب کی راہ عدم ہے یارو، سانس کے لمحے تھوڑے
مجھ مسکین کا قصہ سن کر یاد نہ میری چھوڑے
لطف علی نے اسی لیے یہ قصے نئے ہیں جوڑے

O

پھر البیلی کہنے لگی وہ قاصد کو بھجواؤں
پری کے دیس میں دلبر تجھ کو پل بھر میں پہنچاؤں
ہرمل بن کر تجھ پہ جلوں میں نظر بد سے بچاؤں
اپنے جسم پہ راکھ ملوں اور رنگ بھبھوت رچاؤں
شوق کا سُرخ دوپٹا اوڑھوں پیار کا دیپ جلاؤں
ساجن بن میں دُکھیا پل پل غموں کا بوجھ اُٹھاؤں

(منظوم اُردو ترجمہ: شفیع عقیل)

میاں کریم بخش

(1785ء-1876ء)

لاہور کے رہائشی میاں کریم بخش اپنے دور کے استاد شاعر تھے۔ شعروں میں بجھارتیں اور استادانہ پہلو نمایاں ہے۔ تقریباً ان پڑھ تھے مگر وہبی علم اور فی البدیہہ شعر کہنے میں اپنی مثال آپ تھے۔ آپ نے ہیر رانجھا کا قصہ بھی لکھا۔

قصہ ہیر رانجھا سے نمونۂ کلام

گورو دھار کے مندراں پا آیا جامہ نال گیری لیا رنگ جوگی
لگن یار دی بے اختیار کیتا ملی خاک تے ہویا ملنگ جوگی
پنج پیر ملے' مہربان ہوئے ہیر آکھدا اے میری منگ جوگی
دھواں کھیڑیاں دے وچ پا بیٹھا سہتی نال مچاوندا جنگ جوگی
بوٹا جڑھاں تھیں پٹ اُکھیڑیا سو ساری چا مٹاوندا کنگ جوگی
بن کے رانجھیوں جوگی کریم بخشا ہیر کر لئی او آپنے سنگ جوگی

O

کھادا غم یعقوب فراق اندر بھریاں گئیاں کلیجے نوں رُگیاں نیں
اُہدے رووندے نین بصیر ہو گئے یوسف جھگیاں کیتیاں لگیاں نیں
ہوئی معاف تقصیر نہال ہوئے نرواں لال پاسے دیاں پگیاں نیں
پئے اُہناں نوں طوق کریم بخشا ہوئیاں بے فرمان جو گھگھیاں نیں

عبداللہ عبدی قیصر شاہی

(1823ء-1918ء)

حضرت عبداللہ عبدی قیصر شاہی 1823ء میں رسول نگر (گوجرانوالہ) میں پیدا ہوئے۔ والد کا نام شیخ محمد یار تھا۔ ابتدا میں راجا دلیپ سنگھ کی ملازمت کی۔ جب 1849ء میں دلیپ سنگھ فرخ آباد لے جائے گئے تو یہ بھی ہمراہ تھے۔ اس کے بعد راجا کی ملازمت سے الگ ہو گئے پھر تھانیداری اور ڈسٹرکٹ ناظری کی۔ 1884 میں پنشن پائی اور 1918ء میں انتقال کیا۔ ڈاکٹر وحید قریشی مرتب یار نامہ (سی حرفیاں حضرت سید عبدی قیصر شاہی) دیباچے میں لکھتے ہیں کہ ان کا کلام ان کے پوتے شیخ برکت علی کی وساطت سے اُن تک پہنچا اور یہ بھی حضرت عبدی کے فیوض کا نتیجہ ہے کہ بعد میں ان کے خاندان کے افراد علم و ادب کی خدمت میں پیش پیش رہے جن میں شیخ ایس اکرام، جسٹس ایس اے رحمان وغیرہ قابل ذکر ہیں۔ 48 صفحات کا یہ مجموعہ 1963 میں پنجابی ادبی بورڈ لاہور نے شائع کیا۔ آپ کی تمام سی حرفیوں کے ہر مصرعے کے آخر میں "یارا" کا لفظ آتا ہے۔

O

جیم جمدیاں حرف پریم دِل تے لکھیا گیا اے آپنے آپ یارا
اکو داغ جماندرُو عشق سانُوں، ہور دُکھ نہ تاپ سراپ یارا
کوئی جاگدے کوئی اوجاڑ پھِردے، کوئی بولدے تے چُپ چاپ یارا
عبدیؔ کوئی علاج نہ پیش جائے کرے فضل تے ہووے ملاپ یارا

O

جیم جال وجود دے وِچ پھاتھا پنچھی رُوح دا خاص آزاد یارا
ہوئے قُدرتاں ویکھ حیران اسیں کِہیا بھارا ایں پِیر استاد یارا
وچوں نال اساڈڑے رہیں رَلیا اُتوں پائے نی کیہہ فساد یارا
عَبدیؔ سُتیّاں کلاں جگائیاں نی کوئی دئے نہ آ کے داد یارا

بردا پشاوری

(1827ء۔1898ء)

سردار بردا خان پشاور کے رہنے والے تھے۔ ہندکو میں انتہائی عمدہ سی حرفیاں اور چو مصرعے لکھے۔کچھ عرصہ راولپنڈی جیل میں قید بھی رہے جس کا ذکر انھوں نے اپنی شاعری میں کیا ہے۔ حاضر جواب، خوددار اور خوش ذوق شخصیت کے مالک تھے۔ بردے کی شاعری کا فنی و فکری معیار بہت بلند ہے‘ شعری ضرورتوں اور نزاکتوں کا پورا پورا دھیان رکھتے تھے۔ زندگی کے نشیب و فراز کا بھی انہیں گہرا تجربہ تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی شاعری میں سماجی شعور اور ارد گرد کے ماحول کی بہت عمدہ عکاسی کی گئی ہے۔ بلاشبہ بردا پشاوری ہندکو اور پنجابی شاعری کا ایک بہت بڑا نام ہے۔

O

الف۔ اُٹھ پہلے روز ٹریا بردا متھا لگا سو نال لڑائی دے جی
سکے بھائی نے قید کرا دِتا لک بنھ کے نال جوائی دے جی
تناں برساں دی قید میں کٹ آنواں سخن یاد رکھاں سکے بھائی دے جی
بردا چھٹے قیدوں ملے ماہیاں نوں جویں ہیر نوں چاک ملائی دے جی

O

ج۔ جیل خانہ راولپنڈی والا جس دیاں کوٹھیاں گنوں تے ہین چاہلی
پنج ست قیدی روز آوندے نیں اِک دن نہیں جاندا وے مُول خالی
باراں سیر چھولے دیندے پینے نوں منہ تے چھائی زردی اکھیاں آئی لالی
بردا آکھدا یارو انگریز ڈاہڈا جنھاں سئیاں جواناں دی عمر گالی

O

ب۔ بُری مرض یارو عشق والی دارو لگدے نہیں طبیب والے
ساہوکاراں دے سخن منظور ہُندے سخن نہیں منظور غریب والے
نال عاجزی دے کم کڈھ لیندے رساں چُوپ لیندے مِٹھی جیبھ والے
بردا سئیاں درختاں دی کرے راکھی میوہ پکے تے کھان نصیب والے

O

الف۔ اکھیاں تیریاں سندرا اوئے نت کجلے دے نال کالیاں نیں
گل وچ تعویذ نے رنگ لایا کنیں سوہنیاں مندراں والیاں نیں
لک پتلا سرو مثال تیرا جویں وچ چمن دے ڈالیاں نیں
بردا آکھدا سندرا مہرباناں عاشق سے مصیبتاں جالیاں نیں

O

ل۔ لگے جنہوں سو ای جاندا اے کون رووندا نال بہانیاں دے
کنھوں کھول کے دل دا بھیت دساں کون سُندا اے درد دیوانیاں دے
اُس یار کولوں کجھ نفع ناہیں جیہڑا نس جاوے مارے طعنیاں دے
بردا دل نوں رکھ سنبھال پیارے کجھ زور نہ پُت بیگانیاں دے

O

ع۔ عمر مثال جناب دی اے سورج چڑھے پرچھانواں ڈھلدا اے
جِس دم اُتے دَم مار بیٹھوں اوہ سماں کوئی گھڑی پَل دا اے
جوآں نال نہ کسے نے کنک کپّی نال اَک دے انب نہ پھلدا اے
بردا ہر اِک نے مُدّت نال جانا جتنا تیل دیوے اوناں بلدا اے

O

الف۔ اصل تھیں کدی بے وفائی ناہیں کم اصل تھیں نہ کدے وفا ہووے
اوہدے درد نُوں جان تُوں آپنا کر جیہڑا تیرے درد دا درد خواہ ہووے
اوس دوست تُوں نہ اُمید رکھیں جیہڑا آپنے مطلب دا آشنا ہووے
جیہڑا تیرے دُکھ تے نہ کدی جھورے بردا مارس گولی جے سکا بھرا ہووے

O

الف۔آؤ سہیلیو کم کریئے کماں باجھ نہ ملن مزدوریاں نیں
دماں باجھ نہ ہوندے نیں کم کوئی حسن باجھ نہ ہون مغروریاں نیں

کھنڈاں باجھ نہ ہووندے شربت مٹھے گھیو باجھ نہ ہوندیاں چوریاں نیں
بردا آکھدا رکھو نماز روزہ ہور سبھ گلاں ایتھے کوڑیاں نیں

O

ایک بار آپ میاں تاج الدین کندی دوز (جو کہ ملتان کے باسی اور امرتسر کٹڑہ خزانہ کے رہائشی تھے) کو ملنے کے لیے گئے۔ تاجؔ نے اپنا اتا پتا بتاتے ہوئے چومصرعے میں کہا:

الف۔ اساں دے ملنے دی خواہش رکھیں وطن اساں دا خاص ملتان پُچھ لے
امرتسر پنجاب وچ آ کے تے کٹڑے وچ خزانے دوکان پُچھ لے
اللہ دتہ غریب دا نام عاجز کُندی دوزاں دی آ کے دوکان پُچھ لے
تاجؔ دین دا جان کے نام پایا سمن شاہ دولو نگہبان پُچھ لے

یہ سن کر آگے سے بردا پشاوری نے فی البدیہہ جواب دیا:

ک۔ کیہڑی کستوری تے مُشک وِیچیں جو میں آن کے تیری دوکان پُچھ لاں
کیہڑا بہاءالحق دا تُوں پوترا ایں وطن جا کے تیرا ملتان پُچھ لاں
کیہڑے لکھاں کروڑاں دا ونج کرنا ایں جیہڑا جا کے تیرا نشان پُچھ لاں
بردا آکھدا ہور نُوں خواہش نئیں اے نگہباں جو تیرا خواہان پُچھ لاں

O

ع عمر مثال حباب دی اے سورج چڑھے پرچھاواں ڈھلدا اے
جس دم اُتے دم مار بیٹھوں اوہ سماں کوئی گھڑی پلدا اے
جو آں نال نہ کسے کنک پِپی نال اَک دے انب نہ پھلدا اے
بردا ہر اِک نے مدت نال جانا جتنا تیل دیوے اُتنا بلدا اے

میاں محمد بخش

(1830ء۔1907ء)

چک ٹھاکرہ علاقہ کھڑی شریف میر پور آزاد کشمیر میں میاں شمس الدین کے ہاں پیدا ہوئے جو حضرت عبداللہ شاہ غازی دمڑی والی سرکار کے مرید اور سجادہ نشین تھے۔ میاں صاحب نے والد سے اکتسابِ فیض کیا اور ساری عمر رشد و ہدایت اور تصنیف و تالیف میں مصروف رہے۔ سی حرفیاں، دوہڑے، مرزا صاحباں، سیف الملوک، سوہنی مہینوال، شیریں فرہاد اور دیگر قصوں کے علاوہ غنیمت کنجاہی کی معروف فارسی مثنوی "نیرنگ عشق" (جو دو لڑکوں شاہدؔ اور عزیزؔ کے عشق پر مبنی ہے) کا بھی پنجابی میں منظوم ترجمہ کیا تاہم جو شہرت سیف الملوک کو حاصل ہوئی وہ کسی قصے کے حصے میں نہیں آئی۔ یہ قصہ پہلی بار آپ کی زندگی میں ہی یعنی 1902ء میں جہلم سے شائع ہوا یعنی اسے چھپے ہوئے 108 برس سے اُوپر ہو چکے ہیں۔ اس نسخے کی پروف خوانی اور تصحیح آپ نے خود فرمائی تھی۔ آپ کا کلام اعلیٰ اخلاقی اقدار کے پرچار کا ایک ایسا آئینہ ہے جسے آپ نے پہلے مصرعہ میں دعویٰ اور دوسرے میں دلیل فراہم کر کے صیقل کیا۔ پنجابی کلاسیکی شاعری میں آپ کے ایسے اشعار سب سے زیادہ ہیں جو عام لوگ حوالے کے طور پر استعمال کرتے ہیں کیونکہ ان میں غیر معمولی سوز و گداز اور عوامی دانش و دانائی پائی جاتی ہے۔ 22 جنوری 1907ء کو وفات پائی اور کھڑی شریف میر پور آزاد کشمیر میں مدفون ہوئے۔ وارث شاہ، بلھے شاہ، شاہ حسین کی طرح آپ نے بھی تمام عمر شادی نہیں کی۔

O

سے سے جوڑ سنگت دے ڈِٹھے اوڑک وِتّھاں پئیاں
جنھاں باجھوں پَل نہ گزرے اوہ شکلاں یاد نہ رہیاں

O

نیچاں دی اشنائی کولوں فیض کسے نہ پایا
کِکر تے انگور چڑھایا ہر گُچھا زخمایا

O

درد منداں دے سخن محمد دین گواہی حالوں
جس پلے پُھل بدھے ہوون آوے بو رومالوں

O

عاماں بے اخلاصاں اگے خاصاں دی گل کرنی
مِٹھی کھیر پکا محمد کتیاں اگے دھرنی

O

اوکھے ویلے کاری آوے بھلیاں دی اشنائی
اڑیا آکھن دی لج پالن جو انسان وفائی

O

جاں کھیتی دا ککھ نہ رہیا نہ سُکا نہ ہریا
کس کم دُھپ سکاون والی کِس کَم بدل ورھیا

O

مالی دا کم پانی دینا بھر بھر مَشکاں پاوے
مالک دا کم پَھل پُھل لانا لاوے یا نہ لاوے

O

مر مر اک بناون شیشہ مار وٹا اک بھَن دے
دنیا اُتے تھوڑے رہندے قدر شناس سخن دے

O

باغ بہاراں تے گلزاراں بِن یاراں کس کاری
یار ملے دُکھ کٹے جاون شکر کراں لکھ واری

O

اچی جائی نیوں لگایا بنی مصیبت بھاری
یاراں باہجھ محمد بخشا کون کرے غمخواری

O

حسن جمال ترا کس کارن عاشق سِکدا مَرسی
جاں دیدے نابینے ہوئے پھر سرمہ کیہہ کرسی

O

نہ مِلیے تاں ملیے ناہیں جے مِلیے تے ہس کے
مٹھا بول اندر وڑ ملیے عاشق دا دل کھس کے

O

ویکھ الغوزہ سُکّی لکڑی اگی بالن والی
ہر ہر جائی رخنہ موری اندر سارا خالی
جاں مردے منہ لائی بھائی کج لئی ہر موری
نیک انیک اوازے نکلے پھوک جدوں وچ ٹوری

O

جائز ہوندی دوئے دے ہتھیں جے خدمت دلبر دی
بادشاہاں دے بدلے سبھو خلق نمازاں پڑھ دی

O

دشمن مرے تے خوشی نہ کریئے سجناں وی مر جاناں
ڈیگر تے دن گیا محمد اوڑک نوں ڈب جاناں

O

ویری دشمن موئے گئے دا ساہ وساہ نہ کریئے
سپ موئے دا کنڈا چبھے پھر بھی دردیں مریئے

O

شعر مرے اس ملک آپنے وچ مول نہ پاندے قیمت
دور دراڈے جس نوں لبھن جانے بہت غنیمت
کیسر سستا ہے کشمیرے پُچھو مثل لہوروں
پستہ تے بادام محمد سستے ملن پشوروں

O

توڑے کتے بن کے رہیے وچ وطن دیاں گلیاں
در در جھڑکاں سہیے تاں بھی پھر پردیسوں بھلیاں

O

باج اواز ادا رسیلی لگدا شعر الونا
دودھ اندر جے کھنڈ ملایئے مٹھا ہوندا دونا

O

قصے ہور کسے دے اندر درد آپنے کد ہوون
بِن پیڑاں تاثیراں ناہیں بے پیڑے کد روون
O
درد ہووے تاں ہا نکلدی کوئی نہ رہندا جر کے
دلبر آپنے دی گل کیجے ہوراں نوں مُنہ دھر کے
O
جِس وچ گجھی رمز نہ ہووے درد منداں دے حالوں
بہتر چُپ محمد بخشا، سخن اجیہے نالوں
O
جِس دل اندر عشق نہ رچیا کُتّے اُس توں چنگے
خاوند دے در راکھی کردے صابر بُھکھّے ننگے
O
جادوگر دو نین کُڑی دے وچ کجلے دی دھاری
صوفی ویکھ ہوون مستانے چھڈن شب بیداری
O
اتھے نوں بازار پھرایا سارا سیر کرایا
جاں بُجھوں تاں ایہو کہسی کجھ نظریں نئیں آیا
O
لکھ سواد نہ مصری اندر کھنڈاں وی چکھ ڈٹھیاں
اینہاں ساریاں چیزاں نالوں گلّاں سجن دیاں مٹھیاں
O
ہر کوئی میلہ ویکھن کارن آن میدان کھلویا
اِس میلے چوں کُجھ نئیں کھٹیا جس دا میل نہ ہویا
O
جھل جھل ہار نہ ہاریں ہمّت ہکدن پھرسی پاسا
بُھکھّا منگن چڑھے محمد اوڑک بھردا کاسا

O

اُچّا ناں ایتھے جِس وی دھریا اوہ چُلھّے وچ سڑیا
نیواں ہو کے لنگھ محمد تاں بچسیں توں اڑیا

O

مان نہ کیجے روپ گھنے دا وارث کون حسن دا
سدا نہ رہسن شاخاں ہریاں سدا نہ پھول چمن دا
سدا نہ بھور ہزارں پھرسن سدا نہ وقت امن دا
مالی حکم نہ دئے محمد کیوں اج سیر کرن دا
سدا اڈاراں نال قطاراں رہسن کد کلنگاں
سدا نہ لاٹ چراغاں والی سدا نہ سوز پتنگاں
سدا نہ چھوپے پا محمد رَل مِل بہناں سنگاں
سدا نہیں مرغایاں بہناں سدا نہیں سر پانی
سدا نہ سیاں سیس گنداون سدا نہ سرخی لانی
لکھ ہزار بہار حسن دی خاکو وچ سمانی
لا پریت محمد جس تھیں جگ وچ رہے کہانی
مگر شکاری کرے تیاری بار چرینديا ہرنا
جو چڑھیا اس ڈھیناں اوڑک جو جمیاں اس مرنا
کُجھ وساہ نہ ساہ آئے دا مان کیہا پھر کرنا
جِس جثے نُوں چھنڈ چھنڈ رکھیں خاک اندر ونج دھرنا
لوئی لوئی بھر لے کڑیئے جے تدھ بھانڈا بھرنا
شام پئی بِن شام محمد گھر جاندی نے ڈرنا

O

ہک دن کرن شکار شکاری باری اندر آیا
آن درخت گھنے دی چھانویں اس نے ڈیرا لایا

نالے باز ہواؤں اڈدا آ بیٹھا اس رُکھ تے
طعمہ لوڑے ماس نہ چھوڑے آیا ظالم بُھکھ تے
ہیٹھ شکاری باز اتے سی وچ بیٹھی اک گھگی
دشمن ویکھ کہے اج میں بھی چوگ ازل دی چگی
ہیٹھوں شست شکاری جوڑے تیر گھگی نوں لانواں
اتوں باز تکے جے اڈے پکڑ شتابی کھانواں
گھگی جدوں اوہناں ول ڈٹھا کر دی فکر گھنیرا
کہندی ربا کیونکر رکھسیں بچن نہیں ہن میرا
بیٹھ رہاں تاں شست برابر مارے تیر شکاری
جے اڈاں تاں باز پکڑسی ہر پاسوں میں ماری
تیر لگن وچ دیر نہ کوئی کجھ تدبیر نہ چل دی
آہی گھڑی اجل دی ایہو وچ تقدیر ازل دی
جاں رب رکھن اتے ہویا کیہہ سبب بنایا
گھگی ول شکاری تکدا شست دھیان بھڑایا
پچھوں ناگ چلائے اس نوں دند آلود زہر دے
تیر چھٹا اوہ لگا بازے دونویں دشمن مردے
گھگی بیٹھی رہی اتھائیں چنگی بھلی نروئی
مارن والے موئے محمد قدرت رب دی ہوئی
قدرت قادر والی والی گنتر وچ نہ میوے
قصہ دس محمد بخشا یار کھلوتے سیوے

مناجات

رحمت دا مینہ پا خدایا باغ سُکّا کر ہریا
بوٹا آس اُمید میری دا کردے میوے بھریا
مِٹھا میوہ بخش اجیہا قدرت دی گھت شیری
جو کھاوے روگ اس دا جاوے دور ہووے دلگیری
سدا بہار دئیں اس باغے کدے خزاں نہ آوے
ہوون فیض ہزاراں تائیں ہر بھُکھا پھل کھاوے
بال چراغ عشق دا میرا روشن کردے سیناں
دل دے دیوے دی رُشنائی جاوے وچ زیناں

حمد باری تعالیٰ

اول حمد ثناء الٰہی جو مالک ہر ہر دا
اوس دا نام چتارن والا ہر میدان نہ ہردا
کام تمام میسر ہوندے نام اوہدا چِت دھریاں
رحموں سُکے ساوے کردا' قہروں ساڑے ہریاں
قدرت تھیں جس باغ بنائے جگ سنسار تمامی
رنگ برنگے بوٹے لائے کجھ خاصے کجھ عامی
ہکناں دے پھل مِٹھے کیتے پَت اوہناں دے کوڑے
ہکناں دے پھُل کاری آون نفعے پھلاں دے تھوڑے

مولوی عبدالستار

(1823ء-1913ء)

مولوی عبدالستار شیخوپورہ میں میاں مردان کے ہاں 1823ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تحریر کردہ قصہ یوسف زلیخا 1894ء میں پہلی مرتبہ شائع ہوا۔ کئی سی حرفیاں اور چھوٹے بڑے قصے لکھے مگر زیادہ شہرت "یوسف زلیخا" کو حاصل ہوئی۔ انتہائی قادر الکلام شاعر تھے۔ آپ کو شاعری خاصی راس آئی۔ 40 برس کی عمر تک تو آبائی پیشے یعنی کھڈی کے کام سے ہی منسلک رہے مگر جب مذہبی رنگ میں "قصص المحسنین" (یوسف زلیخا کا قصہ) لکھا تو ایک کھاتے پیتے زمیندار میاں شمس الدین نے آپ کو بھرا بھرایا گھر ہدیے میں دے دیا تاکہ آپ یکسوئی سے شعر و شاعری کر سکیں۔ اسی طرح بعد ازاں آپ کے شاعرانہ کمالات کے باعث "بکھیاڑی" نامی گاؤں کے لوگوں نے آپ کو کاشت کے لیے اچھی خاصی زمین ہدیہ کر دی تاکہ آپ فراغت اور سکون سے زندگی بسر کریں۔ آپ کے کلام میں بے پناہ سادگی، تاثیر اور سچائی پائی جاتی ہے۔

O

الف۔ اکھیاں کسے نہ رکھیاں ہن اکھیں رکھیاں مول نہ جاندیاں نیں
آپو ڈاہڈیاں نال پیار پاون آپے روندیاں تے پچھوتاندیاں نیں
مکھ یار دا ویکھ کے رہن راضی نہ کجھ پیندیاں تے نہ کجھ کھاندیاں نیں
ستار بخش اس حال نوں جاندے ہن اکھیں پیش حسیناں دے آندیاں نیں

O

ح۔حال کیہ پچھنائیں عاشقاں دا سدا روندیاں عمر گزار دے نیں
سارے جگ وچوں گنہگار ہوئے جویں چور تے ٹھگ بازار دے نیں
نالے لوک غریباں نوں دین طعنے نالے نین محبوباں دے مار دے نیں
ستار بخش میں رونڈری ہار آیاں اجے نین نہ ویکھنوں ہار دے نیں

قصص المحسنین سے منظوم اُردو ترجمہ

اس قدرت نے خاک پہ دیکھو، کیا کیا رنگ چڑھایا
ہر صورت کا حسن نکھارا، جلوہ باہر آیا
جدا جدا ہیں نقش سبھی کے، جن بھی اور بشر بھی
ہر ہر پھول سے خوشبو آئے، قدرت کاریگر کی
مشرق، مغرب، ہر سو اس نے لاکھوں شہر بسائے
خلقت فانی، بھرا ہے میلا، کوئی حساب نہ آئے
پل میں لاکھوں پیدا کر دے، پل میں انھیں وہ مارے
کسی کا وہ محتاج نہیں ہے، عاجز وہاں ہیں سارے
گرم دنوں میں کنویں میں دیکھو پانی سرد بنائے
سرد دنوں میں گرم ہو پانی، کیا کیا روپ دکھائے
کیسی اس استاد نے یارو، قدرت عجب دکھائی
اک آدم کی نسل ہے لیکن رنگا رنگ بنائی
کسی کو دردِ محبّت حاصل، کسی کو ہے گمراہی
وہاں کسی کی پیش نہ جائے وہ دربار الٰہی
کوئی امیر بنائے اس نے، عیش کریں جو چاہیں
کوئی غریب ہیں اتنے یارو، اپنے کو ترسائیں
کسی کو ملکوں کی سرداری، در پہ فوج کھڑی ہے
گلیوں میں مر جائیں کوئی، مشکل گھڑی کھڑی ہے

کسی کے گھر میں خوشیاں ناچیں اور مراد بھی پائے
کسی کے لیکھ میں درد جدائی، ہجر میں وہ مرجائے
کسی کو زیور، زینت حاصل کنگن ہار، نیارے
کسی کو ہتھکڑیاں زنجیروں، قیدی ہوں بیچارے
کسی کو گوشت اور زردہ حاصل، شکر نہ لب پر لائے
کسی کو باسی ٹکڑا ملے تو آنکھوں ساتھ لگائے
کسی نے اتنا زیادہ کھایا اپنی جان گنوائی
کسی نے رات کو فاقہ کر کے اپنی نیند اڑائی
کوئی یہاں پوشاکیں پہنیں، شان کی ہوں تدبیریں
کوئی چھپائے جسم کو ایسے چن چن جوڑے جھیریں
کوئی یہاں پر مرے پیاسا اور پکارے "پانی"
پانی میں کوئی ڈوب مرے، یہ قدرت دیکھ خدا کی
کسی میں طاقت عذر کرے کچھ یا آواز اٹھائے؟
خاکی، نوری، ناری، ہو گو کھال اتاری جائے

(منظوم اُردو ترجمہ: شفیع عقیل)

سائیں مولا شاہ مجیٹھوی

(1836ء۔1944ء)

سائیں مولا شاہ مجیٹھوی انیسویں صدی کے اہم شاعر تھے جنہوں نے دیگر قصوں کے علاوہ ہیر اور سسی کا قصہ بھی لکھا۔ ان کی ''سسی پنوں'' ڈاکٹر میاں ظفر مقبول نے اُردو ترجمے اور مشکل الفاظ کے معانی کے ساتھ انتہائی عمدہ تحقیقی انداز میں مرتب کی جو 2008ء میں شائع ہوئی۔ سائیں مولا شاہ نے یہ داستان 1896ء میں مکمل کی تھی اور پہلی مرتبہ 1907ء میں امرتسر سے شائع ہوئی جو 76 صفحات پر مشتمل تھی۔ ایک تحقیق کے مطابق سسی پنوں کی منظوم داستان پنجابی میں تقریباً 131 شعراء نے لکھی جن میں ہاشم شاہ اور فضل شاہ نواں کوٹی بھی شامل ہیں جن کے قصے بالترتیب زیادہ مشہور ہوئے۔ سائیں مولا شاہ اسلوب اور طرزِ تخیّل کے حوالے سے وارث شاہ سے کافی متاثر نظر آتے ہیں تاہم ان کی قادر الکلامی مسلّم اور تشبیہات اور استعاروں کا نظام قابلِ تعریف ہے۔ سائیں مولا شاہ نے 5 ستمبر 1944ء کو وفات پائی۔ آپ کا مزار ''تبڑ تبڑی'' (انڈیا) میں ہے۔ 1992 میں آپ کے پوتے میاں محمد اسماعیل منظر نے عقیدت مندوں کی خواہش پر کڑیال کلاں ضلع گوجرانوالہ میں انتہائی باوقار یادگار تعمیر کرائی۔

سندھ اور بلوچستان کے علاقے میں وقوع پذیر ہونے والے اس قصے کا خلاصہ یہ ہے کہ بھنبھور کے بادشاہ جام سلطان کے ہاں ایک بیٹی پیدا ہوتی ہے۔ جب وہ نجومیوں اور جوتشیوں سے اس کا زائچہ بنواتا ہے تو پتہ چلتا ہے کہ یہ بچی جوان ہو کر عشق میں نام کمائے گی اور جام سلطان کو بدنام کرے گی۔ بادشاہ اپنی بدنامی کے ڈر سے بہت سے مال و دولت کے ساتھ اسے صندوق میں بند کر کے دریا برد کر دیتا ہے۔ بچی اتا نامی دھوبی کے ہاتھ لگ جاتی ہے جو بے اولاد ہوتا ہے اور اس بچی کے ملنے سے اس کے حالات بدل جاتے ہیں۔ بچی سنِ بلوغت کو پہنچتی ہے تو نجومیوں کے اندازے درست ثابت ہوتے ہیں اور وہ مکران کے شہزادے پنوں کے عشق میں گرفتار ہو جاتی ہے۔ جب عشق عروج پر پہنچتا ہے تو پنوں کے بھائی سسی کو بے ہوش کر کے پنوں کو اپنے ساتھ لے جاتے ہیں۔ سسی، پنوں کی تلاش میں نکلتی ہے اور صحرا میں پنوں کو تلاش کرتے ہوئے بھوک پیاس اور گرمی کی شدّت سے مر جاتی ہے۔ موقع پر موجود کاکا نامی ایک چرواہا اس کو دفن کر دیتا ہے۔ پنوں سسی کی تلاش میں جب وہاں پہنچتا ہے تو چرواہے کے بتانے پر اسے سسی کی قبر کا نشان ملتا ہے جہاں وہ کھڑے ہو کر دعا کرتا ہے جس کے نتیجے میں قبر پھٹ جاتی ہے پنوں اس میں داخل ہو جاتا ہے اور قبر دوبارہ بند ہو جاتی ہے۔

دربیان صفت اصحاب کبارؓ

(1) ابا بکرؓ تے عثمانؓ علیؓ چونہاں جیڈ نہ کسے دی شان میاں
اوّل آخر دیکھو اُتے ظاہر باطن کیتا چونہاں دا قُرب سبحان میاں

(2) چار یار رسولؐ دے چار کعبے، کلمے چار تے چار مکان میاں
چار ظہر دے فرض تے چار سنتاں، اربعہ عنصری چار پہچان میاں

(3) فرشتے چار تے چار کتاب منوں اتے رکن ہیں چار ایمان میاں
آہے چار مصلّے، امام چارے قُل چار ہیں وچ قرآن میاں

ترجمہ:

(1) حضرت ابو بکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمان غنیؓ، اور حضرت علیؓ چاروں حضور اکرم ﷺ کے دوست ہیں اور ان چاروں یاروں کی شان کے ہم پلہ کوئی اور نہیں ہے۔ اوّل آخر دیکھ چاہے ظاہر و باطن، ان چاروں کو ہی اللہ تعالیٰ کا خاص قرب حاصل ہے اور چاروں مقرب الٰہی ہیں۔

(2) رسول اللہ ﷺ کے چاروں دوست در حقیقت چار کعبے (قبلے) ہیں گویا چار کلمے اور چار مکان ہیں۔ ظہر کی نماز کے چار فرائض اور چار سنتیں ہیں اور جان لے کہ عناصر بھی چار (آگ، مٹی، ہوا، پانی) ہیں۔

(3) (سائیں مولا شاہ چار کے ہندسے کی رمزیت، اہمیت اور فضیلت بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ) خدا کے مقرب بھی چار ہی فرشتے ہیں اور چار ہی مقدس کتابیں ہیں اور ایمان کے رکن بھی چار ہیں چار ہی امام ہیں (امام ابو حنیفہؒ، امام شافعیؒ، امام مالکؒ، امام احمد بن حنبلؒ) اور چار ہی جائے نماز (مصلّے) ہیں اور قرآن میں چار ہی قُل ہیں۔

مقولہ شاعر

(شاعر کا قول)

(1) چار ہندو آں وید تے چار کوٹاں، مرکب چار وچ زمین اسمان میاں
جمادات پہلے، نباتات دوجے، حیوانات، چوتھے انسان میاں

(2) دِن ورھے دِناں وِچّوں چار وڈے، چار ہندواں تے مسلمان میاں
دوسہرا دیوالی تے ہور لوہڑی بساکھی وچ لوکی میلے جان میاں
(3) پہلا عاشورہ اتے شبرات نالے عید فطر تے عید قربان میاں
مچھلی مکڑی نہ کوئی ذبح کردا بناں ذبح کیتے سبھو کھان میاں
(4) تے کراماتاں چار ہین ابراہیمی روشن واضح وچ جہان میاں
مچھی مکڑی ککو تے چوتھی خچر ہین چونہاں دے بند وہان میاں
(5) دولت حسن جوانڑی اتے دولت قید چونہاں دے وچ انسان میاں
پاوے پلنگ دے چار، کہار چارے، ڈولی چک کے ہو نروان میاں
(6) تھن چار ہوندے گائیاں مجھیاں دے چوندے چاروے گُجر کسان میاں
اِک رنگ دیاں ہوندیاں چار نرداں، چوپڑ کھیڈدے سگھڑ سجان میاں
(7) سُنب چار گھوڑے ہاتھی چار لتاں پنجواں سنڈ داویکھ لمبان میاں
چار جُگ اتے چار چک آکھن، چراغ چومکھی جل دے شمعدان میاں
(8) چار تخم ملائیکے عرق چارے حکماء کسے مریض پلان میاں
دِن چار پہر، رات چار پہرے، مچھرؔ مانگنوں بہت ستان میاں
(9) جادو کرن کھترانیاں چار جامے گھروں باہر جاکے کسے تھان میاں
چار راہ ہووِن جتّھے چوک پورن، ککڑ بکری چھڈن چھڈان میاں

(1) سائیں مولا شاہ، اب پھر چار کے ہندسے کی اہمیت و فضیلت کے بارے میں بتارہے ہیں کہ ہندوؤں کی مقدس کتابیں بھی چار ہی ہیں اور چار ہی اطراف اور زمین و آسمان چار ہی عناصر کا مرکب ہیں۔ پہلے جمادات، دوسرے نباتات، تیسرے حیوانات اور چوتھے انسان۔
(2) سال کے دنوں میں چار دن (تہوار) بڑے اہم ہیں۔ ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں کے نزدیک بڑی بزرگی والے دنوں کی تعداد بھی چار ہی ہے۔ ہندوؤں کے چار دن یہ ہیں: دوسہرا، دیوالی، لوہڑی اور بیساکھی۔

(3) مسلمانوں کے چار بڑے تہواروں میں سے پہلا عاشور ہے، دوسرا شب برات ہے، تیسرا عید الفطر اور چوتھا عید الضحیٰ ہے۔ مچھلی اور مکڑی کو کوئی ذبح نہیں کرتا (کیونکہ یہ ایسے ہی حلال ہیں) اور سب انہیں ذبح کیے بغیر ہی کھاتے ہیں۔

(4) حضرت ابراہیمؑ کی چار کرامتیں ہیں اور چاروں دنیا جہان میں مشہور ہیں۔ چاروں انسان کی ہم عمر ہیں۔ مچھلی، مکڑی، ٹٹیری اور خچر چاروں کو ہی مُنہ مارنا منع ہے۔

(5) اے میاں ہر انسان دولت، حسن جوانی اور دولت ان چاروں کی قید میں ہے۔ پلنگ کے پائے بھی چار ہی ہوتے ہیں اور (کہار) پالکی اٹھانے والے بھی چار ہی ہوتے ہیں جو کہ اُسے اٹھا کر چلتے ہیں۔

(6) بھینسوں اور گائیوں کے چار پستان ہوتے ہیں جن کو گجر دوھتے ہیں اور کسان چراتے ہیں۔ چوسر کھیل کے چار ہی مہرے ہوتے ہیں لیکن اس کھیل کے کھیلنے والے سگھڑ کھلاڑی اسے کسی طریقے اور سلیقے سے سجاتے ہیں۔

(7) گھوڑے کے چار سم ہوتے ہیں اور ہاتھی کی چار ٹانگیں اور پانچویں سونڈ ہوتی ہے جو بڑی لمبی ہوتی ہے۔ اے میاں! لوگ کہتے ہیں کہ چار زمانے اور چار چک مشہور ہیں اور چومکھیئے چراغ بھی شمعدان میں جلتے ہیں۔

(8) حکیم چار جوہر ملا کر مریضوں کو عرق پلاتے ہیں۔ ارے میاں! دن کے چار پہر اور رات کے بھی چار پہر ہیں۔ جن میں مچھر اور کھٹمل بڑے ستاتے ہیں۔

(9) کھترانیاں چار کپڑوں میں گھروں سے باہر جا کر ویرانے میں جادو ٹونا کرتی ہیں اور چوک چار راستوں سے مکمل ہوتا ہے اور چورستے میں وہ لوگ مرغ اور بکری کو چھوڑتے ہیں۔

O

(1) شبخوں مار چمگدڑاں راکھیاں تے مَیوے لُٹ کھادے اَمرود دے جی
گڑھ چتوڑ کیتا فتح شاہ اکبر معشوقہ واسطے گوہر مقصود دے جی

(2) ویاہ سون بھادوں کالی گدڑی دا ہون راگ پدرم سُلطان بُود دے جی
مولا شاہ فقیر دے لگ آکھے نہ کر شوخیاں کم خرود دے جی

(1) چمگادڑوں نے چوکیداروں پر شب خون مار کر امرود کے میوے کھائے بالکل اسی طرح جیسے اکبر اعظم نے اپنی محبوبہ کی خاطر چتوڑ کا قلعہ فتح کیا تھا اور اپنا گوہر مقصود حاصل کیا تھا۔

(2) ہر طرف اب گویا ساون بھادوں میں گیدڑی کا بیاہ ہو رہا ہے۔ حیران کرنے والی ان ہونی باتیں ہو رہی ہیں اور ہر کوئی پدرم سلطان بود کے راگ الاپ رہا ہے۔ دیہاتی سماج کی پرانی روایت کے مطابق جب ساون بھادوں میں بارش ہوتی ہے اور آسمان کے صاف ہونے پر قوسِ قزح نمودار ہوتی ہے تو کہا جاتا ہے کہ کالی گیڈری کا بیاہ ہو رہا ہے۔ اے مولا شاہ! تو فقیر کا کہا مان لے اور شوخیاں مت کر اور خرمستیاں چھوڑ دے یعنی اپنے آپ میں رہ اور وہی کر جو وہ کہتا ہے یعنی کوئی کام کر کے دکھا۔

مقولہ شاعر

(شاعر کا قول)

(1) دُدّھ باجھ نہ سنڈھ تھوں مجھ بن دی پالے سَونّت نہ باجھ اولاد میاں
دیا دھرم دے باجھ نہ سخی بن دا، دیا دھرم دے باجھ جلّاد میاں

(2) کامل مُرشداں باجھ نہ بھرم جاندے کرے لکھ خدائے نوں یاد میاں
نکتے علم دے باجھ فقیر ناہیں کانے رسے دے باجھ کماد میاں

(3) رن باجھ نکاح سہاگ ناہیں، جُھگّا رن دے باجھ برباد میاں
چِڑیاں پِیتیاں ندی نہ نِیر گھٹ دے، ضِد باجھ نہ وَدھے فساد میاں

(4) الف باجھ حروفاں دا چالڑا نہ، الف باجھ سب بے بنیاد میاں
سورج تاریاں باجھ جہان اَنھّا، باجھ پیاریاں دِل ناشاد میاں

(5) بارش بدلاں باجھ نہ کدی ہوندی اگ باجھ نہ ڈھلے فولاد میاں
چلّے کم نہ کوئی لوہار باجھوں، پاوے کوجھڑے، باجھ خراد میاں

(6) رعیت باجھ نہ حاکم دا حکم چلّے حاکم باجھ کون سنے فریاد میاں
حکمت باجھ نہ کوئی حکیم ہوندا، کسر باجھ نہ پیڑ مواد میاں

(7) خون باجھ نہ مہری دا یار کوئی باجھ وسوں نہ پنڈ آباد میاں
سچ بولیاں اگ جہان لگے، جھوٹھ بولیاں بڑا اپراہد میاں

(8) لیا دنیا نے جان خُدا پیسا، چلّے دین توں بے مراد میاں
دنیا آپنا آپ بُھلا بیٹھی ہَتھ مَلے گی خواب توں بعد میاں

(1) دودھ کے بغیر سنڈھ (کنواری نو عمر بھینس) سے بھینس نہیں بن سکتی اور کوئی صاحب اولاد، بھاگوں والا ہی اولاد پالتا ہے کہ بغیر بھاگوں کے کسی اور کو یہ سعادت حاصل نہیں ہوتی۔ خیرات، سخاوت اور مہربانی کے بغیر کوئی کبھی سخی نہیں بن سکتا اور جو بغیر ان اوصاف کے ہو وہ جلاد ہوتا ہے۔

(2) اے میاں! کوئی لاکھ خدا کو یاد کرے مگر کامل مرشد کے بغیر شکوک وشبہات دور نہیں ہوتے علم کے نکات فقیروں کے بغیر کوئی نہیں بتا سکتا اور رس کے بغیر کماد (گنّا) نہیں ہوتا۔

(3) اے میاں! عورت کے بغیر سہاگ نہیں ہے اور عورت کے بغیر گھر گھر نہیں بنتا بلکہ برباد ہو جاتا ہے۔ چڑیوں کے ندی سے پانی پینے سے اس کا پانی کم نہیں ہو جاتا اور ضد کے بغیر کبھی لڑائی جھگڑا نہیں ہوتا۔

(4) اے میاں! الف کے بغیر دوسرے تمام حروف چل نہیں سکتے کہ الف کے بغیر جملہ حروف بے بنیاد ہیں۔ سورج اور ستاروں کے بغیر یہ سارا جہان ہی اندھا ہے اور اپنے پیاروں کے بغیر دل خوش نہیں رہ سکتا۔

(5) اے میاں! بادلوں کے بغیر کبھی بارش نہیں ہوتی اور آگ کے بغیر کبھی فولاد نہیں ڈھلتا۔ لوہار کے بغیر لوہے کا کوئی کام ہی نہیں چلتا اور اگر خراد نہ ہو تو چارپائی کے پائے بھی بدصورت اور بدنما ہوتے ہیں یعنی لوہار اور ترکھان کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔

(6) اے میاں! رعایا کے بغیر حاکم نہیں ہوتا اور نہ اس کا کوئی حکم چلتا ہے اور پھر حاکم کے بغیر کون کسی کی فریاد سنتا ہے۔ حکمت کے بغیر کبھی حکیم نہیں بنتا اور بیماری یا کسی کمی کے بغیر درد نہیں ہوتا۔

(7) اپنے خون (اولاد) کے بغیر عورت کا کوئی غمخوار نہیں ہوتا اور افراد کے بغیر کوئی بھی گاؤں آباد نہیں ہوتا۔ اے میاں! سچ بولنے سے جہان میں آگ لگتی ہے اور جھوٹ بولنا سخت ظلم کے مترادف ہے۔

(8) اب دنیا والے روپے پیسے کو ہی سب کچھ سمجھ بیٹھے ہیں۔ اپنے دین سے بے بہرہ ہو جانے کے باعث وہ نہ صرف دنیا بلکہ آخرت میں بھی نامراد ہی رہ جائیں گے۔۔ دنیا نے اب اپنا آپ بھلا دیا ہے اور کسی گہرے خواب میں مست ہے۔ جب یہ خواب سے جاگے گی تو کفِ افسوس ملتی رہ جائے گی۔

مقولہ شاعر

جفّ القلم نہ موڑیاں کدے مُڑدی بھانویں لکھ تدبیر چلایئے جی
ویلا موت دا ٹالیاں نہیں ٹلدا بھانویں لکھ طبیب بلایئے جی
جو کجھ ہو رہی اَتے ہون والی اَدل بدل نہ ہووسی رایئے جی
کدِی زمین دا نہیں اسمان بن دا بھانویں کسے تھوں پُچھ پچھایئے جی
بوٹا اَک دا نہ بوڑھ جیڈ ہوندا بھانویں خدمتاں لکھ کرایئے جی
چِٹے وال نہ کدی سیاہ ہوون وسے مہندیاں لکھ لگایئے جی
بچہ بھیڈ دا کدے نہ بنے ہاتھی بھانویں ہتھنیوں دُدھ پلوایئے جی
کھٹے اَنب دا کدی نہ بنے مِٹّھا شربت جڑہاں تے کھنڈ دے پائے جی

نوحہ کردن مادر کسی در فراق دُختر

(1) کیتی ایس معصوم تقصیر کیہڑی جمدی دِتڑا قید کرا اللہ
کیتو بے انصاف، انصاف ناہیں دِتّا جُرم بِن جرم پھڑا اللہ

(2) تیرے نال نہ کسے دا زور چلّے توں تاں مُڈھ توں بے پروا اللہ
مولا شاہ نجومیاں قہر کیتا آدم جام نوں لیا بھرما اللہ

(3) نَج جمئیوں سیّیے تتئے نی! آئیوں تتڑے لیکھ لکھا دِھیا
ہویا ایڈ گُناہ کیہ عیب تیتھوں جیہڑی گل توں نِیر روڑھا دھیا

(4) جانے رب کیہ ہووسی نال تیرے مینوں عمر دا رہے گا واہ دِھیا
ہَے ہَے لیکھ لکھا کیہ آئیوں توں کیہ کُجھ وَرتسی تیندڑے بھا دِھیا

(5) صُورت رَج نہ ڈِٹھڑی اَج تیری گیا ویلڑا وقت وِہا دِھیا
مولا شاہ ہینے کرم تتڑی دے دِتّا شِیر نہ گود کھڈا دِھیا

(1) اے اللہ اس معصوم نے بھلا کونسی تقصیر کی ہے کہ اسے پیدا ہوتے ہی بغیر کسی جرم کے تو نے قید کرا دیا ہے۔ یہ تو کوئی انصاف نہیں ہے کہ بغیر جرم کے ہی تو نے اسے مجرم ٹھہرا دیا ہے۔

(2) اے اللہ تیرے ساتھ کسی کا زور نہیں چلتا کہ تو تو شروع سے ہی بڑا بے پرواہ ہے۔ اے مولا شاہ! نجومیوں نے بڑا قہر کمایا کہ انہوں نے اپنی چکنی چپڑی باتوں سے بادشاہ آدم جام کو قائل کر لیا۔

(3) اے بدنصیب سسی! کاش تو پیدا ہی نہ ہوتی کہ تو آئی تو اپنے ساتھ برے نصیب لکھا کر لائی۔ نہ جانے تجھ سے ایسا کونسا گناہ سرزد ہوا جس کی پاداش میں ساری عمر کا رونا تیرے دامن میں پڑ گیا۔

(4) اے بیٹی! اللہ ہی جانے کہ تیرے ساتھ کیا کچھ ہو گا؟ اب مجھے تو ساری عمر یہی روگ لگا رہے گا اور میں تیرے فراق میں روتی تڑپتی رہوں گی۔ ہائے افسوس کہ آگے تیرے حالات کیسے ہوں گے؟

(5) اے بیٹی! میں نے تو تیری صورت بھی ابھی جی بھر کر نہیں دیکھی اور وقت گزر گیا۔ اب اسے کیسے لوٹاؤں؟ اے مولا شاہ! ہائے ہائے اس بدنصیب کے نصیب، کہ اسے اس کی ماں نے اپنی گود میں لے کر دودھ بھی نہ پلایا۔

O

(1) بھٹ دے ساہن دھکّے لگّے گُجریاں نوں بَھرے مُل کون مٹکیاں پھوڑیاں دے
صورت ہار سنگار دی لکھ عاشق عاشق گُنگے نہ انّھیاں کوڑھیاں دے

(2) پھر دی لٹھ کھیہہ کھیہہ کے سُراں نِکلن کُتا ٹھک وجے نال بوڑیاں دے
کھوہ تے ہلٹ دندے رہے رات ساری چوراں بھن کھڑے موسل توڑیاں دے

(3) کپاہ کماد وچ جٹّاں نے پون خاطر گڈے لا کھڑے کوڑے روڑیاں دے
دھلیارے مجھیں پچھاڑی پا گھوڑیاں نوں رسّے وٹّ کے سن دیاں جوڑیاں دے

(4) جتھے یاری لگّی اوتھے لاہد ہوئی لتھے چمڑے بی لسوڑیاں دے
میل ہوندے ناہیں در در پھرن روندے مزے لگدے محبتاں گوہڑیاں دے

(5) آٹے چاولاں سب پکوان پکن نان پکدے نہیں توہاں سوہڑیاں دے
پیار یار کڈھے مولا شاہ سائیں بھن ڈکرے ویکھدے چوڑیاں دے

(6) آدم جام کُرسی نامہ لکھ اپنا کر کے بند تعویذ بنایا سی
کُل حال احوال تحریر کر کے نڈھی سسڑی دے گل پایا سی
(7) دسّے لیکھ نجومی جاں نڈھڑی دے باپ نِیر دے وچ روڑھایا سی
جدوں ویکھیا کھول تعویذ سسّی خاندان مولا یاد آیا سی
(8) سسی بیٹھ کے گوشے دے وچ روندی ربّا ایہہ کیہہ لکھیاں پائیاں میں
میتھوں کون تقصیر سی ایڈ ہوئی جیہڑی گل توں نِیر روڑھائیاں میں

(1) سانڈ آپس میں لڑتے ہیں تو دھکا گوجریوں کو لگتا ہے۔ ٹوٹے ہوئے مٹکوں کی کون قیمت ادا کرے گا؟ ہار سنگار والی صورت کے سبھی عاشق ہوتے ہیں۔ کوئی گونگوں، اندھوں اور کوڑھیوں کا عاشق نہیں ہوتا۔

(2) رہٹ کی ڈُھریاں رگڑ رگڑ کر پھرتی ہیں تو اس میں سے قسم قسم کے سر نکلتے ہیں اور اس کا کُتّا رہٹ کے چکر کے دندانوں سے ٹھک ٹھک بجتا ہے۔ کنویں اور رہٹ ساری رات چلتے (بجتے) رہے اور ادھر چور توڑی کے موسل چُرا لے گئے۔

(3) جاٹ کپاس اور کماد میں کھاد ڈالنے کے لیے بیل گاڑیاں کوڑا کرکٹ سے لاد کر لے گئے اور انہوں نے پٹ سن کی بنی رسیوں سے بھینسوں اور گھوڑیوں کو پینکھڑ ڈال دی۔

(4) جہاں یاری لگی تھی وہاں کی مخبری ہو گئی اور لوگوں نے اس طرح چمڑی ادھیڑی جیسے لسوڑھی کی گٹھلی سے چھلکا اُتار لیا گیا ہو۔ ملاپ تو ہوتا نہیں ہے مگر دربدر پھر رہے ہیں۔ مزے تو گہری محبتوں کے ہوتے ہیں۔

(5) آٹے اور چاولوں کے کئی طرح کے پکوان پکتے ہیں مگر دھان کے چھلکوں اور چنوں کے چھلکوں سے روٹی ہرگز نہیں پکائی جا سکتی۔ اے مولا شاہ! دیکھو یار کس طرح اپنی چوڑیوں کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے پیار نکال رہا ہے۔ (پنجاب میں لڑکیاں اپنی چوڑیاں توڑ توڑ کر نت نئے رشتے داروں سے اپنے پیار کا تناسب نکالتی ہیں اور جس کی چوڑی سے شیشے کا جتنا زیادہ کچرا گرتا ہے اسے اتنے ہی زیادہ پیار پر محمول کیا جاتا ہے)۔

(6) (بادشاہ) آدم جام نے جب اپنی معصوم بچی (سسی) کو دریابرد کیا تو کاغذ پر اپنا سارا شجرہ لکھ کر اُسے تعویذ کی طرح بند کر کے اس کے گلے میں ڈال دیا تھا۔ اس پر اپنا سارا حال احوال اور اس کا نام بھی لکھا ہوا تھا۔

(7) جب نجومی نے اس کی قسمت کے بارے میں بتایا تھا تو دوشیزہ (سسی) کے باپ نے اسے بہتے پانی میں بہا دیا تھا۔ اے مولا شاہ! جب اس (سسی) نے اپنے گلے کا تعویذ کھول کر دیکھا تو پھر اُسے اپنا خاندان یاد آ گیا۔

(8) سسی گوشہ تنہائی میں بیٹھ کر رونے لگی کہ اے اللہ یہ میرا کیسا نوشتۂ تقدیر ہے۔ بھلا مجھ سے کون سی اتنی بڑی تقصیر ہو گئی تھی جس کی پاداش میں مجھے پیدا ہوتے ہی دریابُرد کر دیا گیا۔

مقولہ شاعر

(1) اولاداں کدوں بیگانیاں کم آون بھانویں چُوریاں کُٹ کھوالیے جی
آخر آپنے اصلے تے آجاون بھانویں نال محبتاں پالیے جی

(2) رن غیر نہ آپنی کدی ہوندی، بھانویں عمر ساری نال جالیے جی
بَھلا آپنی کدوں زمین ہوندی جیہڑی معاملے تے لے کے واہ لیئے جی

(3) کُتّے ککڑ نہ شرع دا حکم جانن، بھانویں لکھ تعلیم سکھالیے جی
بچے کوئل دے کدے نہ کاگ ہوندے آخر کاگ رہ جاوندے خالیے جی

(4) صورت آدمی بنے نہ طوطیاں دی بھانویں پنجرے پکڑ کے ڈالیے جی
وفادار نہ کنجری کدے ہوندی جھگا چوڑ کر لکھ وکھالیے جی

تیرے باجرے دی راکھی دیورا میں نہ بہندی وے
جے میں بِھجّے بِھجّے دوڑاں اُتوں گرمی پیندی وے
تیرے باجرے دی راکھی دیورا میں نہ بہندی وے
جے میں ڈھیماں مار اڈاواں سِر توں چُنی لہندی وے

لوک گیت

جُتی قصوری پیریں نہ پوری ہائے ربّا سانوں ٹُرنا پیا
جنھاں واٹاں دی میں سار نہ جانا اوہنیں واٹیں مینوں ٹرنا پیا
باغ لوانی آں بغیچے لوانی آں وچ لوانی آں توریاں وے
نِکّا جیہا مُنڈا ساہنوں اکھیاں مارے نیونہہ نہ لگدا اے زوریاں وے
جُتی قصوری پیریں نہ پوری ہائے ربّا ساہنوں ٹرنا پیا
باغ لوانی آں بغیچے لوانی آں وچ لوانی آں بیریاں وے
کونتاں والیاں سِیس گنداون کھلیاں زلفاں میریاں وے
جُتی قصوری پیریں نہ پوری ہائے ربّا سانوں ٹرنا پیا

لوری

الھڑ بلھڑ باوے دا، باوا کنک لیاوے گا
باوی بہہ کے چھٹےّ گی، موٹا من پکاوے گی
گوڈے ہیٹھ ٹکاوے گی، گوڈے ہیٹھوں لے گیا کاں
چپ کر ویر وے، تیری جیوے ماں
الھڑ بلھڑ باوے دا، باوا کنک لیاوے گا
باوی بہہ کے چھٹےّ گی، چھٹ بھڑولے پاوے گی
بچیاں نُوں کھواوے گی، بچے وڈے ہون گے
مائی دا جھاٹا کھون گے

داستانیں

یوں تو منظوم پنجابی داستانوں میں چھوٹی بڑی کئی کہانیاں اور قصے شامل ہیں مگر جن پانچ بڑی داستانوں کو شہرتِ عام اور قبولیتِ دوام کا درجہ حاصل ہے ان میں ہیر رانجھا، سوہنی مہینوال، سسی پنوں، مرزاصاحباں اور سیف الملوک شامل ہیں۔ یہ پانچوں عشقیہ داستانیں ہیں اور پنجابی کے پانچ بڑے شعراء وارث شاہ،، فضل شاہ نواں کوٹی، ہاشم شاہ، حافظ برخوردار اور میاں محمد بخش نے بالترتیب اپنے فن سے ان داستانوں کو ہمیشہ کے لیے امر کر دیا ہے۔ ان داستانوں کو بے شمار شعراء نے لکھا اور اپنے اپنے انداز سے ہر قصے میں جزوی تبدیلیاں بھی روا رکھیں مگر یہاں ہم مجموعی طور پر ہر داستان کا ایک ایسا مبسوط خلاصہ پیش کر رہے ہیں جس سے قارئین ہر داستان کے مرکزی خیال اس کے بنیادی ڈھانچے اور اہم کرداروں سے کماحقہ آگاہ ہو سکتے ہیں۔ اسے محض اتفاق ہی کہنا چاہیے کہ مرزاصاحباں اور سوہنی مہینوال کی داستانوں کا تعلق مغل بادشاہ شاہجہاں کے زمانے سے ہے اور صاحباں بھی ہیر کی طرح سیالوں کے خاندان سے تعلق رکھتی تھی۔

ان داستانوں کی ایک اور مشترک بات جس کی طرف اشارہ یہاں ضروری ہے یہ ہے کہ جب عشق کا راز فاش ہو جاتا ہے تو رواجِ زمانہ کے مطابق لڑکی کے والدین فوراً اپنی بیٹی کا بیاہ کسی اور سے کر دیتے ہیں تاکہ معاملے کو جڑ سے ہی ختم کر دیا جائے مگر ایسا ہوتا نہیں ہے اور عشق کا منی پلانٹ بغیر جڑوں کے ہی بڑھنے اور پھلنے پھولنے لگتا ہے مثلاً مرزاصاحباں کے قصے میں معاملے کو بگڑتا دیکھ کر مرزا کے والدین فوراً اس کی شادی کسی اور لڑکی سے کر دیتے ہیں اور کاغذوں میں وہ ایک شادی شدہ شخص بن جاتا ہے جب کہ صاحباں کے والدین بھی کسی اور مرد سے اس کی شادی کی تاریخ طے کر دیتے ہیں۔ یہ الگ بات کہ شادی سے قبل مرزا، صاحباں کو بھگا لے جاتا ہے۔ ہیر رانجھا کے قصے میں رانجھے کا تو اس سلسلے میں والی وارث ہی کوئی نہیں تھا لیکن ہیر کو سیدے کھیڑے کے ساتھ بیاہ دیا جاتا ہے یہ الگ بات کہ وہ بیوی ہوتے ہوئے بھی اپنی موت تک سیدے کھیڑے کو قریب نہیں پھٹکنے دیتی۔ سوہنی مہینوال کا بھی یہی حال ہوا۔ مہینوال (عزت بیگ) کا بھی اس معاملے میں کوئی والی وارث نہ تھا مگر سوہنی کو اس کے ماں باپ اپنی برادری کے ایک لڑکے سے بیاہ دیتے ہیں یہ الگ بات کہ شبِ عروسی سوہنی کی دعائیں رنگ لاتی ہیں اور اس کا شوہر نہ صرف قوتِ مردمی سے محروم ہو جاتا ہے بلکہ اسے "سوکے" کی بیماری لگ جاتی ہے اور وہ سوکھ کر کانٹا ہو جاتا ہے۔ سسی کا معاملہ ذرا شاہانہ انداز کا تھا اور ان دونوں کے وارث خاصے طاقت ور تھے۔

ویسے تو یہ سب المیہ داستانیں ہیں مگر مرزا صاحباں کی داستان کو رزمیہ کہہ لیا جائے تو بے جانہ ہو گا کیونکہ اس کی بحر بھی جنگی بحر ہے اور اس کا ہیرو بھی ایک بہادر تیر انداز ہے جو بے بسی (اور میرے خیال میں ہٹ دھرمی یا بے وقوفی) کی وجہ سے مخالفین کے تیروں سے چھلنی ہو جاتا ہے لیکن اگر اس کا ترکش جنڈ کے درخت پر نہ لٹکا دیا جاتا تو مخالفین کے حوالے سے اس کے دعوے خاصے خطرناک تھے۔

ان داستانوں میں سے چار داستانیں تو حقیقت پسندانہ واقعات اور گوشت پوست کے کرداروں پر مبنی ہیں مگر سیف الملوک مافوق الفطرت واقعات سے تعلق رکھتی ہے۔ یعنی شہزادہ سیف الملوک ایک پری کی تصویر دیکھ کر اس پر عاشق ہو جاتا ہے اور جب اس کی تلاش میں نکلتا ہے تو اسے مافوق الفطرت واقعات اور حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اسی طرح پنجابی میں ایک اور اہم داستان "پورن بھگت" بھی خاصی معروف ہے۔ یہ واحد داستان ہے جو ہندوانہ کلچر سے تعلق رکھتی ہے اور جو قادر یار کی قادر الکلامی کی وجہ سے امر ہو گئی ہے۔ یہ بھی محیر العقول واقعات پر مبنی ہے۔

ہیر رانجھا

یہ مغلوں کے دور سے کچھ عرصہ قبل کی کہانی ہے۔ بعض محققین کا خیال ہے کہ اس داستان کا تعلق بہلول لودھی کے دور سے ہے۔

دریائے چناب کے کنارے آباد جھنگ اس وقت ایک قصبہ تھا جس میں سیال قوم آباد تھی اور میر چوچک ان کا سردار یا چوہدری تھا۔ ہیر اسی کی لاڈلی بیٹی تھی۔ ضلع سرگودھا واقع تخت ہزارہ کا سردار موجو چوہدری تھا جو زمیندار اور ذات کا رانجھا جاٹ تھا۔ رانجھا جس کا اصل نام دھیدو تھا اس کا سب سے چھوٹا بیٹا تھا جسے لاڈ پیار کی وجہ سے اور ذات کی نسبت سے رانجھا کہا جاتا ہے۔

رانجھا سب سے چھوٹا بھی تھا اور انتہائی خوبصورت بھی۔ اس لیے سب اسے بے حد پیار کرتے تھے اور اس لاڈ پیار کی وجہ سے وہ اس قدر آرام طلب ہو گیا تھا کہ سارا دن بانسری بجاتا رہتا تھا اور اس فن میں اسے اس قدر ملکہ حاصل تھا کہ جو سنتا مسحور ہو کر رہ جاتا لیکن موجو کی وفات کے بعد صورتِ حال بدل گئی اور بھائیوں بھابھیوں نے اسے نکما اور نکھٹو ہونے کا طعنہ دینا شروع کر دیا۔ پھر ایک روز سب بھائیوں نے زمین آپس میں بانٹ لی اور رانجھے کو بنجر اور سیم و تھور والی زمین دے دی۔

ایک روز بھابھیوں نے اسے طعنہ دیا کہ اگر تم اتنے ہی لائق فائق ہو تو سیالوں کی ہیر بیاہ کر لے آؤ۔ رانجھا پہلے ہی جلا بھنا بیٹھا تھا چنانچہ اس نے بانسری پکڑی اور تخت ہزارہ چھوڑ کر نکل گیا۔ چلتے چلتے جب

تھک گیا اور رات ہونے کو آئی تو وہ راہ میں آنے والے گاؤں کی مسجد میں چلا گیا تاکہ ایک دو دن یہاں گزار سکے مگر پہلی رات ہی مسجد کے مولوی سے اس کا جھگڑا ہو گیا۔ اُوپر سے اگلے روز مسجد کے کنوئیں سے گاؤں کی لڑکیاں پانی بھرنے آئیں تو رانجھے کا حُسن اور جوانی دیکھ کر ششدر رہ گئیں۔ ان میں سے ایک تو ایسی فریفتہ ہوئی کہ اس نے ماں کو جا کر کہا کہ میں شادی کروں گی تو اسی لڑکے سے کروں گی۔ اپنی بیٹی کی حالتِ زار سے مجبور ہو کر ماں رانجھے کے پاس پیغام لے کر پہنچ گئی جسے رانجھے نے مسترد کر دیا لیکن ساتھ ہی وہ خوفزدہ ہو کر اس گاؤں سے نکل گیا۔ ویسے بھی یہ گاؤں اس کا پڑاؤ تھا منزل نہیں تھی۔ بالآخر وہ دریائے چناب کے کنارے ایک ایسی جگہ پہنچ گیا جہاں گھاٹ تھا اور لوگ کشتی کے ذریعے دریا پار کرتے تھے۔

اس دریا کے دوسری جانب جھنگ تھا۔ ہیر کا جھنگ۔ تھوڑی دیر میں ایک کشتی کنارے آ لگی اور اس میں سے اترنے والے مسافر رانجھے کی بانسری کی لے سے مسحُور ہو کر رانجھے کے ارد گرد اکٹھے ہو گئے۔ اس کشتی میں سے "پنج پیر" بھی اترے جنہوں نے شعراء کے بقول ہیر، رانجھے کو بخش دی۔ جب اِدھر کی سواریاں کشتی میں سوار ہونے لگیں تو رانجھا بھی اس میں بیٹھنے کے لیے آگے بڑھا مگر لُڈن ملاح نے جو کشتی چلا رہا تھا کرایہ طلب کر لیا رانجھے کے پاس تو کچھ نہیں تھا سوائے ونجھلی کے۔ رانجھے نے منت سماجت کی، خدا کا واسطہ دیا مگر لُڈن ملاح کہنے لگا، خدا کو بیچ میں نہ لاؤ پیسے نکالو ورنہ نیچے اُتر جاؤ۔ یہ صورتِ حال دیکھ کر اور رانجھے کی جوانی پر ترس کھا کر سب سواریوں نے رانجھے کا ساتھ دیا اور لُڈن کو سمجھا بجھا کر رانجھے کو بغیر کرائے کے کشتی میں بٹھانے پر آمادہ کر لیا۔ کشتی میں ایک رنگین پلنگ بھی بچھا ہوا تھا جو خالی پڑا تھا۔

جب سب سواریاں نیچے اتر گئیں تو رانجھے نے لُڈن سے پوچھا کہ یہ پلنگ کس کا ہے۔ اصل میں یہ کشتی ہیر کی ملکیت تھی اور یہ پلنگ بھی اسی کا تھا جس میں وہ کبھی کبھی سیر کرنے کے لیے نکلتی تھی۔ لڈن اس کا ملازم تھا جو کشتی کھیتا تھا۔ رانجھا تھکا ہوا تھا چنانچہ اس نے لڈن ملاح سے درخواست کی کہ وہ اسے اس پلنگ پر تھوڑی دیر کے لیے ستانے کی اجازت دے دے۔ لڈن ہیر سے خوفزدہ تو تھا کہ وہ کسی وقت بھی ادھر آ سکتی ہے مگر ترس کھا کر اس نے رانجھے کو تھوڑی دیر کے لیے لیٹنے کی اجازت دے دی۔۔۔ اور پھر وہی ہوا جس کا ڈر تھا۔ ہیر اپنی سہیلیوں سمیت آ دھمکی اور یہ سوچ کر کہ اس کے پلنگ پر کسی اور کو لیٹنے کی جرأت کیسے ہوئی، اپنی سہیلیوں سمیت شیشم کی چھڑیوں سے اس اجنبی کو پیٹنا شروع کر دیا۔ جونہی اجنبی گھبرا کر اُٹھا اور ہیر کی نظر اس کے چہرے پر پڑی وہ وہیں فدا ہو گئی۔ دوسری طرف رانجھا بھی اسے دیکھتا ہی رہ گیا۔

ہیر نے آہستہ سے پوچھا "تم کون ہو اور کہاں جانا ہے" رانجھے نے کہاں جانا تھا۔ چنانچہ ہیر نے اپنے والد سے کہہ کر رانجھے کو بھینسیں چرانے کے لیے اپنے گھر ملازم رکھوا دیا۔ روزانہ رانجھا بھینسیں لے کر جنگل چلا جاتا اور دوپہر کو ہیر اپنی سہیلیوں سمیت سیر کے بہانے نکل کر بیلے میں اس سے راز و نیاز کرتی۔

رفتہ رفتہ ہیر گھر سے چُوری بنا کر لانے لگی جس کی بھنک چُوچکؔ کے لنگڑے بھائی کیدوؔ کو بھی پڑ گئی۔ جب قصبے میں بھی دونوں کے عشق کا چرچا عام ہونے لگا تو کیدوؔ نے جو کہ فطرتاً بد طینت تھا، ساری کہانی چُوچکؔ کو سُنا دی اور ایک روز فقیر کا روپ دھار کر عین اس وقت رانجھے کے پاس جا پہنچا جب وہ ہیر کی لائی ہوئی چُوری کھا رہا تھا اور ہیر ندی پر اس کے لیے پانی لینے گئی ہوئی تھی۔ رانجھے نے فقیر کی آہ و زاری سن تو تھوڑی سی چُوری اس کی چادر میں ڈال دی جسے لے کر کیدو لنگڑا فوراً وہاں سے رفو چکر ہو گیا۔ جونہی ہیر ندی سے پانی لے کر واپس آئی اور رانجھے نے اسے فقیر کے بارے میں بتایا اور لنگڑے ہونے کے علاوہ کچھ اور نشانیاں بھی بتائیں تو ہیر کے پاؤں کے نیچے سے زمین نکل گئی۔ وہ بھاگی بھاگی گئی اور راستے میں ہی کیدوؔ لنگڑے کو جالیا اور اس کی ساری چُوری گرا دی جو وہ ثبوت کے طور پر چُوچکؔ کے پاس لے جا رہا تھا۔ پھر بھی کیدوؔ کے پلڑے سے چُوری کے کچھ ٹکڑے اٹکے رہ گئے جو اس نے چُوچکؔ کو پیش کر دیئے۔ پورے قصبے میں شور مچ گیا اور چوچکؔ نے رانجھے کو نوکری سے نکال دیا۔

اب ایک طرف ہیر اداس اور پریشان رہنے لگی اور دوسری طرف رانجھا۔ بالآخر ہیر کی ماں نے بیٹی کی حالت دیکھ کر چُوچکؔ کو قائل کیا کہ رانجھے کو دوبارہ رکھ لیا جائے اور بہانہ یہ بنایا کہ بھینسیں چارہ نہیں کھا رہیں کیونکہ وہ رانجھے کی بانسری کی لے کی عادی ہو گئی تھیں۔ ادھر چوچک کو بھی ایسا مفت کا ملازم کہاں ملنا تھا نیز اسے عشق کی اس کہانی پر ابھی تک شک تھا لہٰذا اس نے رانجھے کو دوبارہ ملازم رکھ لیا مگر اب والدین ان دونوں پر کڑی نظر رکھنے لگے۔ ایک روز ان دونوں کی بدقسمتی کہ خود چُوچکؔ نے جنگل میں ہیر اور رانجھے کو راز و نیاز کرتے دیکھ لیا۔ اب معاملہ اس کی برداشت سے باہر ہو چکا تھا چنانچہ اس نے خاندان کے بڑوں کو بلایا اور کھیڑوں کی طرف سے آئے ہوئے رشتے کو منظور کر کے شادی کی تیاریاں شروع کر دیں۔ سیدا کھیڑا ضلع مظفر گڑھ کے ایک قصبے رنگ پور میں آباد سیال راجپوتوں کے سربراہ چوہدری اجو کا بیٹا تھا۔ اس خاندان کے لیے یہ بہت بڑی بات تھی کہ وہ ہیر کو بیاہ کر لے جا رہے تھے۔ شادی کی تیاریاں دھوم دھام سے ہوئیں اور ہیر کے انکار کے باوجود قاضی نے مہر چوچک کا حکم بجالاتے ہوئے نکاح پڑھوا دیا۔ رانجھے کو ایک آزاد پنچھی کی طرح اب سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ وہ کیا کرے چنانچہ وہاں سے نکل کر جہلم کے علاقے میں آ گیا اور ٹِلّا جوگیاں پہنچ کر بالناتھ کا چیلا بن گیا۔ بالناتھ نے اس کے بال مونڈ کر کان چھید دیئے اور مُندرے پہنا کر اور

رنگ بھبھوت رما کر جوگ دے دیا۔ کچھ روز گورو کے استھان پر رہنے کے بعد رانجھا اجازت لے کر رنگ پور روانہ ہو گیا۔

رنگ پور کے قریب ایک باغ تھا جسے کالا باغ کہتے تھے، رانجھے نے وہاں ڈیرہ جما لیا اور اس کے جوگ کے چرچے ہونے لگے۔ ادھر ہیر نے اپنے شوہر سیدے کھیڑے کو اپنے قریب تک نہ پھٹکنے دیا اور اس کے ساتھ ہی سیدے کھیڑے کی بہن سہتی کو راز دار بنا لیا جو مراد کے عشق میں دیوانی ہو چکی تھی۔ یہ دونوں عشق زدہ عورتیں آپس میں منصوبے بناتی رہتیں کہ کس طرح اپنے اپنے محبوب کو پایا جا سکتا ہے۔ ان دنوں دن کے وقت رانجھا کشکول پکڑ کر گلی گلی مانگتا تھا تا کہ اسے پتہ چل سکے کہ ہیر کس گھر میں ہے۔ ایک روز اس کی صدا سن کر سہتی باہر نکلی اور اس کے کشکول میں آٹا ڈال دیا۔ اچانک صحن میں ہیر بھی آ نکلی جسے رانجھے نے ادھ کھلے دروازے سے دیکھ لیا اور مبہوت ہو گیا۔ اس موقع پر سہتی اُسے جھاڑتی ہے کہ دوسروں کے گھروں میں کیوں جھانک رہے ہو۔ اُسے کیا خبر تھی کہ یہ فقیر نہیں بلکہ رانجھا ہے۔ دونوں میں تکرار ہو جاتی ہے اور سہتی کے جھپٹا مارنے کی وجہ سے رانجھے کا کاسہ گر کر ٹوٹ جاتا ہے۔ تو تکار کی آواز اندر ہیر تک پہنچتی ہے تو وہ فوراً رانجھے کی آواز پہچان کر باہر آ جاتی ہے اور پھر طے شدہ منصوبے کے مطابق ہیر بیماری کا بہانہ کر کے لا علاج بیماری میں مبتلا ہو جاتی ہے اور کھانا پینا چھوڑ دیتی ہے۔ دراصل باہر جاتے ہوئے ہیر کے پاؤں میں ایک کانٹا چبھ گیا تھا جس سے تھوڑا سا خون نکل آیا تھا۔ سہتی نے آکر مشہور کر دیا کہ اسے سانپ نے کاٹ لیا ہے۔ اس صورتِ حال کے پیش نظر سہتی گھر والوں کو قائل کرتی ہے کہ جوگی کو بلایا جائے۔ جوگی آکر ہیر کو دیکھتا ہے اور کہتا ہے کہ اسے بہت ہی زہریلے سانپ نے کاٹا ہے۔ لہٰذا میں چند دن تک ایک بند کمرے میں منتر پڑھوں گا۔ اس بند کمرے میں صرف ہیر ہو گی یا ایک غیر شادی شدہ لڑکی۔ اس کے علاوہ سب لوگ اس کمرے سے دور رہیں۔ اس تجویز کے مطابق سہتی، ہیر اور رانجھا کو آپس میں تسلی سے مل بیٹھنے اور منصوبہ بنانے کا موقع مل گیا اور پھر ایک رات مراد بلوچ بھی اونٹ لے کر وہاں پہنچ گیا۔ ہیر اور رانجھا ایک طرف کو فرار ہو کر بھاگ گئے اور سہتی اور مراد بلوچ نے اپنی راہ لی۔ صبح جب گھر والوں نے کمرہ خالی دیکھا تو ہے ہے کار مچ گئی۔

اسی وقت تیز رفتار گھوڑوں پر سوار کھیڑے ان کے پیچھے چڑھ دوڑے۔ تعاقب دو ٹولیوں کی صورت میں ہوا۔ سہتی اور مراد بلوچ چونکہ اونٹ پر تھے اس لیے وہ تو اپنے بلوچ قبیلے کے قریب پہنچ چکے تھے چنانچہ بلوچوں نے مل کر کھیڑوں کی ٹولی پر حملہ کر دیا اور مار بھگایا مگر ہیر رانجھا پیدل تھے چنانچہ جنگل میں ایک جگہ سوتے ہوئے دھر لیے گئے۔ کھیڑوں نے رانجھے کو خوب مارا پیٹا اور ہیر کو ساتھ لے کر چلے گئے۔

رانجھا روتا پیٹتا راجہ عدلی کے دربار میں پہنچا اور بتایا کہ کھیڑے اس کی عورت چھین کر لے گئے ہیں۔ راجے کے حکم پر اسی وقت کھیڑوں کو دربار میں حاضر کیا گیا مگر انہوں نے اصل حقیقت بیان کر دی اور بتایا کہ یہ جوگی نہیں فریبی ہے۔ یہ سانپ کے کاٹے کا علاج کرنے کے بہانے ہماری بہو کو اغوا کر کے لے گیا تھا۔

راجہ عدلی کو اصل حقیقت کی سمجھ نہیں آ رہی تھی اور وہ رانجھے کے حلیے اور فقیری سے خوفزدہ بھی تھا چنانچہ اس نے قاضی سے رجوع کیا جس نے پورا مقدمہ سن کر فیصلہ سنا دیا کہ کھیڑے ٹھیک کہتے ہیں۔ رانجھے نے دونوں ہاتھ اٹھا کر بددعا دی کہ راجہ عدلی نے اس کے ساتھ ناانصافی کی ہے اس پر اللہ کا عذاب نازل ہو۔ کہتے ہیں کہ اسی وقت شہر کے چاروں طرف آگ کے شعلے بھڑکنے لگے اور شہر میں کہرام مچ گیا۔ راجے کو جب علم ہوا کہ فقیر کی بددعا لگ گئی ہے تو اس نے فوراً کھیڑوں کو ہیر سمیت گرفتار کر کے دربار میں بلایا اور ہیر رانجھے کے سپرد کر دی۔

اب دونوں کو سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ کہاں جائیں۔ ہیر کہنے لگی کہ اب تو راجہ عدلی نے پکا فیصلہ دے دیا ہے اس لیے تخت ہزارہ جانے کی بجائے جھنگ سیال چلتے ہیں۔

دونوں جھنگ سیال آ گئے تو ہیر کے گھر والوں نے دونوں کا بھرپور استقبال کیا اور رانجھے کو کہا کہ تم تخت ہزارہ جاؤ اور باقاعدہ بارات لے کر آؤ تاکہ دھوم دھام سے تم دونوں کی شادی کر دی جائے۔

رانجھے نے اپنے گاؤں واپس آ کر سب کو یہ قصہ بتایا اور دھوم دھام سے بارات لے کر جانے ہی والا تھا کہ سیالوں کا بھیجا ہوا قاصد پہنچ گیا جس نے آ کر ہیر کے مرنے کی خبر سنا ڈالی۔ رانجھے پر یہ خبر بجلی بن کر گری اور ہمیشہ کے لیے اس دارِ فانی سے کوچ کر گیا۔ بعض شعراء نے اختتام اس سے مختلف بھی کیا ہے۔ یعنی یہ کہ رانجھے کو ہیر کے مرنے کی خبر پر یقین نہ آیا اور وہ خود جھنگ پہنچ گیا لیکن جب وہاں ہیر کی قبر پر پہنچ کر قبر پر گرا تو قبر شق ہو گئی اور وہ بھی اس میں سما گیا۔ ایک اختتام یہ بھی ہے کہ ہیر اور رانجھے کا انتقال نہیں ہوتا بلکہ آخر میں وہ حج پر چلے جاتے ہیں۔

سوہنی مہینوال

یہ مغل بادشاہ شاہجہان کے دور کی بات ہے کہ بلخ بخارا میں مرزا عالی نامی ایک بہت بڑا سوداگر رہتا تھا جس کے کاروبار کا دائرہ ملکوں ملکوں پھیلا ہوا تھا۔ اس کے کارندے سامانِ تجارت لے کر ہندوستان آتے اور واپسی پر یہاں سے ہیرے جواہر اور دیگر اشیائے ضرورت یہ خرید کر اپنے وطن لے جاتے۔ گویا رواجِ زمانہ کے مطابق دوہری تجارت سے مستفید ہوتے جس کے باعث مرزا عالی کی دولت شمار سے باہر ہوتی چلی گئی

لیکن اس قدر دولت و عزت کے ہوتے ہوئے وہ ایک کمی سے دوچار تھا یعنی اولاد کی نعمت سے محروم تھا اور یہ ایک ایسا قلق تھا جس کے لیے اس نے اکبر بادشاہ کی طرح ہزاروں دعائیں مانگیں اور ہر پیر فقیر کے در پر حاضری دی۔ ایک روز کسی سے یہ سن کر کہ قریبی پہاڑی میں ایک درویش آیا ہوا ہے جس کی مقبولیت اور قبولیت کا بہت چرچا ہے وہ سیدھا اس درویش کے پاس پہنچا اور بعد از نذر نیاز عرض گزاری کہ وہ کسی بچے کے منہ سے اپنے لیے ابا کا لفظ سننے کو ترس رہا ہے۔ درویش نے دعا گزاری اور بعد از چلّہ کشی و عباداتِ شبینہ ایک روز مرزا عالی کے روبرو سر آسمان کی طرف اٹھا کر فرمایا کہ خدائے مہربان و برتر آپ کو اس ادھیڑ عمری میں بھی ایک حسین و جمیل فرزند عطا کرے گا لیکن وہ جوان ہوتے ہی کیوپڑ کے تیر سے گھائل ہو کر مصائب کا سامنا کرتے ہوئے آگے نکل جائے گا اور پیچھے صرف اپنا نام چھوڑ جائے گا۔

ٹھیک 9 ماہ بعد اللہ تعالیٰ نے مرزا عالی کو اولادِ نرینہ سے نوازا جس کا نام عزت بیگ رکھا گیا۔ عزت بیگ چونکہ اکلوتا تھا اور گھر میں دولت کی فراوانی تھی چنانچہ نیک دل سوداگر نے اپنے بچے کی تربیت میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ لاڈ پیار کے علاوہ اُسے مروجہ علوم و فنون اور نیزہ بازی، گھڑ سواری، تلوار بازی اور سپہ گری کی بھی بھرپور تربیت دی گئی۔ عزت بیگ بے حد خوبصورت اور انتہائی ذہین اور عقلمند ہونے کے ساتھ ساتھ ایک سادہ لوح اور والدین کا فرماں بردار بیٹا تھا لیکن مسیں بھیگتے ہی ہر لڑکے کی طرح اس کے دل میں بھی دنیا دیکھنے اور اپنے آپ کو کچھ بنانے کے خواب انگڑائیاں لینے لگے۔ اس نے بارہا والد اور والدہ سے کہا کہ اسے بھی کسی قافلے میں شریک کر کے بیرونِ ملک بھیجا جائے تاکہ وہ دنیاداری کے معاملات جان سکے مگر ہر بار والد اور والدہ کوئی بہانہ کر کے اسے ٹال دیتے کہ وہ بڑھاپے کی واحد اولاد تھی جسے دیکھ دیکھ کر وہ زندہ تھے مگر ایک روز عزت بیگ کے پُرزور اصرار پر انہیں یہ کام کرنا پڑا۔ دلی میں شاہجہان کی سالگرہ کا جشن ہونے والا تھا جب مرزا عالی نے ایک بہت بڑا تجارتی قافلہ تیار کر کے عزت بیگ کو ان کے ہمراہ صرف اس شرط پر بھیجا کہ وہ اس قافلے کو لے کر جلد واپس آجائے گا۔

تجارتی قافلہ روانہ ہوا تو عزت بیگ کی خواہش پر جسے گھومنے پھرنے اور نئے نئے شہر دیکھنے کا بے حد شوق تھا، یہ طے پایا کہ پہلے سیدھے دلی چلا جائے کیونکہ وہاں بادشاہ کی سالگرہ کے جشن کی وجہ سے سامانِ تجارت کے فوراً بک جانے کا امکان ہے۔ اس طرح انھیں ہلکے پھلکے ہو کر واپسی پر لاہور، گجرات اور دیگر شہروں میں پڑاؤ کرتے ہوئے واپس بخارا پہنچنا آسان ہو گا۔ یہ تجویز انتہائی معقول ٹھہری کیونکہ قافلے نے دلی میں قیام کے دوران سامانِ تجارت بھی جلد فروخت کر لیا اور دلّی کی خوب سیر بھی کر لی جو اس وقت پورے ہندوستان کا دارالحکومت تھا۔ بلخ بخارا سے آئے ہوئے قافلے اور بالخصوص عزت بیگ کے لیے تو یہ

نادر و نایاب عجوبہ تھا۔ یہاں عزت بیگ کو دربارِ شاہی میں پیش ہو کر شاہجہان کی خدمت میں بلخ بخارا سے لائے ہوئے قیمتی تحائف پیش کرنے کا موقع بھی ملا جس کے جواب میں بادشاہ نے اُسے رواجِ شاہی کے مطابق خلعت، گھوڑا اور ایک لاکھ کے قریب سکہ رائج الوقت کی مہریں بھی بطور انعام پیش کیں جو قافلے اور بالخصوص عزت بیگ کے لیے ایک بہت بڑا اعزاز تھا۔

واپسی پر مالدار قافلے کے بڑوں نے سوچا کہ کچھ سامان یہیں سے خرید کر لے چلتے ہیں اور کچھ راستے میں لاہور اور گجرات سے لے لیا جائے گا۔ دو چار دن لاہور میں رُکنے، سیر سپاٹا کرنے اور مالِ تجارت خریدنے کے بعد قافلے کا اگلا پڑاؤ گجرات تھا جہاں سے دریائے چناب کی خونی لہروں کی روانی اور عزت بیگ کے مہینوال بننے کی کہانی آغاز ہوتی ہے۔ جب یہ قافلہ گجرات پہنچا تو شام بھیگ رہی تھی۔ قافلے نے شہر کے باہر پڑاؤ کیا۔ سامانِ خورد و نوش سے نبرد آزماد ہونے کے بعد گپ شپ اور کہانی بازی کا دور شروع ہوا تو عزت بیگ کو پتہ چلا کہ یہ شہر مٹی کے برتنوں اور منقش ظروف سازی میں اپنی مثال آپ ہے اور اکثر قافلے واپسی پر یہاں سے کچی مٹی کے پکے برتن لے کر لوٹتے ہیں۔ اس گفتگو کے دران قافلے میں سے ایک واقفِ حال نے عزت بیگ کو بتایا کہ بلاشبہ مٹی کے منقش اور غیر منقش برتن پورے گجرات کے مشہور ہیں مگر تلّا کمھار (جس کا اصل نام عبداللہ تھا) یہاں کا خاص کاریگر ہے جس کی صنّاعی کا دور دور تک چرچا ہے۔ اس کے بعد شخص مذکور نے تُلے کمھار کے کمالِ فن میں زمین آسمان کے ایسے قلابے ملائے جن کی تصدیق دوسرے ساتھیوں نے بھی بھرپور انداز میں کی۔ اگلی صبح عزت بیگ کی فرمائش پر یہ شخص تُلّے کمھار کی دوکان پر چند برتن خریدنے گیا تاکہ عزت بیگ کو عین الیقین ہو جائے۔ جب عزت بیگ نے یہ برتن دیکھے تو ان کی نزاکت اور صانع کی چابکدستی کا اسیر ہوئے بغیر نہ رہ سکا۔ اس کے ساتھ ہی اس شخص نے وہاں جو منظر دیکھا تھا وہ بھی بیان کر دیا۔ یہ منظر تھا سوہنی کے حسن و جمال کا۔ اس شخص نے عزت بیگ کو بتایا کہ تُلے کمھار کے پاس صرف مٹی کے برتن ہی نہیں ہیں بلکہ مٹی کا ایک ایسا جیتا جاگتا بُت بھی ہے جس کے حُسن کے آگے کسی آنکھ کا ٹھہرنا محال ہے۔ عزت بیگ اس بُت کے حُسن و جمال اور اس کے پیکر کے بارے میں جوں جوں سنتا جاتا تھا توں توں اس کا اشتیاق بڑھتا جاتا تھا۔ بالآخر اس نے فیصلہ کیا کہ وہ خود موقع پر جا کر اس بات کی تصدیق کرے گا۔

تُلّے کمھار کے گھر لیلۃ القدر کی رات پیدا ہونے والی اس بیٹی کا نام سوہنی رکھا گیا تھا کہ وہ واقعی اسمِ بامسمیٰ تھی (سوہنی مہینوال کا قصہ لکھنے والے ہر شاعر نے سوہنی کے سراپا کے حوالے سے کئی کئی صفحات لکھے ہیں) اور گھر گھر اس کا چرچا تھا۔ عزت بیگ برتن خریدنے کے بہانے وہاں پہنچا تو تھوڑی دیر کے بعد سوہنی

بھی دکان پر آ گئی۔ عزت بیگ نے اس کو دیکھا اور پھر دیکھتا ہی رہ گیا۔ وہ وہاں سے کچھ برتن تو خرید لایا مگر دل وہیں چھوڑ آیا۔ اس کے بعد یہ روزانہ کا معمول بن گیا کہ عزت بیگ تُلّے کمھار کی دکان پر آتا مختلف ظروف دیکھتا، بھاؤ تاؤ کرتا اور سوہنی کے دیدار کے بہانے کچھ برتن خرید لاتا۔ چند روز بعد قافلہ روانگی کے لیے تیار ہوا تو عزت بیگ ساتھ جانے سے انکاری ہو گیا۔ قافلے کے ہر بزرگ اور سمجھدار فرد نے بہت سمجھایا مگر وہ ٹس سے مس نہ ہوا اور کہنے لگا آپ جائیں میں جلد ہی کسی دوسرے قافلے کے ساتھ وطن واپس پہنچ جاؤں گا۔ قافلے نے تو واپس جانا تھا سو قافلہ سالار نے مجبوراً قافلے کو کوچ کا حکم دیا اور عزت بیگ کی خدمت کے لیے ایک ملازم وہیں چھوڑ دیا۔

عزت بیگ سوہنی کی زلفوں کا ایسا اسیر ہو چکا تھا کہ اسے کُچھ سجھائی ہی نہ دیتا تھا۔ روزانہ برتن خرید لاتا اور سوہنی کا دیدار کر آتا۔ بالآخر خیمے میں برتن رکھنے کی جگہ نہ بچی تو ملازم نے مشورہ دیا کہ ہم خود ایک دکان کھول لیتے ہیں جہاں پر وہاں سے برتن لا کر بیچتے رہا کریں گے۔ اس طرح بھرم بھی رہ جائے گا اور نان نفقہ بھی چلتا رہے گا۔ یہ سلسلہ یوں چلتا رہا کہ عزت بیگ منہ مانگے داموں تُلّے کمھار سے برتن لے آتا اور اس کا ملازم اپنی دکان چلانے کے لیے اسے سستے داموں بیچتا رہتا۔ خسارے کا یہ کاروبار آخر کب تک چلنا تھا۔ ایک روز عزت بیگ کنگال ہو گیا تو ملازم بھی غائب ہو گیا۔ ناچار عزت بیگ عشق میں ڈوب کر تُلّے کمھار کے پاس جا پہنچا اور اسے بتایا کہ اس کا سارا مال چوری ہو گیا ہے اور اب وہ اس قدر کنگال ہو گیا ہے کہ اگر اسے گھر پر ملازم رکھ لیا جائے تو وہ صرف کھانے کے عوض تمام خدمت سرانجام دے دیا کرے گا۔

تُلّا کمھار صرف کمھار نہیں تھا بلکہ اپنے خاص فن کی وجہ سے اس کا شمار کھاتے پیتے گھرانوں میں ہوتا تھا چنانچہ اس نے اس قدر سستا نوکر دیکھ کر اس کی پیشکش فوراً قبول کر لی اور اپنی بھینسوں کو چَرانے کے لیے اسے ملازم رکھ لیا۔ یہیں سے عزت بیگ کا نام مہینوال پڑ گیا کیونکہ وہ بھینسوں کو چَراتا تھا۔

عزت بیگ اب سوہنی کے عشق میں مہینوال بن چکا تھا اور سوہنی کو بھی اس کا اندازہ ہو چکا تھا چنانچہ دن بھر میں انہیں دو چار باتیں کرنے کا موقع ضرور مل جاتا تھا اور مہینوال کے لیے یہی کافی تھا۔ بالآخر اس عشق کا چرچا ہونا شروع ہو گیا اور جب پورے علاقے میں بات پھیل گئی تو ایک روز تُلّے کمھار نے بیٹی کی سرزنش کی اور عزت بیگ کو نوکری سے نکال دیا۔ اس کے ساتھ ہی گھر والوں نے کمھاروں کا ایک لڑکا پسند کر کے چٹ منگنی پٹ بیاہ کے مصداق سوہنی کی اس سے شادی کر دی۔ کہتے ہیں کہ شبِ عروسی کو سوہنی نے دعا مانگی کہ میں تو مہینوال کی امانت ہوں یہ میرے ساتھ کیا ہونے والا ہے۔ اس کی دعا قبول ہوئی اور اس کے شوہر کو چند لمحوں میں کسی ایسی بیماری نے گھیر لیا کہ وہ نہ صرف مردانہ قوت سے محروم ہو گیا بلکہ چند ہی دنوں

میں سوکھ کر کانٹا ہو گیا اور راہیٔ ملکِ عدم ہوا۔

ادھر عزت بیگ کو بھی سوہنی کی شادی کی خبر مل چکی تھی چنانچہ وہ بھی مارامارا پھر رہا تھا۔ ایک روز سوہنی کی سہیلی کے توسط سے ان دونوں کا رابطہ ہوا اور صورتِ حال واضح ہونے پر سوہنی نے عزت بیگ سے کہا کہ وہ دریا کے دوسرے کنارے پر ڈیرے ڈال لے تا کہ یہاں کے لوگوں کو کچھ خبر نہ ہو اور رات کو تیر کے اس کنارے پر فلاں جگہ آ جایا کرے جہاں وہ اس کی منتظر ہوا کرے گی۔ یہ سلسلہ کئی روز تک چلتا رہا۔ مہینوال نے دریا کے دوسرے کنارے فقیرانہ جھگی ڈال لی اور رات کو دریا پار کر کے آنے سے قبل سوہنی کے لیے ایک مچھلی بھون کر ساتھ لانا اس کا معمول بن گیا۔ ایک روز دریا سے کوئی مچھلی نہ پکڑی گئی تو وہ روایت گزیدہ اپنی ران کا گوشت کاٹ کر بھون کر لے آیا، سوہنی نے اسے کھاتے ہوئے ایک عجیب بدذائقگی محسوس کی تو استفسار پر اسے بتانا پڑا کہ آج مچھلی نہیں ملی تھی چنانچہ روزانہ کے معمول کو برقرار رکھنے کے لیے وہ اپنی ٹانگ سے ایک بوٹی کاٹ کر اس کے لیے بھون لایا ہے۔ سوہنی نے ٹانگ پر پٹی بندھی ہوئی دیکھی تو اسے کہا کہ آج کے بعد تم تیر کر ادھر مت آنا کہ ٹانگ پر اتنے بڑے زخم کے بعد یہ خطرناک فعل ہو گا۔ میں خود آیا کروں گی۔ اس کے بعد سوہنی نے ایک گھڑا لیا اور روزانہ رات کو اس پر تیر کر مہینوال سے ملنے دوسرے کنارے جانے لگی۔

ایک روز اس کی نند کو کچھ شبہ ہوا اور وہ رات کو اس کے پیچھے پیچھے ہو لی۔ اس نے سوہنی کے جانے اور آنے کا سارا منظر اپنی آنکھوں سے دیکھا اور خطرناک منصوبہ سازی کر کے اگلے روز اس گھڑے کی جگہ ایک کچا گھڑا رکھ دیا۔

حسبِ معمول اگلی رات جب سوہنی دریا کے کنارے پہنچی تو وہ طوفانی رات تھی، موسلادھار بارش کا سماں تھا، بادل چمک رہے تھے، تیز ہوائیں چل رہی تھیں اور رات بھی خطرناک حد تک اندھیری تھی سوہنی کا دل تو بہت گھبرا رہا تھا مگر تقاضائے عشق کے مطابق اُس پار منتظر مہینوال کا دیدار لازمی تھا۔ اوپر سے جب اس نے گھڑے کو سینے سے لگا کر پانی میں اتارا تو اسے یہ اندازہ بھی ہو گیا کہ یہ گھڑا وہ نہیں ہے جو اسے روزانہ پار لے جاتا ہے مگر عشق کے اپنے اصول اور تقاضے ہوتے ہیں۔ خطرات اور خوف اس کا راستہ نہیں روک سکتے۔ سوہنی اللہ کا نام لے کر دریا میں اتر گئی مگر طوفانی لہروں نے اسے آ لیا اور کچا گھڑا ابھی پانی کی نذر ہو گیا۔ دوسری جانب مہینوال کنارے پر بے تابی سے منتظر کھڑا تھا۔ اچانک بجلی چمکی تو اسے سوہنی طوفانی لہروں میں لوٹ پوٹ ہوتی ہوئی نظر آئی۔ اس نے فوراً پانی میں چھلانگ لگائی اور سوہنی کی لاش کو اپنی باہوں میں جکڑ لیا مگر طغیانی میں آئی ہوئی موجوں اور تیز ہوا نے اس کی ایک نہ چلنے دی۔ نتیجتاً دونوں لہروں کے سپرد ہو

گئے۔

سسّی پنّوں

[یوں تو پنجابی کی ساری داستانیں کئی کئی شعراء نے منظوم کیں مگر سسی پنوں کی داستان سب سے زیادہ شعراء نے منظوم کی۔ ایک تحقیق کے مطابق صرف پنجابی میں سسّی پنّوں کی 100 سے زیادہ داستانیں لکھی گئیں۔ اس کے علاوہ سندھی میں شاہ لطیف بھٹائی کے علاوہ بھی کئی شعراء نے یہ داستان منظوم کی۔ بلوچی میں بھی یہ داستان ایک معقول تعداد میں منظوم ہوئی۔ فارسی میں بھی شعراء نے مثنوی کے انداز میں یہ قصہ لکھا اور غالباً یہی وجہ ہے اس داستان میں واقعات اور کرداروں کے حوالے سے خاصا اختلاف پایا جاتا ہے۔ سب سے پہلے سسی کے باپ کے نام اور کام کے حوالے سے اختلاف پایا جاتا ہے۔ معروف مورخ و مصنف اور شاعر میر علی شہر قانع ٹھٹھوی نے جو داستان تحریر کی ہے اس میں اس نے سسی کے باپ کا نام تانیہ برہمن اور ماں کا نام مندھر لکھا ہے۔ دوسرے شاعروں میں سے کسی نے آدم جام کسی نے آدم خان کسی نے نون برہمن کسی نے چندر بنسی راجہ کسی نے راجہ برہمدت اور کسی نے کچھ اور لکھا ہے۔ جس دھوبی نے سسی کو دریا سے نکالا اس کا نام کہیں اتا ہے کہیں محمد اور کہیں لار۔

پنّوں کے باپ کے نام بھی مختلف ملتے ہیں مثلاً جام آری، ہوت علی، علی خان، اکبر علی وغیرہ اسی طرح اس کے تاریخی زمانے کے بارے میں بھی مختلف داستانوں میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ کوئی اسے کسی دور کی کہانی بتاتا ہے اور کوئی کسی دور کی۔ دریا کے نام کے بارے میں بھی اختلاف ہے۔ کسی نے دریائے سندھ کسی نے راوی، کسی نے دریائے سندھ کا کوئی معاون دریا، کسی نے پنجند کسی نے ترمونہی اور کسی نے سوہاں لکھا ہے۔ پروفیسر سریندر سنگھ نے اسے یونانی کہانیوں سے ملاتے ہوئے بتایا ہے کہ ”جس طرح سسی کو صندوق میں ڈال کر دریا برد کیا جاتا ہے دراصل اسی طرح قدیم یونان میں لوگ دیوی دیوتاؤں کو خوش کرنے کے لیے فصل کٹنے پر قربانی کی رسم ادا کیا کرتے تھے اور فصل پکنے پر کسی لڑکی کو اس طرح دریا برد کرتے تھے۔ قدیم ہندوستان میں بھی لوگ اسی طرح کیا کرتے تھے“ ڈاکٹر ہرنام سنگھ شان جنھوں نے سسی کی داستان پر پی ایچ ڈی کی تھی بتاتے ہیں کہ بہاولپور گزیٹر کے مطابق سسی کو جہاں سے صندوق میں بند کر کے بہایا گیا تھا اس جگہ کو بھٹاواہن کہتے ہیں۔ یہ ایک پرانا شہر ہے جو رحیم یار خان اسٹیشن سے دس میل شمال کی طرف ہے۔ اس زمانے میں دریائے سندھ اس سے ایک میل کی دوری پر بہتا تھا۔ اس جگہ کو اب ترمونہی کہتے ہیں کیونکہ یہاں سندھ دریا کی دونوں شاخیں مل جاتی ہیں۔ اسی طرح اور بھی بہت سے داستانوی اختلافات پائے جاتے ہیں۔ اس ساری صورتِ حال کے پیشِ نظر میں نے مختلف داستانوں سے قابلِ قبول اور مقبول روایات کو سامنے رکھ کر اس قصے کا خلاصہ تیار کیا ہے۔ پنجابی میں یہ داستان ہاشم شاہ سے پہلے دو شعرا حافظ برخوردار اور سندر داس آرام نے لکھی۔ ہاشم شاہ کی سسی بہت مختصر ہے، تمام واقعات کا احاطہ نہیں کرتی اور

تقریباً 124 قطعات پر مشتمل ہے لیکن اس میں زبان وبیان کی خوبیاں اور تخلیقی جوہر اس قدر زیادہ ہے کہ ہاشم شاہ کی سسی ہی اب تک معروف ومقبول ہے۔[مُرتب]

O

یہ کہانی پاکستان کے دو صوبوں (سندھ اور بلوچستان) اور راجہ دِلّورائے کے دور سے تعلق رکھتی ہے جس کا عہد آٹھویں صدی عیسوی کے نصف اوّل میں آتا ہے۔ اس راجہ کے زیرِ نگیں علاقے برہمن آباد میں بھانبر نہر کے کنارے تانیہؔ نام کا ایک نابینا برہمن رہتا تھا جس کی بیوی کا نام مندھرؔ تھا۔ دونوں بے اولاد تھے اور بیٹے کی تمنا میں سادھوؤں، جوگیوں، فقیروں، ـــــــــ کی خدمت کے علاوہ مندروں میں پوجا پاٹ کر کے بھگوان سے مندھرؔ کی گود ہری ہونے کی دعائیں مانگتے رہتے تھے۔ بالآخر ایک روز ان کی دعا قبول ہوئی اور ان کے ہاں ایک انتہائی خوبصورت بیٹی پیدا ہوئی لیکن دیگر معاشروں کی طرح ہندو سماج میں بھی لڑکی کو اچھا نہیں سمجھا جاتا اور ہر کوئی لڑکے کی تمنا کرتا ہے چنانچہ تانیہؔ نے اپنے اعتقاد کے مطابق ایک معروف جوتشی کو بلا کر بچی کی جنم پتری کھلوا کر حساب لگوایا تو دونوں میاں بیوی یہ جان کر حیران رہ گئے کہ جب سسی بڑی ہو گی تو یہ عشق میں غلطاں ہو کر خاندان کی ناک کٹوائے گی۔ ظاہر ہے مذہبی رہنما ہونے کے ناطے یہ صورتِ حال انہیں کسی طور گوارا نہ ہو سکتی تھی چنانچہ بدنامی سے بچنے کے لیے انہوں نے بچی کو ایک صندوق میں بند کر کے دریابرد کر دیا۔ صندوق دریا میں تیرتا ہوا بھنبھور شہر کے قریب ایک گھاٹ پر پہنچ گیا۔ بھنبھور تب ایک مشہور شہر تھا جہاں محمد نام کا ایک دھوبی رہتا تھا۔ کہنے کو تو یہ دھوبی تھا مگر امیر کبیر دھوبی کیونکہ یہ امراء اور صاحبِ حیثیت اور متموّل لوگوں کے کپڑے دھوتا تھا اور اپنے فن میں اس قدر مشّاق تھا کہ اس نے پانچ سو ملازم رکھے ہوئے تھے جو اس کی زیر نگرانی کام کرتے تھے۔ اتفاق سے محمد دھوبی بھی بے اولاد تھا اور اولاد کے غم میں دن رات گھلتا رہتا تھا۔ یہ بھی پیروں فقیروں کے دروں پر دستکیں اور مزارات پر حاضریاں دیتا تھا مگر تاحال اس کے من کی مراد پوری نہ ہوئی تھی۔

جب مذکورہ صندوق بھنبھور کے گھاٹ پر پہنچا تو اس وقت محمد دھوبی کے ملازم کپڑے دھو رہے تھے چنانچہ انہوں نے صندوق باہر نکال لیا اور یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ اس میں ایک انتہائی خوبصورت اور پھول کی طرح نرم و نازک بچی لیٹی ہوئی ہے۔ انہوں نے فوراً محمد کو خبر کی اور محمد اس بچی کو گود میں اٹھا کر سربسجود ہو گیا کہ خدا نے اسے بغیر کسی تکلیف کے ایک بچی عطا کر دی ہے۔ میاں بیوی نے مل کر اس کا نام سسی رکھا جس کے معنی ہیں چاند۔ دولت کی کمی نہ تھی چنانچہ سسی ناز و نعم میں پلنے لگی اور حسین سے حسین تر ہوتی گئی۔ جوان ہوئی تو اس کے حسن کے چرچے دور دور تک پھیل گئے۔ محمد دھوبی نے اس کے لیے ایک

عالیشان محل تعمیر کرایا اور باغ بنوایا جس میں قسم قسم کے پھل دار درخت اور پھولوں کے پودے تھے۔ سسی ان حالات میں اپنی سہیلیوں کے ساتھ انتہائی خوش و خرم زندگی گزار رہی تھی۔

اس دور میں باہر سے تجارت کے لیے آنے والے قافلے بھنبھور اور ٹھٹھہ سے گزر کر آگے جاتے تھے۔ کیچ مکران سے اکثر قافلوں کا ادھر آنا جانا رہتا تھا اور واپسی پر قافلے والے اپنے اپنے علاقے میں سسی کے حُسن اور محمد دھوبی کی مہمان نوازی کا ذکر ضرور کرتے تھے۔ اسی طرح کے ایک قافلے کے کچھ لوگوں نے کیچ مکران کے ایک سردار آری جام کے سب سے چھوٹے بیٹے پنوں سے سسی کے حسن کا ذکر کر دیا اور اس انداز میں کیا کہ پُنوں سسی کو دیکھنے کے لیے بے تاب ہو گیا۔ پنوں کا اصل نام بھی پونم تھا جس کا مطلب ہے چاند۔ طے پایا کہ ایک ایسا قافلہ تیار کیا جائے جو مشک و عنبر لے کر بھنبھور جائے۔ پنوں کو یہ تجویز پسند آئی اور جب شہزادہ پنوں ایک بیوپاری کی حیثیت سے بھنبھور پہنچا تو سارا شہر معطر ہو گیا۔ خبر پھیلتے ہی سسی بھی وہاں جا پہنچی جہاں قافلہ ٹھہرا تھا۔ پنوں نے جب سسی کو دیکھا تو دیکھتا ہی رہ گیا۔ ادھر سسی کا بھی یہی حال ہو گیا۔ دونوں گھائل ہوئے اور ایک دوسرے کے بغیر ان کا جینا مشکل ہو گیا۔ سسی نے سہیلیوں سے مل کر منصوبے بنانے شروع کر دیئے اور اپنی ماں کو قائل کر لیا۔ ذات پات کا سلسلہ آڑے آنے لگا تو سسی کے ماں باپ کو بتایا گیا کہ پنوں کاروبار تو عطر و عنبر کا کرتا ہے مگر ذات کا دھوبی ہے۔ محمد دھوبی نے امتحان لینے کے لیے کپڑوں کا ایک گٹھڑ پنوں کو دیا اور کہا اسے گھاٹ سے دھولاؤ۔ پُنوں نے یہ کام کہاں کیا تھا مگر عشق کے ہاتھوں مجبور ہو کر گھاٹ پر چلا گیا۔ کپڑے دھوتے ہوئے اس کے ہاتھ پاؤں تھک گئے اور کپڑے بھی پھٹ گئے۔ سسی کو جب اس کی خبر ہوئی تو اس نے کہا فکر نہ کرو۔ کپڑے تہ کرتے ہوئے ہر کپڑے کی ایک تہ میں سونے کی ایک اشرفی رکھ دو تاکہ جن لوگوں کے کپڑے پھٹ گئے ہیں انہیں کوئی اعتراض نہ ہو۔

پنوں نے ایسا ہی کیا اور کپڑے مالکوں تک پہنچا دیئے گئے۔ ظاہر ہے کسی نے بھی اعتراض نہ کیا بلکہ الٹا خوش ہوئے کہ انہیں نئے کپڑوں کے پیسے مل گئے ہیں۔ ادھر محمد دھوبی کو بھی پنوں کی ذات کے بارے میں یقین ہو گیا کہ یہ واقعی دھوبی ہے چنانچہ اس نے یہ رشتہ قبول کر لیا۔ اسی اثنا میں ایک اڑچن آ پڑی۔ ایک سنارن پنوں کو دل دے بیٹھی اور عشق میں پاگل ہو کر اس نے یہ سازش بنائی کہ پنوں کو جا کر شکایت لگا دی کہ سسی کا چال چلن ٹھیک نہیں ہے اور وہ تیرے لائق نہیں ہے۔ اس زمانے کا رواج تھا کہ جب کسی پر الزام لگا دیا جاتا تھا تو اپنی بے گناہی ثابت کرنے کے لیے اسے دہکتے کوئلوں پر سے گزرنا پڑتا تھا۔ سسی کو بھی دہکتے کوئلوں پر سے گزرنا پڑا اور جب وہ صحیح سلامت گزر گئی تو اس کے باپ نے دھوم دھام سے شادی کی تیاریاں شروع کر دیں۔

اس شادی میں پنوں کے ساتھ آئے ہوئے اس کے ساتھیوں نے بھی شریک ہو کر خوشیاں منائیں۔ ان کا خیال تھا شادی کرنے کے بعد پنوں سسی کو ساتھ لے کر کیچ مکران چلا جائے گا مگر اس نے وطن جانے کا خیال سرے ہی سے ترک کر دیا اور بھنبھور میں مستقل قیام کر کے بیٹھ گیا۔

قافلے میں پنوں کا ایک بھائی چنرو بھی شامل تھا، اس نے بھی بھائی کو بہت سمجھانے کی کوشش کی لیکن اس پر کچھ اثر نہ ہوا۔ آخر مجبور ہو کر قافلے والے واپس مکران چلے گئے اور وہاں جا کر چنرو نے اپنے باپ آری جام کو صورتحال سے آگاہ کیا اور بتایا کہ پنوں نے وہاں سسی سے شادی کر لی ہے اور وہیں رہ گیا ہے، باپ نے یہ سنا تو بہت پریشان ہوا۔ اس کی جدائی اس کے لیے ناقابلِ برداشت تھی۔ اس نے اسی وقت ایک قاصد بھنبھور کی طرف روانہ کیا اور پنوں کو پیغام بھیجا کہ فوراً واپس وطن آجائے۔ قاصد جب یہ پیغام لے کر بھنبھور پہنچا تو اس نے دیکھا پنوں وہاں ایک گھاٹ پر دوسرے دھوبیوں کے ساتھ کپڑے دھو رہا ہے۔ اس نے اسے باپ کا پیغام پہنچایا لیکن پنوں نے واپس جانے سے صاف انکار کر دیا۔ قاصد بیچارہ کیا کر سکتا تھا؟ اس نے جب واپس آکر آری جام کو حالات سے آگاہ کیا تو اس کے ہوش جاتے رہے۔ بڑھاپے میں اسے پیارے بیٹے کی جدائی برداشت کرنا پڑ رہی تھی۔ وہ اس کے غم میں اس طرح نظر آنے لگا تھا جیسے برسوں کا بیمار ہو۔ وہ دن رات پنوں کی یاد میں آنسو بہاتا رہتا تھا۔ اس کی یہ حالت دیکھ کر پنوں کے تینوں بھائی چنرو، ہوتی اور نوتی نے آپس میں مشورہ کیا اور پھر ایک روز انتہائی تیز رفتار اونٹوں پر سوار ہو کر بھنبھور کی طرف چل دیئے۔ جب وہ بھنبھور پہنچے تو پنوں اور سسی نے ان کا بڑی گرم جوشی سے استقبال کیا۔

تینوں بھائیوں کی خوب آؤ بھگت ہوئی اور ان کی آمد کی خوشی میں جشن منایا گیا۔ ان کی مہمان نوازی کے لیے روزانہ نئے سے نئے پکوان تیار ہوتے اور ہر رات محفل سجتی تاہم وہ جب بھی موقع پاتے تینوں پنوں کو سمجھاتے اور باپ کی حالت بتاتے کہ وہ تمہارے غم میں سوکھ کر کانٹا ہوا جا رہا ہے اور اگر تم واپس نہ گئے تو باپ کا زندہ رہنا مشکل ہو جائے گا مگر ان کی یہ ساری کوششیں بیکار ثابت ہوئیں۔ پنوں نے بھائیوں سے صاف صاف کہہ دیا کہ وہ اس کی امید چھوڑ دیں اور باپ سے بھی کہہ دیں وہ مجھے بھول جائے۔

ایک رات معمول کے مطابق محفل جمی ہوئی تھی اور تینوں بھائی پنوں کے ساتھ ناؤ نوش میں مصروف تھے۔ وہ آپس میں باتیں کرتے ہوئے رات دیر تک مست رہے۔ اس وقت پنوں کے بھائیوں نے یہ ہوشیاری کی کہ خود تو بہت کم پی رہے تھے مگر پنوں کو پیالے بھر بھر کر دے رہے تھے۔ اس طرح پیتے پلاتے بہت رات گزر گئی۔ دوسری جانب سسی پنوں کا انتظار کرتے کرتے تھک کر سو گئی۔ اس وقت تک پنوں کی یہ حالت ہو گئی تھی کہ اسے ہوش تک نہ تھا۔

پنوں کے بھائیوں نے اپنے تیز رفتار اونٹوں کو بالکل تیار رکھا ہوا تھا اور ان پر پالان وغیرہ پہلے ہی سے کسے ہوئے تھے لہٰذا بڑی تیزی سے تینوں نے پنوں کو اٹھایا اور ایک اونٹ پر سوار کر کے خود بھی اونٹوں پر سوار ہو کر مکران کی طرف دوڑ پڑے۔

ادھر جب صبح سسی کی آنکھ کھلی اور اس نے دیکھا کہ پنوں وہاں نہیں ہے تو یکایک اسے خیال آیا کہ پنوں کو اس کے بھائی اغوا کر کے لے گئے ہیں۔

یہ خیال آتے ہی وہ پاگلوں کی طرح چیختی چلاتی ادھر ادھر بھاگنے لگی اور سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر دیوانوں کی طرح مکران کی طرف دوڑنے لگی۔ اسے نہ یہ پتا تھا کہ کہاں جارہی ہے اور نہ یہ جانتی تھی کہ اسے کہاں جانا ہے؟ وہ پاگلوں کی طرح پنوں پنوں پکار رہی تھی حتیٰ کہ صحرا کی تپتی ریت دوپہر کو آگ برسانے لگی پھر بھی وہ ہانپتی کانپتی دوڑتی جارہی تھی۔ تقریباً چالیس کوس تک بھاگنے کے بعد وہ پب کی پہاڑیوں میں ماری ماری پھر رہی تھی۔ پیاس کی شدت سے وہ چلتے چلتے غش کھا کر گر پڑی اور پانی پانی پکارنے لگی۔ اس موقع پر قدرت کو اس پر رحم آ گیا اور دیکھتے ہی دیکھتے وہاں پانی کا ایک چشمہ پھوٹ پڑا۔ اس نے جلدی سے پانی پی کر اپنی پیاس بجھائی اور تازہ دم ہو کر پھر سے اپنے ان جانے سفر پر روانہ ہو گئی۔ روایت بیان کی جاتی ہے کہ وہ چشمہ چھوٹے تالاب کی صورت میں آج تک وہاں موجود ہے جو ہمیشہ پانی سے بھرا رہتا ہے اور کبھی خشک نہیں ہوتا۔

سسّی ابھی چھ سات کوس پہاڑی راستہ مزید چلی تھی کہ اس کے پاؤں بری طرح زخمی ہو گئے۔ وہ اس پہاڑی راستے میں ماری ماری پھر رہی تھی کہ ایک چرواہا دور سے اسے دیکھ کر اس کے قریب آ گیا۔ سسی نے اسے دیکھتے ہی بے تابی سے پوچھا۔

"تم نے میرا پنوں تو نہیں دیکھا۔؟"

چرواہا اسے دیکھتے ہی بدنیت ہو چکا تھا۔ وہ جواب میں مسکراتے ہوئے بولا۔

"تم ایک پنوں کو ڈھونڈ رہی ہو۔ اس دنیا میں تو ہر شخص پنوں ہے"۔

اس نے سسی کو بری نیت سے اپنے ساتھ لے جانا چاہا لیکن سسی اس کا ارادہ بھانپ گئی تھی۔ اس نے چرواہے سے کہا اے بے درد انسان! میں پیاس سے مری جارہی ہوں اور تو مجھ پر فریفتہ ہو رہا ہے۔ تجھے خدا کا خوف کرنا چاہیے اور پہلے میری پیاس بجھانی چاہیے!

چرواہا سسی کی یہ بات سن کر بھاگم بھاگ اپنے گلے کے پاس گیا تا کہ اس کے لیے کچھ دودھ لائے۔ اس نے سوچا تھا، اگر میں نے اس کی پیاس بجھانے کا بندوبست کر دیا تو یہ میری پیاس بجھانے پر راضی ہو جائے

گی۔ جونہی وہ اپنے گلّے کی طرف گیا تو بد قسمت سسی نے بے بسی کے عالم میں اللہ کو یاد کر کے دعا کی کہ میں پنوں کی امانت ہوں، میری پاک دامنی پر حرف نہ آئے۔ اس ویرانے میں تو ہی میری فریاد سننے والا ہے۔!"

بے بس اور بے کس سسی کی دعا اللہ نے قبول کر لی، اسی وقت ایک چٹان میں شگاف پیدا ہو گیا، سسی اس میں سما گئی اور شگاف پھر سے بند ہو گیا۔ اتفاق سے اس کے پلو کا کچھ حصہ باہر رہ گیا تھا۔ جب چرواہا دودھ لے کر واپس آیا تو وہاں سسی کو نہ پا کر بڑا پریشان ہوا اور ادھر ادھر دیکھنے لگا اور جب اس کی نظر اس پتھر پر پڑی جس میں وہ سمائی تھی تو یہ عبرتناک منظر دیکھ کر وہ اپنے گناہوں سے تائب ہو گیا۔ اس نے سسی کی آخری آرام گاہ کی نشاندہی کے لیے اس کے چاروں طرف چھوٹے چھوٹے پتھروں کا حصار سا بنا دیا تاکہ دیکھنے والوں کو پتہ چل جائے کہ یہاں کسی کی قبر ہے۔

دوسری طرف بھائی پنوں کو اپنے باپ کے پاس لے جا چکے تھے مگر ہوش آنے پر پنوں سسی سسی پکارنے لگا اور دیوانہ وار بھاگنے کی کوششیں کرنے لگا۔ باپ نے یہ دیکھا تو ڈر گیا کہ کہیں سسی کی جدائی میں یہ جان سے ہی ہاتھ نہ دھو بیٹھے چنانچہ اس نے بھائیوں کے ہمراہ اِسے بھنبھور بھیج دیا تاکہ یہ جا کر سسی کو بھی ساتھ ہی لے آئیں۔

جب یہ لوگ اس جگہ کے قریب پہنچے جہاں سسی سمائی تھی تو پنوں کو کسی غیبی آواز نے روک لیا۔ اس نے اونٹ کی مہار کھینچ لی اور ادھر ادھر دیکھنے لگا۔ اچانک اس کی نظر اس تازہ قبر پر پڑی جس میں سے پلو باہر نکلا ہوا تھا۔ اتفاق سے عین اس وقت وہ چرواہا بھی وہاں آ نکلا جس نے سسی کی قبر بنائی تھی۔

پنوں کے پوچھنے پر جواب میں چرواہے نے روتے ہوئے اسے ساری کہانی سنا ڈالی اور بتایا کہ اس طرح ایک خوبصورت عورت پنوں پنوں پکارتی ہوئی یہاں آئی تھی، اس بد نصیب کی بہت بری حالت تھی اور یہ قبر اسی کی ہے جس کے دوپٹے کا پلو باہر رہ گیا ہے۔ مرتے وقت بھی اس کے لبوں پر پنوں کا نام تھا اور وہ اسی کو ڈھونڈتی ہوئی موت کے منہ میں چلی گئی۔ پنوں نے جب چرواہے سے یہ سنا تو بے اختیار رونے لگا۔ پھر اس نے بھائیوں کے پاس جا کر ان سے کہا۔

"تم لوگ تھوڑی دیر ٹھہرو، میں اس قبر پر فاتحہ پڑھ لوں"۔

اس کے بعد وہ قبر پر آیا اور آسمان کی طرف نظریں اٹھا کر دعا مانگی کہ اے خدا مجھے میری سسی سے ملا دے!"

دعا کا مانگنا تھا کہ اچانک چٹان میں پھر سے شگاف پڑ گیا اور وہ سسی سسی پکارتا ہوا اس میں سما گیا۔ چٹان کا شگاف پھر سے بند ہو گیا اور اس طرح دو سچے پیار کرنے والے ایک دوسرے سے ہمیشہ کے لیے مل

گئے۔ یہ واقعہ دیکھ کر پنوں کے تینوں بھائی حیرت میں ڈوب گئے۔ وہ کچھ دیر تک وہاں کھڑے آنسو بہاتے رہے، پھر واپس مکران کی جانب چل دیے۔

روایت ہے کہ ملتان کا ایک اسماعیل نامی درویش ان دونوں سچے عاشقوں کی زیارت کے لیے آیا اور اپنے اونٹ کو دور چھوڑ کر ان کے دیدار کی آرزو میں تین دن بھوکا پیاسا بیٹھا رہا۔ تین روز کے بعد ایک بوڑھی عورت چند روٹیاں اور تھوڑا پانی لے کر ظاہر ہوئی۔ درویش نے اس سے کہا۔

"جب تک میں سسی اور پنوں کو نہ دیکھوں گا، تب تک ہر گز کچھ نہ کھاؤں پیوں گا"۔

جواب میں بوڑھی بولی۔

"سسی تو میں ہوں لیکن تم پنوں کو دیکھنے کا خیال چھوڑ دو کیونکہ زمانے کا کوئی بھروسا نہیں ہے۔ میں تو دیوروں کی ستائی ہوئی ہوں"۔

درویش کہنے لگا۔

"مجھے یہ کیسے یقین ہو کہ تم ہی سسی ہو۔؟ سسی تو حسین اور نوجوان تھی اور تم بوڑھی عورت ہو۔؟"

جیسے ہی درویش نے یہ کہا تو بوڑھی عورت نے فوراً اپنے آپ کو اصلی اور جوان روپ میں ظاہر کیا اور درویش سے بولی۔

"اب تو تم کچھ کھالو۔!؟"

لیکن درویش نے پھر کہا۔

"جب تک میں تم دونوں کو نہ دیکھ لوں گا اس وقت تک ہر گز کچھ نہ کھاؤں پیوں گا، خواہ میں بھوکا پیاسا ہی کیوں نہ مر جاؤں۔

آخر بڑے ردوکد کے بعد سسی نے لحد میں جا کر پنوں کو کمر تک باہر نکالا مگر اس نے اسے دونوں ہاتھوں سے اپنی گرفت میں لیے رکھا تاکہ پہلے کی طرح پھر کوئی اسے نہ لے جائے۔

مرزا صاحباں

یہ مغل بادشاہ شاہجہان کے عہد کا قصہ ہے۔ جھنگ کے شمال میں تقریباً بارہ میل کے فاصلے پر کھیوا کے نام سے چدھڑ سیالوں کا ایک قصبہ آباد تھا جن کا سربراہ سردار کھیوا خان ایک بڑا زمیندار تھا۔ اس کی بیٹی صاحباں کے دو بڑے بھائی شمیر خان اور میر خان اپنے علاقے میں دلیری اور بہادری کے حوالے سے مشہور

تھے۔ کھیوا سے ساٹھ پینسٹھ میل کے فاصلے پر دریائے راوی کے کنارے ایک اور قصبہ دانا آباد کے نام سے معروف تھا جہاں پر مقیم کھرل جاٹوں کے سردار کا نام ونجھل تھا۔ مرزا خان اسی کا بیٹا تھا جو اپنے بھائیوں میں سب سے چھوٹا تھا۔ بہادری اور خوبصورتی کے حوالے سے مرزا کا بھی پورے علاقے میں چرچا تھا۔ سردار کھیوا خان کی سگی بہن ونجھل سے بیاہی ہوئی تھی اس طرح مرزا خان، صاحبان کی پھوپھی کا بیٹا تھا اور صاحباں، مرزا کے ماموں کی بیٹی۔ مرزا سب میں چھوٹا اور انتہائی خوبصورت ہونے کی وجہ سے ہر ایک کا چہیتا تھا چنانچہ اس لاڈ پیار نے بچپن میں ہی اسے خاصا خود سر کر دیا تھا۔ ایک روز مرزے کے والد نے اپنی بیوی سے مشورہ کے بعد اسے سردار کھیوہ خان کے پاس بھیج دیا۔ میاں بیوی کا خیال تھا کہ وہاں رہ کر یہ پڑھ لکھ بھی جائے گا اور کینڈے میں بھی آ جائے گا۔ سردار کھیوا بھی اس کی آمد پر خوش تھا چنانچہ اس نے دونوں بچوں یعنی مرزا اور صاحباں کو مسجد میں پڑھنے کے لیے ڈال دیا۔ دونوں ایک ساتھ پڑھ اور بڑھ رہے تھے کہ رفتہ رفتہ ان میں پیار محبّت کا سلسلہ شروع ہو گیا اور جوان ہونے تک دونوں ایک ساتھ جینے مرنے کا اقرار کر چکے تھے۔ یہ بات زیادہ دیر تک چھپی نہ رہی چنانچہ کھیوا خان نے بیوی سے مشورہ کر کے مرزا کو واپس دانا آباد بھجوا دیا اور جلدی سے اپنے قبیلہ کے ایک نوجوان طاہر خان سے صاحباں کی سگائی کر دی۔ ہر چند کہ مرزا اور صاحباں کی بچپن میں ہی آپس میں منگنی کر دی گئی تھی مگر عشق کو زمانہ کب برداشت کرتا ہے۔ مرزا دانا آباد جا چکا تھا تاہم دونوں کے دل سے ایک دوسرے کا خیال نکلا نہیں تھا اور اب بھی وہ ایک دوسرے کے لیے زندہ تھے۔

بالآخر صاحباں کی شادی کی تاریخ طے ہو گئی تو اسے شدید پریشانی لاحق ہوئی اور اس نے ایک بوڑھے دکاندار کرمو برہمن کے ہاتھ مرزا کو پیغام بھیجا کہ فوراً پہنچو ورنہ دیر ہو چکی ہو گی۔

مرزے نے جب صاحباں کی شادی کی بات سنی تو اسی وقت اپنی گھوڑی جو بکی اور نیلی کے نام سے مشہور تھی، پر زین کسی اور عازمِ سفر ہونے لگا، حالانکہ ایک روز بعد اس کی سگی بہن چھتی کی شادی تھی۔ اس کی ماں، بہن اور باپ نے بہت سمجھایا مگر وہ نہ مانا۔ اس نے کہا کہ صاحباں میری منگیتر ہے لہٰذا میری غیرت کسی صورت گوارا نہیں کر سکتی کہ وہ کسی اور کی ہو جائے۔ اس موقع پر ناچار ہو کر اس کے باپ نے کہا کہ ٹھیک ہے اب اگر تم اکیلے جا ہی رہے تو کھرلوں کی لاج رکھتے ہوئے اکیلے مت آنا صاحباں کو ہر صورت ساتھ لے کر آنا۔

مرزا اپنی برق رفتار بکّی پر سوار ہو کر صاحباں کے گاؤں پہنچتے ہی سب سے پہلے سیدھا اپنی خالہ بیبوؔ کے گھر گیا اور اسے سارا قصہ سنا کر اپنے منصوبے سے آگاہ کیا۔ بیبوؔ پہلے ہی یہی چاہتی تھی چنانچہ وہ سیدھی

صاحباں کے پاس گئی اور صاحباں بھیس بدل کر اس کے ہمراہ اس کے گھر آ گئی جہاں مرزا اور صاحباں کی تفصیلی ملاقات ہوئی اور آدھی رات کو بھاگ نکلنے کا پروگرام بن گیا۔

رات کو طے شدہ وقت پر مرزا اپنی گھوڑی لے کر کھیوا خان کی حویلی کے پچھواڑے جا پہنچا جہاں سے صاحباں وقتی طور پر لگائی گئی سیڑھی کے ذریعے آہستہ آہستہ نیچے اُتری اور مرزے کی بکّی پر بیٹھ کر ہوا ہو گئی۔ یہاں پر کہانی میں ذرا سا اختلاف پایا جاتا ہے۔ ایک Version یہ ہے جو زیادہ قرینِ قیاس ہے کہ مرزا وقتی طور پر لگائی گئی اس سیڑھی کے راستے خود اوپر کی منزل میں صاحباں کے کمرے میں جا پہنچا اور وہاں تا دیر راز و نیاز ہوتا رہا۔ اس موقع پر صاحباں بار بار یہ کہتی رہی کہ وقت بہت کم ہے فوراً نکل چلو تاکہ ہم پو پھٹنے سے پہلے پہلے دانا آباد یعنی اپنے محفوظ قلعے میں پہنچ جائیں کیونکہ میرے بھائی اور خاندان والے ہمارا پیچھا ضرور کریں گے اور اگر ہم لیٹ ہو گئے تو راستے میں ہی دھر لیے جائیں گے مگر مرزا، شانز و فریزیا کا شکار تھا یا کوئی اور مقصد اس کے پیشِ نظر تھا، ٹس سے مس نہ ہو رہا تھا گویا اس پر سستی اور غنودگی طاری تھی۔ بالآخر جب یہ دونوں اس کمرے سے نیچے اتر کر بھاگے تو رات کافی بیت چکی تھی۔ اس پر طرہ یہ کہ تھوڑا فاصلہ طے کرنے کے بعد پھر مرزے کو سونے کا خیال آ گیا اور اس نے صاحباں کی منت سماجت اور مدلل حجت کے باوجود راستے میں ہی جنڈ کے درخت کے نیچے سونے کو ترجیح دی اور بصد منت و بہ ہزار اصرار اور ایک طرح سے بالجبر بعد از تکرار در تکرار گھوڑی سے اتر کر درخت کے نیچے صاحباں کے زانو پر سر رکھ کر سو گیا۔ اس موقع پر مرزا چند لمحوں کے لیے گہری نیند سونے کو ترجیح دیتا ہے جبکہ صاحباں جاگ رہی ہے اور اس کا دل دھک دھک دھڑک رہا ہے کیونکہ اس کے وسوسے حقیقت پسندانہ ہیں اور بالآخر صحیح ثابت ہوتے ہیں۔ مرزا جو اتنا بہادر، دلیر اور انتھک تھا اس موقع پر تھک کیوں گیا یہ ایک سوال ہے جس کے صرف دو جواب ہو سکتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ دانا آباد سے روانگی سے لے کر صاحباں کو بھگا لانے تک 48 گھنٹوں سے زیادہ وقت بنتا ہے جس میں غالباً مرزے نے ایک لمحے کے لیے بھی آنکھ نہیں لگائی اور دوسرا جواب وہی ہو سکتا ہے جو ایک عام آدمی بھی بہ آسانی سمجھ سکتا ہے۔

اس موقع پر صاحباں کو اپنے بھائیوں کا خیال بھی آتا ہے جو اتنے ہی بہادر تھے جتنا مرزا۔ اب ایک طرف مرزے سے اس کا عشق تھا اور دوسری طرف بھائیوں سے محبت۔ نتیجتاً اس نے مرزے کا ترکش جنڈ کی اوپر کی شاخ پر پھینک کر لٹکا دیا۔ بالآخر وہی ہوا جو صاحباں سوچ رہی تھی۔ سیالوں کا قافلہ اور صاحباں کے بھائی گھوڑے دوڑاتے ہوئے سر پر آ پہنچے۔ مرزا نیند سے اٹھا مگر اس کے پاس ترکش ندارد۔ بہرحال اس نے ہمت کر کے تیر اندازی کے ذریعے مقابلے کی کوشش کی مگر مخالفین کے تیروں کی بارش نے دونوں کو وہیں

پر سلا دیا۔

یہاں یہ سوال بھی پیدا ہوتا ہے کہ اگر صاحباں مرزے کے ترکش جنڈ پر نہ پھینک دیتی تو کیا وہ اکیلا اتنے بڑے غنیم کا مقابلہ کر سکتا تھا جن میں سے ہر فرد کے پاس ترکش تھا اور بالخصوص صاحباں کے دونوں بھائی اس کے برابر کے تیر انداز تھے۔ حقیقت بیانی اس کی تصدیق نہیں کرتی اور اس موقعے پر مرزا کا صاحباں کو گلے کے انداز میں یہ کہنا کہ "برا کیتوای صاحباں میرا ترکش ٹنگیا ای جنڈ"——اس لیے بے معنی سا لگتا ہے کہ اگر ترکش جنڈ پر نہ بھی ٹنگا ہوتا پھر بھی مرزے اور صاحباں کی موت یقینی تھی۔ فرق صرف اتنا پڑتا کہ مرزے کے تیر سے اب تو صرف شمیر ہلاک ہوا تھا دوسری صورت میں شاید سیالوں کے دس بیس افراد مارے جاتے۔

کہا جاتا ہے کہ جب مرزے کی موت کی خبر دانا آباد پہنچی تو اس کے چچا ابراہیم نے انتقام کی غرض سے کھرلوں کو جمع کیا اور چدھڑوں اور سیالوں پر پوری قوت سے حملہ کر کے کھیوا اور جھنگ کی اینٹ سے اینٹ بجادی اور بعد میں مرزا خان اور صاحباں کی لاشیں لا کر کھرلوں کے علاقے میں دفن کیں۔

سیف الملوک

[سیف الملوک ایک انتہائی پُر پیچ عشقیہ داستان ہے جو مافوق الفطرت فضا میں مکمل ہوتی ہے۔ ڈاکٹر گیان چند کی تحقیق کے مطابق (اُردو کی نثری کتابیں) جب الف لیلیٰ میں اُردو کہانیوں کا اضافہ ہے تو یہ کہانی بھی اس میں شامل کر لی گئی۔ سب سے پہلے یہ کہانی ترکی میں لکھی گئی۔ فارسی میں پہلی مرتبہ محمد عمر نے اسے مثنوی کے انداز میں پیش کیا جسے بعد ازاں منصور علی نے بحرِ عشق کے نام سے 1803ء میں نثر میں پیش کیا۔ 1625ء میں دکنی شاعر ملاّ غواصی نے دکنی زبان میں اسے نظم کیا۔ اسی طرح دیگر کئی زبانوں میں یہ کہانی نثر اور نظم میں پیش کی گئی۔ پنجابی میں احمد یار گجراتی کے علاوہ دیگر بے شمار شعراء نے اس پر طبع آزمائی کی تاہم میاں محمد بخش نے اسے بامِ عروج پر پہنچایا۔

میاں محمد بخش "سفر العشق" یعنی شہزادہ سیف الملوک اور پری بدیع الجمال کی داستان کے آغاز میں بتاتے ہیں کہ غزنی شہر میں ایک بادشاہوں کا بادشاہ رہتا تھا جو پرہیز گار، منصف مزاج اور سخی طبیعت تھا۔ اُس کا نام محمود (غالباً سلطان محمود) تھا۔ اسے داستانیں سننے کا بہت شوق تھا۔ ایک دن اسے معلوم ہوا کہ ملک شارستان میں ایک باغِ ارم ہے جہاں پری زاد رہتے ہیں۔ وہاں کے بادشاہ شاہ پال کی بیٹی بدیع الجمال پر مصر کے سلطان عاصم بن صفوان کا بیٹا سیف الملوک عاشق ہو گیا ہے اور وہ بادشاہی اور گھر بار چھوڑ کر دیوانہ وار اسے پانے کی تمنا لے کر چل نکلا ہے۔ شہزادہ چونکہ مقصد میں کامیاب ٹھہرا تھا اس لیے محمود کو اس قصہ کی تفصیلات جاننے کا شوق پیدا ہوا۔ بادشاہ کی قصہ جاننے کی شدید خواہش کو دیکھ کر وزیر اعظم حسن میمندی نے اس سے قصے کی تلاش کے لیے وقت مانگا اور خراسان کی طرف روانہ ہوا اور پھرتا پھرا تا جب ملک روم پہنچا تو وہاں کے بادشاہ نے اسے ایک خضر صورت بوڑھے کا پتہ دیا۔ بزرگ نے وزیر کو بتایا کہ وہ ایک بار دمشق گیا تھا تو وہاں شاہی

دربار میں سیف الملوک اور بدیع الجمال کا قصہ پڑھا جارہا تھا چنانچہ حسن میمندی بھی دمشق جا پہنچا۔ بادشاہ سے ملنے کی راہ نکالی اور یہ جان کر مطمئن ہوا کہ یہ قصہ بادشاہ کے پاس ہے مگر یہ سن کر افسوس بھی ہوا کہ بادشاہ یہ قصہ کسی کو نہیں دکھاتا اور جس کتاب میں یہ قصہ درج ہے اس کا نام زبدۃ الجواب ہے جو "مجمع الحکایات" نامی ضخیم کتاب کا حصہ ہے اور وہ صرف رمضان کے مہینے میں کھولی جاتی ہے اور چند خاص لوگوں کے علاوہ اس قصے کو اور کوئی نہیں سن سکتا۔

حسن میمندی نے قصہ سننے کا اظہار کیا تو شاہِ دمشق نے جواب دیا کہ زبدۃ الجواب رمضان میں کھلے گی اور تب ہی وہ یہ قصہ سن سکتا ہے۔ ساتھ ہی اس کا شوق بڑھانے کے لیے کہنے لگا کہ قصہ سننے کے بعد تیری رگ رگ میں خوشی سما جائے گی اور تیری ہر مشکل آسان ہو جائے گی چنانچہ میمندی کو رمضان مبارک تک وہیں رکنا پڑا۔ اس دوران اس نے دو تیز لکھنے والوں کو انعام و اکرام کا لالچ دے کر قصہ پڑھے جانے پر اسے لکھنے کا کہا چنانچہ اُنہوں نے ایسا ہی کیا اور تمام قصہ نقل کر لیا۔ میاں محمد بخش قصہ کے بارے میں اتنا بتانے کے بعد پھر اس قصے کو الف سے ی تک جس طرح بیان کرتے ہیں اس کا خلاصہ یہ ہے۔ مُرتّب]

O

عاصم بن صفوان مصر کا بادشاہ تھا۔ چالیس ریاستوں پر اس کی حکمرانی تھی اور وہ باسٹھ سال تک بے اولاد رہا۔ آخر ایک دن بادشاہ عاصم سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر خلوت نشینی اختیار کر گیا۔ اسے اپنی بے اولادی کا غم کھائے جا رہا تھا۔ بادشاہ کے گوشہ نشینی اختیار کرنے پر ایک دن اس کے قریبی وزیر صالح ابن حمید نے دوسرے وزیروں کو اکٹھا کیا اور ان کے مشورے سے بادشاہ کے پاس جا کر غمگین ہونے کی وجہ پوچھی۔ بادشاہ نے حالِ دل سنایا تو وزیر نے تمام نجومیوں کو بلا لیا اور ان سے تدبیر کرنے کو کہا جنہوں نے حساب لگا کر بتایا کہ اگر بادشاہ سلامت شاہِ بدخشاں کی بیٹی سے شادی کر لیں تو اس کے بطن سے ایک طویل العمر نیک شہزادہ پیدا ہو گا۔

یہ خوشخبری ملتے ہی بادشاہ تخت پر آ بیٹھا اور اپنے وزیر صالح ابن حمید کو تحفے تحائف دے کر رشتہ لینے کے لیے بھیج دیا۔ شاہ بدخشاں نے سات دن ان کو وہاں ٹھہرایا اور خوب خاطر مدارت کرنے کے بعد شہزادی کا رشتہ بادشاہِ عاصم کو دے دیا اور بہت سی قیمتی چیزوں اور ایک خوبصورت سہیلی کے ساتھ شہزادی کو مصر بھیج دیا جہاں بادشاہ نے دھوم دھام سے شادی کی۔ وزیر صالح ابن حمید نے شہزادی کی سہیلی دیکھی تو اس کا دل اس پر فریفتہ ہو گیا چنانچہ اس کی شادی اس کی سہیلی سے کر دی گئی۔ اگلے سال بادشاہ اور وزیر کے ہاں ایک ہی روز دو خوبصورت فرزند پیدا ہوئے۔

اس موقع پر دوسرے ملکوں کے بادشاہوں نے بادشاہ عاصم کو بیش قیمت تحفے بھیجے جن میں یمن کے بادشاہ نے سیف جمشیدی کا تحفہ بھیجا۔ عاصم شاہ کو سیف جمشیدی کا تحفہ اتنا پسند آیا کہ اس نے شہزادے

کانام "سیف الملوک" رکھ دیا یعنی "بادشاہوں کی تلوار" اور وزیر نے اپنے بیٹے کانام پیدائش کی نیک ساعت کی مناسبت سے صاعد رکھ دیا۔

دونوں کی پرورش کے لیے شہر سے باہر کھلی فضا میں ایک خوبصورت باغ مختص کیا گیا جہاں شہزادے اور وزیر زادے کی پرورش کی گئی اور انہیں ہر طرح کا علم و فن سکھایا گیا۔ یہ سلسلہ چودہ سال تک جاری رہا۔ شہزادہ سیف الملوک وزیر زادے صاعد سے قابلیت میں کچھ زیادہ تھا۔ جب شہزادہ چودہ سال کا ہوا تو اس نے اس باغ میں اپنے باپ اور اس کے تمام امراء و وزراء کی دعوت کا اہتمام کیا اور طرح طرح کے عمدہ کھانوں کا انتظام کیا۔ بادشاہ عاصم شاہ اپنے بیٹے کی عقل و ذہانت سے بہت خوش ہوا اور اسے بہت سے قیمتی تحائف دیے۔ ان تحائف میں ایک خوشنما سنہری ڈبہ بھی تھا جو حضرت سلیمانؑ نے صفوان بادشاہ جو کہ سیف الملوک کا دادا تھا، کو تحفے میں دیا تھا اور ساتھ تاکید کی تھی کہ یہ تم اپنے پوتے کو دینا۔ بادشاہ صفوان نے تاج پوشی کے وقت وہ ڈبہ اپنے بیٹے عاصم کو دیا اور عاصم نے یہ امانت اپنے بیٹے سیف الملوک کو دے دی۔ رات کو سیف الملوک اٹھا اور اس نے وہ ڈبہ کھول کر دیکھا تو اس میں بہت سے قیمتی تحائف تہ در تہ رکھے ہوئے تھے۔ اس میں دو خوبصورت رومال بھی تھے جن میں ایک پر نسوانی تصویر تھی اور دوسرے پر مردانہ تصویر تھی۔ نسوانی تصویر کو دیکھتے ہی شہزادہ اپنے ہوش و حواس کھو بیٹھا۔ وہ تصویر ایک خوبصورت پری نما شہزادی کی تھی۔ شہزادہ غش کھا کر بے ہوش ہو گیا اور جب ہوش آیا تو اس نے دوسری تصویر دیکھی جو اس کی اپنی تھی۔ شہزادے نے جب دوبارہ اس نسوانی تصویر کو دیکھا تو بے حال ہو گیا۔ اسے یوں لگا جیسے کسی پچھلے جنم میں یہ لڑکی اس کی محبوبہ تھی اور کسی مصور نے ان کی اکٹھی تصویر بنائی ہے۔ صبح جب صاعد اٹھا تو اس نے شہزادے کو ہر جگہ تلاش کیا لیکن شہزادہ نہ ملا۔ آخر وہ باغ میں گیا تو دیکھا کہ شہزادہ بے ہوش پڑا تھا۔ اس نے اسے دیکھا، ہلایا جُلایا لیکن شہزادے کو ہوش نہ آیا۔ وہ رونے دھونے لگا اور بات بادشاہ تک جا پہنچی۔ بادشاہ نے جب شہزادے کی یہ حالت دیکھی تو تمام طبیب حکیم، جادوگر بلا لیے۔ سب نے اپنا اپنا زور لگایا لیکن شہزادے کو ہوش نہ آیا۔ ایک نجومی نے حساب لگا کر بتایا کہ اسے عشق ہو گیا ہے اور اب یہ اپنی محبوبہ کو حاصل کرنے کے لیے سفر کرے گا۔ تین دن اور تین رات شہزادہ بے ہوش رہا۔ چوتھے دن صاعد آیا اور اس نے کہا کہ تمام لوگ یہاں سے چلے جائیں۔ مجھے رات ایک خواب آیا ہے چنانچہ وہ شہزادے کے پاس آیا اور اس نے اسے ایک کہانی سنانی شروع کی۔

صاعد نے سات دفعہ یہ کہانی سنائی۔ آخر کار شہزادہ ہوش میں آ گیا اور اس نے صاعد کو پوری بات سے آگاہ کیا۔ صاعد نے کہا کہ میں بادشاہ سلامت سے شاہ مہرے پر بنی تصویر کی بات کرتا ہوں۔ بادشاہ کو پتہ

چلا تو اس نے بیٹے کو تسلیاں دیں اور کہا کہ میں پوری دنیا میں ایسی نسوانی صورت تلاش کراؤں گا لیکن تم ہوش کرو۔ ہو سکتا ہے یہ صرف تصویر ہی ہو۔ دشمن طعنے دیں گے۔ شہزادہ باپ کی نصیحتیں سن کر بولا کہ ابا حضور آپ جو کچھ کہہ رہے ہیں میرے بھلے کے لیے کہہ رہے ہیں لیکن جو کچھ ہونا ہو، ہو کے رہتا ہے۔

شہزادے نے بادشاہ سے کہا کہ مجھے ان تحفوں کی کہانی سنائیں تو شاید مجھے کچھ سکون ملے۔ بادشاہ نے بتایا کہ ایک دن حضرت سلیمانؑ کے دربار میں حضرت یوسفؑ کی خوبصورتی کا قصہ چل پڑا۔ حضرت سلیمانؑ نے دریافت کیا کہ حضرت یوسفؑ جتنا کوئی خوبصورت ہو گا؟ عجائز نامی پری جو ایک عالمہ تھی اس نے بتایا کہ آپ کی نسل سے بدیع الجمال نام کی ایک شہزادی پیدا ہو گی جو شاہ پال بن شاہ رخ کی بیٹی ہو گی وہ خوبصورتی میں حضرت یوسفؑ سے قریب تر ہو گی اور اس پری زاد کے حسن کا چرچا دور دور تک ہو گا اور وہ باغِ ارم میں ہو گی۔ مصر کا ایک شہزادہ سیف الملوک جو صفوان کا پوتا ہو گا اس پر عاشق ہو جائے گا اور اس کی تلاش میں سرگرداں ہو جائے گا۔ حضرت سلیمانؑ نے مصوروں کو اس کی ہو بہو تصویریں بنانے کا حکم دیا اور تصویریں دیکھ کر حیران رہ گئے۔ انہوں نے یہ تصویریں اور کچھ اور تحائف صفوان بادشاہ کو بھیجے اور ساتھ ہی کہا کہ یہ اپنے پوتے تک پہنچا دینا۔ بادشاہ عاصم نے کہا کہ جب میں نے تخت سنبھالا تو میرے باپ نے مجھے یہ تحفے دیئے اور میں نے خوشی کے موقع پر تمہیں دے دیئے مجھے کیا معلوم تھا کہ مجھے یہ دن دیکھنا پڑے گا۔

سیف الملوک کو اس کہانی سے بہت سکون ملا۔ بادشاہ نے تمام ملکوں میں اپنے جوان بھیجے تا کہ اس پری صورت کو تلاش کر کے لائیں اور ساتھ ہی باغِ ارم کا پتہ لگائیں لیکن سب ایسے ہی لوٹ آئے تو بادشاہ نے شہزادے سے کہا کہ تم جس ملک کی شہزادی سے کہو گے میں تمہاری شادی کر دوں گا۔ شہزادہ نہ مانا اور دیوانہ وار پھرنے لگا۔ بادشاہ اس کی یہ حالت دیکھ کر گریہ وزاری کرنے لگا اور خدا سے دعائیں مانگنے لگا۔ تمام وزرا اور عقلمندوں نے مشورہ دیا کہ شہزادے کو قید کر دیں تا کہ یہ گلیوں میں ذلیل و خوار نہ ہو۔ باپ نے بیٹے کو قید کروا دیا لیکن وہ خود بھی بہت کرب میں رہا۔

قید تنہائی کے دوران ایک رات خواب میں شہزادہ سیف الملوک کو اپنی محبوبہ بدیع الجمال دکھائی دی۔ اس نے خواب میں اس کا دامن پکڑ کر روتے ہوئے کہا تم کہاں رہتی ہو میں تمہارے فراق میں پاگل ہو گیا ہوں اور قید میں پڑا ہوں۔ شہزادی نے جواب دیا کہ ملک شارستان میں ارم نامی ایک خوبصورت باغ ہے میں اس باغ میں رہتی ہوں۔ میرا نام بدیع الجمال ہے اور جس طرح تم میرے فراق میں گھل رہے ہو اسی طرح میں بھی تمہاری محبّت میں تڑپ رہی ہوں۔ میں پریوں کی شہزادی ہوں۔ ماں کا نام حسن جمال اور دادی کا نام مہر افروز ہے۔ اگر تم میرے سچے عاشق ہو تو میری تلاش کو نکلو۔ خشکی کے راستے مجھ تک آنا مشکل ہے،

سمندری سفر اختیار کرو۔ دورانِ سفر تمہیں بے پناہ تکالیف کا سامنا کرنا پڑے گا مگر بالآخر تم مجھ تک پہنچ جاؤ گے اور مجھے پالو گے۔

اس خواب کے بعد شہزادہ سیف الملوک کی دیوانگی جاتی رہی۔ اسے ایک موہوم سی امید بندھ گئی اور وہ ٹھیک ہو گیا۔ جب بادشاہ نے شہزادے کو قیدِ تنہائی سے رہا کیا تو شہزادے نے خواب کی ساری کیفیت بادشاہ سے بیان کی اور سمندری سفر کے ذریعہ پری بدیع الجمال کو خود تلاش کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ بادشاہ نہیں چاہتا تھا کہ اس کا بیٹا اس سے جدا ہو کر اتنے خطرناک اور جان لیوا سفر پر نکلے مگر شہزادہ بدیع الجمال کی تلاش کا پکا ارادہ کر چکا تھا۔ جب بادشاہ نے سیف الملوک کی بے قراری دیکھی تو اس نے اس سفر کے لیے شہزادے کے ساتھ فوج کا ایک جہاز بھیجنے کا فیصلہ کیا چنانچہ شہزادہ سیف الملوک اپنے خاص دوست صاعد کی معیت میں سمندری بیڑا لے کر بدیع الجمال کی تلاش میں روانہ ہو گیا اور اس کا جہاز چین کی بندرگاہ پر جا لنگر انداز ہوا۔ چین کے بادشاہ کے درباریوں کی پوچھ گچھ پر جب شہزادہ سیف الملوک نے انہیں اپنے سفر کا مقصد بتایا تو چین کے بادشاہ نے انہیں چین کی سیاحت کی دعوت دی اور اس طرح شہزادہ سیف الملوک چین کی سیر کرنے کے بعد اگلے سفر پر روانہ ہو گیا۔

چین سے شہزادہ سیف الملوک استنبول کی طرف روانہ ہوا مگر راستے میں اسے بے شمار مصائب کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ وہ جس جزیرے میں دم لینے کے لیے اترا وہاں اس قدر خونخوار درندے تھے جو شہزادے کے گھوڑوں کو منہ میں پکڑ کر بھاگ جاتے تھے چنانچہ شہزادے کو بہت نقصان اٹھانا پڑا۔ جب شہزادے نے یہاں سے کوچ کیا تو سمندر میں اس قدر طوفان تھا کہ اس کا بحری بیڑا منتشر ہو کر تباہ ہو گیا۔ اس کا دوست صاعد بھی اس سے جدا ہو گیا اور سپاہی بھی سمندری طوفان کی نذر ہو گئے صرف ایک کشتی رہ گئی جس پر شہزادہ سیف الملوک چند ساتھیوں کو لے کر آگے سفر پر روانہ ہوا۔ کئی دن تک سمندری موجوں سے کھیلنے کے بعد شہزادے کو ایک جزیرہ نظر آیا۔ جب ساحل پر پہنچ کر یہ لوگ نیچے اترے تو یہاں ایک اور مصیبت نازل ہوئی۔ یہاں اتنے بڑے بڑے پرندے آئے کہ شہزادے کے چند ساتھیوں کو چونچوں میں لے کر اڑ گئے۔ شہزادے نے اس جزیرے سے کچھ سامانِ خورد و نوش حاصل کیا اور آگے روانہ ہو گیا۔

اگلے سفر میں کئی ماہ بعد اسے ایک اور جزیرہ نظر آیا۔ یہاں قیام کرنے کے لیے شہزادہ اترا مگر یہاں بھی اس کے چند ساتھی ختم ہو گئے کیونکہ سمندری جانوروں نے سمندر سے نکل کر حملہ کر دیا تھا۔ یہاں سے نکل کر کئی ماہ بعد شہزادہ ایک اور جزیرے پر پہنچا مگر یہاں سمندری کتوں نے حملہ کر دیا۔ اس کے بعد شہزادے کی شکستہ کشتی تبت کے قریب کسی ساحل سے جا لگی۔ تبت پہنچ کر شہزادے نے دیکھا کہ یہاں کے

بازار بھرے پڑے ہیں مگر دکانوں پر کوئی آدمی نہیں ہے۔ جب شہزادے کے ساتھیوں نے دکانوں سے کھانے کی چیزیں اٹھائیں تو کسی طرف سے فوج آئی اور سب کو گرفتار کر کے لے گئی لیکن جب انہیں بادشاہ کے سامنے پیش کیا گیا تو بادشاہ نے سیف الملوک کے سفر کی داستان سن کر اسے اس کے ساتھیوں کو باعزت رخصت کر دیا۔ یہاں سے آگے سگ ساروں کی حکومت کی سرحد پڑتی تھی۔ یہاں شہزادے پر سگ ساروں نے حملہ کیا مگر شہزادہ ان کے چند سپاہیوں کو ختم کر کے آگے بڑھ گیا اور آگے ایک خطرناک ندی کو لکڑی کی کشتی بنا کر عبور کیا۔ اس سے اگلی منزل پر شہزادے کا مقابلہ زنگیوں کی فوج سے ہوا جس میں شہزادے کو زنگیوں نے گرفتار کر لیا۔ جب زنگیوں نے شہزادے کو اپنے بادشاہ کے حضور پیش کیا تو بادشاہ نے اس کی جوانی اور خوبصورتی دیکھ کر نہ صرف اس کو معاف کر دیا بلکہ اسے اپنے دربار میں رکھ کر اس کے ساتھیوں کو اپنی فوج میں تقسیم کر لیا۔ اس کے ساتھیوں میں سے ایک آدمی کو بادشاہ کی لڑکی کا دربان مقرر کیا گیا۔ اس آدمی کی زبانی بادشاہ کی لڑکی نے سیف الملوک کو اپنے پاس بلا کر محبّت کا اظہار کیا مگر جب سیف الملوک نے اسے محبّت کا جواب محبّت سے نہ دیا تو اس نے سیف الملوک کو قید خانے میں ڈلوا دیا۔

اس نئی مصیبت نے سیف الملوک کو بے حد پریشان کر دیا۔ آخر اس نے شہزادی سے وعدہ کیا کہ اسے رہا کر دیا جائے تو وہ اس کی محبّت کو نہیں ٹھکرائے گا۔ رہا ہو کر اس نے اپنے ساتھیوں سمیت جنگل میں شکار کھیلنے کے لیے اجازت لی اور پھر جان بچا کر اپنی منزل کی طرف روانہ ہو گیا۔ اس سے آگے کا سفر بے حد خطرناک تھا۔ اس نے محدود سے ساتھیوں کو لے کر ایک شکستہ کشتی کے ذریعہ سمندری سفر اختیار کیا مگر عین موجوں کے درمیان کشتی ٹوٹ گئی اور شہزادہ ایک تختے پر تیرتا ہوا ایک درخت کا تنا پکڑ کر کنارے تک پہنچا۔ اس نے دیکھا کہ پہاڑ سے اتر کر ایک بہت بڑا اژدھا دریا کے کنارے آیا ہے۔ جب اژدھا پانی پی کر واپس جانے لگا تو شہزادے نے اس کی دم پکڑ لی اور اس طرح وہ ایک بلند پہاڑ پر پہنچ گیا جہاں گھنا جنگل تھا۔ اس جنگل میں بے شمار کیڑے تھے۔ ان کے خوف سے شہزادہ ایک درخت پر چڑھ گیا۔ اسی دوران ایک بہت بڑا پرندہ اڑتا ہُوا کہیں سے آ پہنچا اور وہ کیڑوں کو چن چن کر کھانے لگا۔ کیڑے کھانے کے بعد جب پرندہ اڑنے لگا تو شہزادے نے اس کے پر پکڑ لیے اور اس طرح وہ پرندہ کئی پہاڑ، ندیاں اور جنگل عبور کرتا ہوا ایک اور پہاڑ پر جا بیٹھا جہاں شہزادہ اس کے پر چھوڑ کر چُھپ گیا۔

کافی دیر بعد جب شہزادہ اس پہاڑ سے اترا تو اسے جان لیوا مصائب و مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ کافی دور جانے کے بعد اسے ایک بستی نظر آئی۔ قریب جا کر دیکھا تو وہ ایک اچھا خاصا شہر تھا۔ جب شہزادہ شہر میں داخل ہوا تو اس نے دیکھا کہ وہاں سب عورتیں ہی عورتیں ہیں مرد ناپید ہیں۔ جب شہزادے نے ان

عورتوں سے اپنے سفر کی کہانی بیان کی اور بتایا کہ وہ مصر کا شہزادہ ہے تو عورتیں اسے اپنی شہزادی کے پاس لے گئیں۔ شہزادی نے سیف الملوک کو دیکھا تو وہ اس پر ہزار جان سے فریفتہ ہو گئی مگر سیف الملوک نے اس کے سامنے اپنی دردناک کہانی بیان کرتے ہوئے کہا کہ اسے صرف اور صرف بدیع الجمال کی تلاش ہے۔ اگر اسے کچھ علم ہے تو بتائے مگر شہزادی نے بدیع الجمال کے بارے میں لاعلمی کا اظہار کیا۔ یہاں سے رخصت ہو کر شہزادہ ایک مدت تک پیدل سفر کرتا رہا۔ جب وہ ایک خطرناک ریگستان میں پہنچا تو بھوک اور پیاس کی شدت سے بے ہوش ہو کر گر پڑا۔ خواب میں اسے ایک بزرگ ملا جس نے اسے پانی پلایا اور فرمایا کہ تمہاری مصیبت کے دن اب تھوڑے رہ گئے ہیں۔ تم جلد ہی ایسی جگہ پہنچ جاؤ گے جہاں سے تمہیں بدیع الجمال کا پتہ مل جائے گا۔ خواب میں بزرگ نے شہزادے کو اسمِ اعظم بھی بتایا اور کہا کہ تم دائیں بائیں مت جانا بلکہ ناک کی سیدھ میں سفر کرتے جاؤ۔ خواب سے بیدار ہو کر ہوش میں آنے کے بعد شہزادے نے سیدھا آگے بڑھنا شروع کیا اور اس طرح شہزادہ ایک خوبصورت بستی میں پہنچ گیا۔

اس بستی میں ایک خوبصورت محل تھا جسے تالا لگا ہوا تھا۔ شہزادے نے اسم اعظم کے ذریعے تالا کھول کر قدم اندر رکھا تو یہاں جادو کے ذریعے بنائے ہوئے دو شیر کھڑے تھے۔ شہزادے نے اسمِ اعظم پڑھ کر انہیں ڈھیر کر دیا۔ مزید آگے بڑھا تو اس نے دیکھا کہ ایک خوبصورت مسہری پر ایک شہزادی گہری نیند سو رہی ہے جب شہزادے نے اسمِ اعظم پڑھا تو شہزادی فوراً انگڑائی لے کر اٹھ بیٹھی اور حیرت سے شہزادے کی طرف دیکھنے لگی۔

سیف الملوک کے پوچھنے پر شہزادی نے بتایا کہ یہ دیووں کا ملک ہے اور میں سراندیپ کی شہزادی ہوں۔ مجھے دیووں کا سردار جادو کے ذریعے اغوا کر کے یہاں لایا ہے۔ وہ مجھ پر عاشق ہے مگر میں اس سے نفرت کرتی ہوں۔۔ وہ ایک ماہ کے بعد آ کر مجھ سے اپنی محبّت کا اظہار کرتا ہے اور جب میں انکار کرتی ہوں تو وہ خفا ہو کر پھر جادو کے ذریعہ مجھے سلا کر چلا جاتا ہے۔ میرا نام ملکہ خاتون ہے اور اب دیووں کا سردار ایک ماہ بعد آئے گا۔ جب شہزادے نے ملکہ خاتون کو اپنے سفر کے مصائب سے آگاہ کیا تو ملکہ خاتون نے کہا کہ اگر میں اپنے وطن سراندیپ میں ہوتی تو ضرور تمہاری مدد کرتی کیونکہ ایک دفعہ بدیع الجمال کی ماں ہمارے باغ میں آئی تھی اور اس نے میری چھوٹی بہن بدرہ خاتون کو دودھ پلایا تھا۔ اس طرح بدیع الجمال اور بدرہ خاتون دودھ بدل بہنیں ہیں مگر افسوس کہ میں یہاں دیو کی قید میں پڑی ہوں۔ شہزادے نے ملکہ خاتون کو بہن بنالیا اور حکمتِ عملی سے دیو کی قید سے چھڑا کر اپنے ساتھ لے کر باغِ ارم کی طرف چل پڑا۔ رستے میں اس نے جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر کشتی بنائی اور دونوں اس کشتی کے ذریعے روانہ ہو گئے۔ پانچ ماہ بعد وہ جس جزیرے

پر اترے اس کا حکمران تاج الملوک تھا مگر وہ بادشاہ سراندیپ کے ماتحت تھا۔ جب شہزادے نے یہاں کے لوگوں کو ملکہ خاتون کی رہائی کا واقعہ سنایا تو لوگ شہزادے سے بہت خوش ہوئے۔ بادشاہ نے شہزادے اور ملکہ خاتون کی بے حد عزت کی اور سیف الملوک کو اپنے محل میں رکھا مگر سیف الملوک کو اپنے دوست صاعد کی یاد ستانے لگی کہ خدا جانے وہ زندہ بھی ہو گا یا نہیں۔ جب بادشاہ تاج الملوک نے سیف الملوک کی دردناک داستان سنی تو اس نے سیف الملک سے وعدہ کیا کہ وہ بدیع الجمال کو اپنے ملک میں بلائے گا اور اس سے ضرور ملائے گا۔ اس دوران ایک دن شہزادے کو اپنا جگری دوست صاعد بھی نہایت خستہ حالت میں مل گیا چنانچہ سیف الملوک اب یہاں خوشی خوشی رہنے لگا۔ سراندیپ سے ملکہ خاتون کی بہن بدرہ خاتون جب اس جزیرے میں آئی اور صاعد کی نظر اس پر پڑی تو وہ اس پر عاشق ہو کر اپنا صبر و قرار کھو بیٹھا۔ یہ قافلہ جب سراندیپ پہنچا تو بدیع الجمال پری بھی سراندیپ آ گئی۔

ملکہ خاتون نے بدیع الجمال پری کو بتایا کہ جس شہزادے نے مجھے دیو کی قید سے نجات دلائی وہ مصر کا شہزادہ ہے اور تمہاری محبّت میں ہزاروں مصائب اٹھانے کے بعد یہاں تک آیا ہے۔ اس کے جواب میں بدیع الجمال نے کہا ہم پریاں ہیں آدم زاد سے ہمارا کیا تعلق ہو سکتا ہے۔ ملکہ خاتون کی ماں چونکہ سیف الملوک کی ممنونِ احسان تھی اس لیے اس نے بھی بدیع الجمال سے منت سماجت کی اور صرف اتنا کہا کہ تم ایک دفعہ اس کے ساتھ ملاقات کر لو آخر ایک آدمی تمہارے لیے اتنی مصیبت اٹھا کر یہاں آیا ہے تو مل لینے میں کیا حرج ہے۔ اس پر بدیع الجمال نے حامی بھر لی۔

ایک دن بدیع الجمال اور ملکہ خاتون باغ میں سیر کر رہی تھیں۔ اسی باغ کے ایک کونے میں سیف الملوک بھی بیٹھا تھا۔ جب بدیع الجمال کی نظر اس پر پڑی تو وہ ہزار جان سے شہزادے پر فریفتہ ہو گئی۔ اس موقع پر وہ تصویر بھی سیف الملوک کے پاس تھی۔ جب بدیع الجمال نے اپنی تصویر سیف الملوک کے ساتھ دیکھی تو اس کی حیرت کی کوئی حد نہ رہی۔ سیف الملوک بدیع الجمال کو دیکھ کر دونوں جہان سے بے نیاز ہو گیا اور اس کے بعد دونوں میں راز و نیاز کی باتیں ہونے لگیں۔

بدیع الجمال نے سیف الملوک سے کہا کہ میرا باپ بہت سخت مزاج کا آدمی ہے شاید وہ میری شادی تمہارے ساتھ کرنے پر رضامند نہ ہو کیونکہ پری کی آدم زاد سے شادی ناممکن ہے البتہ اگر اس معاملہ میں میری دادی ملکہ افروز میرے باپ سے کہے تو وہ رضامند ہو سکتا ہے۔

بدیع الجمال نے سراندیپ سے رخصت ہوتے وقت سیف الملوک کو مہر افروز کے نام ایک خط دیا اور کہا کہ وہ یہ خط لے کر شارستان پہنچے۔ جب بدیع الجمال کا خط لے کر سیف الملوک شارستان پہنچا اور

بدیع الجمال کا خط مہر افروز کو دیا تو ملکہ مہر افروز نے شفقت سے شہزادے کو اپنے پاس بٹھایا، پسند کیا اور پھر ایک دیو کو حکم دیا کہ وہ سیف الملوک کو ساتھ لے کر باغِ ارم پہنچے۔ دیو نے سیف الملوک کو باغِ ارم پہنچایا اور ملکہ افروز بھی باغِ ارم پہنچ گئی۔ اب شہزادہ بڑے عیش و آرام سے باغِ ارم میں رہنے لگا۔ سیف الملوک نے جس دیو کو مار کر ملکہ خاتون کو اس کی قید سے رہا کرایا تھا اس کے باپ نے دیووں اور پریوں کو حکم دے رکھا تھا کہ اس آدم زاد کو تلاش کیا جائے جس نے اس کا بیٹا مارا ہے۔ ایک دن اچانک ان دیووں اور پریوں کا باغ ارم کے اوپر سے گزر ہوا تو انہوں نے وہاں شہزادے کو دیکھ لیا اور دھوکے سے گرفتار کر کے فوراً اس دیو کے پاس پہنچا دیا۔ دیو نے شہزادے کی جوانی اور خوبصورتی سے متاثر ہو کر اسے قید کر لیا۔ ادھر ملکہ مہر افروز نے اپنے بیٹے شاہ پال سے ساری داستان بیان کر کے بدیع الجمال کا عندیہ بھی بتا دیا اور رشتے کی بات پکی ہو گئی مگر جب شاہ پال نے شہزادہ سیف الملوک کو دیکھنا چاہا تو اسے پتہ چلا کہ شہزادے کو اس کے دشمنوں نے باغِ ارم سے اغوا کر کے قید میں ڈال رکھا ہے۔

یہ بات شاہ پال کے لیے توہین کے مترادف تھی۔ ادھر بدیع الجمال بھی شہزادے کے ہجر میں نڈھال ہو رہی تھی چنانچہ مجبوراً شاہ پال نے مذکورہ دیو پر چڑھائی کرنے کا حکم دے دیا۔ جب شاہ پال کی فوجیں آگے بڑھیں تو دیو نے خوفزدہ ہو کر شہزادے کو رہا کر دیا۔ شاہ پال نے جب سیف الملوک کو دیکھا تو اپنی بیٹی کے لیے بے حد پسند کیا اور بدیع الجمال کی شادی سیف الملوک سے ہو گئی۔ یہ خوشخبری صاعد نے سیف الملوک کے باپ عاصم بن صفوان کو دی اور مصر میں ایک بڑا جشن منعقد کیا۔ جب صاعد دوبارہ باغِ ارم میں آیا تو اس کی شادی بھی بدرہ خاتون سے کر دی گئی کیونکہ یہ دونوں بھی ایک دوسرے کو دل دے بیٹھے تھے۔ اس طرح یہ دونوں دوست اپنی مراد کو پہنچے اور جب یہ دونوں اپنی اپنی دلہنوں کو لے کر مصر پہنچے تو مصر میں کئی دن تک جشن ہوتا رہا۔

پورن بھگت

پنجابی کی مشہور داستانوں میں یہ واحد داستان ہے جو ہندوانہ پس منظر کی حامل ہے۔ اس کا عہد گیارہویں صدی عیسوی بتایا جاتا ہے لیکن رچرڈ ٹمپل نے ساتویں صدی عیسوی لکھا ہے۔ سیالکوٹ کا راجہ سالباہن جب تخت پر بیٹھا تو اس کی شادی نہیں ہوئی تھی۔ انہی دنوں شہر کے باہر باغ میں ایک جوگی اپنے بہت سے چیلوں کے ہمراہ ٹھہرا جس کا چرچا پورے شہر میں پھیل گیا۔ راجہ سالباہن بھی اس کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ مجھے کوئی نصیحت کیجیے۔ جوگی نے اسے کہا کہ تمہارے حق میں بہتر یہ ہے کہ اودے نگر

کے راجا چوڈھال کی بیٹی اچھراں کو بیاہ لاؤ جس کے بطن سے خدا تمہیں ایک بیٹا عطا کرے گا۔ رانی اچھراں نہ صرف بہت خوبصورت تھی بلکہ اس نے اپنی شادی کے لیے بہت کڑی شرطیں مقرر کر رکھی تھیں اور کئی نوجوان اور شہزادے ان شرطوں کو پورا کرتے ہوئے جان ہار چکے تھے۔ بہر حال راجہ سالباہن نے وہ تمام شرطیں پوری کیں اور اچھراں کو بیاہ لایا۔ کچھ عرصے کے بعد جب ان کے ہاں بچہ پیدا ہونے والا تھا تو راجہ نے جوتشیوں اور پنڈتوں کو بلا کر زائچہ بنوایا۔

حساب کتاب لگا کر سب نے بتایا کہ آپ کے ہاں لڑکا پیدا ہو گا جو دھرم اور ایمان کو قائم رکھے گا مگر آپ کو ایک احتیاط برتنی ہو گی کہ دونوں میاں بیوی 12 سال اپنے بیٹے کی شکل نہ دیکھیں ورنہ وہ مر جائے گا۔ راجا نے یہ سن کر محل کے نیچے تہ خانہ بنوایا اور بچے کو پیدا ہوتے ہی بغیر دیکھے تمام سہولتوں کے ساتھ تہ خانے میں بھیج دیا۔

اس کے بعد راجا کے ہاں کوئی اولاد نہ ہوئی اور 12 برس کا عرصہ بہت ہوتا ہے چنانچہ راجا ایک روز ایک نوخیز حسینہ لوناں کو دیکھ کر دل ہار بیٹھا۔ لوناں، چمارن تھی لیکن عشق نہ پُچھے ذات۔ لوناں کو جب اس نے دیکھا، اس وقت وہ باغ کے کنوئیں سے پانی بھرنے آئی تھی۔ راجا اس کے پاس گیا اور بولا۔۔۔

"ہم پیاسے ہیں۔۔۔ ہمیں ایک کٹورا پانی پلا دو!"۔

لڑکی نے پلٹ کر دیکھا تو کوئی عام آدمی اس سے بات نہیں کر رہا تھا بلکہ خود راجا تھا۔ اس نے جواب میں کہا۔

"اے نیلے گھوڑے کے سوار، تمہارے ترکش پر موتی ٹنکے ہوئے ہیں اور تمہاری کمان میں ہیرے جڑے ہیں۔ میں چماروں کی لڑکی ہوں، ہم نِیچ ذات کے لوگ ہیں۔ میرے ہاتھ سے پانی پی کر اپنا دھرم خراب مت کرو!"

اس پر دل کے ہاتھوں ہارا ہُوا، راجا بولا۔

"اے حسینہ! شاید تمہیں معلوم نہیں کہ مٹی میں سے سونا مل جاتا ہے، زہر امرت بن جاتا ہے اور نِیچ ذات کی عورت میں عقل مل جاتی ہے۔ یہ تینوں باتیں ممکن ہیں"۔

اس پر لڑکی نے شوخی سے جواب دیا۔

"تم نے کپاس کے سرخ پھول کو پسند کیا اور اپنی سمجھ گنوا دی ہے۔ تم صرف پھول کو دیکھ کر فریفتہ ہو گئے ہو اور پھَل کے بارے میں کچھ نہیں سوچا"۔

راجا نے کہا۔

"پھل تو مقدروں کی بات ہوتی ہے۔۔۔۔ یہ بعد کی بات ہے۔۔۔۔ میں راجا ہوں اور چاہتا ہوں کہ تم میری رانی بن جاؤ۔۔۔ تم محلوں میں راج کرو گی"۔

لوناں چمارن تھی لیکن وہ انتہائی حسین تھی۔ جب ہار سنگھار کر کے بیٹھتی تو اڑتے پنچھی اسے ایک نظر دیکھنے کے لیے رک جاتے۔ راجا نے اپنے خاص مصاحبوں سے مشورہ کیا اور فوراً لوناں کو اپنی رانی بنا لیا۔ اس کے لیے ایک الگ محل تعمیر کرا دیا گیا جس میں وہ باندیوں اور نوکروں چاکروں کے ساتھ رہنے لگی جو، ہر وقت اس کی خدمت کے لیے تیار ہوتے تھے۔

اس نے لوناں سے شادی تو کر لی تھی مگر اس سے کوئی اولاد نہ ہوئی تھی۔ اس طرح اس کا ایک ہی بیٹا تھا اور وہ پورن تھا، اس لیے جب اسے بتایا گیا کہ پورن کو تہ خانے میں بند ہوئے بارہ برس کا عرصہ پورا ہو چکا ہے تو وہ بہت خوش ہُوا اس نے جشن منانے کا اعلان کر دیا اور پھر مقررہ دن راجا سالباہن خود گیا اور بیٹے کو تہ خانے سے باہر نکالا۔ جیسے ہی اس نے اپنے بیٹے کو دیکھا وہ دنگ رہ گیا۔ یہ تو اس کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ پورن اس قدر خوبصورت ہو گا۔ اس نے دیوانہ وار اپنے بیٹے کو گلے سے لپٹا لیا۔ ادھر اچھراں بڑی بے تابی سے بیٹے کا انتظار کر رہی تھی اور پھر جیسے ہی پورن اسے ملنے کے لیے آیا تو وہ پاگلوں کی طرح اس کی جانب لپکی اور اسے اپنی بانہوں میں لے لیا۔ اس نے اپنے بیٹے کو پہلی بار دیکھا تھا اور نو عمری میں دیکھا تھا۔ وہ اسے دیکھ دیکھ کر نہال ہوئی جا رہی تھی۔ کسی کے خواب و خیال میں نہ تھا کہ پورن اس قدر خوبصورت ہو گا۔ آتے ہی اس کی خوبصورتی کے چرچے ہونے لگے تھے۔ جو بھی اسے ایک نظر دیکھتا اس کے حسن کی تعریف کرنے لگتا۔

ایک روز رانی لوناں اپنے محل میں بیٹھی تھی کہ اس کی خاص باندی ہیرا آئی اور کہنے لگی۔

رانی، آج میں نے ایک ایسا نوجوان دیکھا ہے جو تم سے بھی کئی گنا خوبصورت ہے۔

"اس کا نام پورن ہے اور اس کا چہرہ چاند سے بھی زیادہ روشن ہے مگر وہ تمہاری سوت کا بیٹا ہے!"۔

لوناں نے یہ سنا تو وہ اپنے دل ہی دل میں تجویزیں سوچنے لگی کہ کس طرح پورن کو محل میں بلایا جائے۔

ایک روز راجہ محل میں آیا تو لوناں نے ناراضی کے لہجے میں کہا۔

"میں بھی آپ کی بیوی ہوں۔ یہ ٹھیک ہے، میں اچھراں کی طرح پورن کی سگی ماں نہیں ہوں لیکن اس کی سوتیلی ماں تو ہوں۔ وہ آج تک مجھے ملنے نہیں آیا!"۔

دوسرے روز راجے نے پورن کو طلب کیا اور اسے کہا وہ اپنی دھرم کی ماں کو سلام کر آئے۔ بھلا پورن کو اس میں کیا اعتراض ہو سکتا تھا؟ لیکن جب اچھراں کو اس بات کا علم ہوا کہ پورن لوناں کو ملنے جارہا ہے تو وہ پریشان ہوگئی۔ وہ جانتی تھی، لوناں اس سے جلتی ہے اور چونکہ اس کے ہاں اولاد نہیں ہے اس لیے وہ میرے پورن سے بھی جلے گی اور اس کا یہ اندازہ بالکل درست ثابت ہوا۔ جب پورن اپنی سوتیلی ماں لوناں کو ملنے اس کے محل میں گیا تو اس نے مسکراتے ہوئے اس کو خوش آمدید کہا۔ پورن دونوں ہاتھ باندھ کر دھرم کی ماں کی تعظیم بجالایا لیکن لوناں اسے دیکھتے ہی یہ بھول گئی تھی کہ وہ اس کی دھرم کی ماں ہے۔ اس کا سارا جسم ہوس کی آگ میں تپنے لگا۔ وہ اس پر دل و جان سے فریفتہ ہو کر کہنے لگی "راجکمار، میں تمہاری ماتا نہیں ہوں۔ مجھے ماتا مت پکارو۔ ادھر میری سیج پر میرے ساتھ بیٹھو۔!"

اس پر پورن نے جواب دیا۔

"ماتا! ایسی باتیں مت کرو۔ تم سگی نہ سہی میری سوتیلی ماں تو ہو۔ مجھے ماں کی طرح اشیر باد دو!"

مگر لوناں تو جیسے جذبات میں ہوش و حواس کھو بیٹھی تھی۔

کہنے لگی "میری اور تمہاری عمر میں کوئی فرق نہیں ہے۔ تم میرے راجا ہو اور میں تمہاری رانی ہوں۔ اپنی محبّت میری جھولی میں ڈال دو۔

پورن کی حالت یہ تھی کہ وہ پاپ کے تصوّر ہی سے کانپ رہا تھا۔

اس نے کہا کہ "میں ہاتھ باندھ کر درخواست کرتا ہوں کہ میری نیک زندگی میں پاپ مت ملاؤ۔ نیکوں کو نیک رہنے دو۔ اگر ایسی باتیں ہونے لگیں تو یہ دنیا ختم ہو جائے گی"۔

لوناں نے جب اپنا ہر حربہ استعمال کر لیا اور اسے ہر حربے میں ناکامی ہوئی تو وہ غصے میں تلملا اٹھی۔ اس نے پورن کے انکار کو اپنی توہین سمجھا اور اس سے انتقام لینے کی ٹھان لی۔

دوسرے روز جب راجا لوناں کے محل میں آیا تو محل میں ہر طرف ویرانی اور اندھیرا تھا اور لوناں اپنے کپڑے پھاڑے اور بال بکھیرے پڑی تھی۔ سالباہن بڑا پریشان ہوا۔ اس نے جب اس کا سبب دریافت

کیا تو وہ پاپن کہنے لگی۔

"یہ بات اپنے لاڈلے بیٹے سے پوچھو۔ اس نے یہ خیال نہیں کیا کہ میں اس کی دھرم کی ماں ہوں۔ میں اسے بیٹا بیٹا کہتی رہی اور اس نے میری عزت پر ہاتھ ڈال دیا"۔

اس کے ساتھ ہی وہ اپنی کلائی سامنے کرتے ہوئے بولی۔

"یہ دیکھیں میری کلائی جس میں ابھی تک درد ہو رہا ہے۔ اس نے میری کلائی اس طرح مروڑی کہ ساری چوڑیاں ٹوٹ گئیں اور پھر محل سے بھاگ گیا"۔

راجا نے جب یہ سب کچھ سنا تو غصے میں آگ بگولا ہو گیا اور اگلے روز پورن بھگت کو دربار میں بلا کر کہنے لگا۔

"اگر مجھے معلوم ہوتا کہ تمہارے ایسے کرتوت ہوں گے تو تمہیں پیدا ہوتے ہی موت کے گھاٹ اتار دیتا۔ کل تم نے اپنی دھرم کی ماں کے ساتھ جو کچھ کیا ہے، اس کی نشانیاں میں اپنی آنکھوں سے دیکھ آیا ہوں"۔

جواب میں پورن حیران و پریشان ہو کر اپنی صفائی پیش کرتے ہوئے بولا۔

"پتاجی! میں بالکل بے گناہ ہوں۔ یہ مجھ پر سراسر تہمت ہے۔ میں ایسے پاپ کا سوچ بھی نہیں سکتا!"۔

لیکن اس کا باپ تو جیسے غصے میں پاگل ہو رہا تھا۔ وہ اس کی کوئی بات سننے کے لیے تیار ہی نہ تھا۔

پورن نے کہا: "پتاجی! میری سچائی اور بے گناہی ثابت کرنے کے لیے تیل کا کڑھاؤ گرم کیجیے اور جب تیل گرم ہو کر جلنے لگے تو اس میں میرا ہاتھ ڈال دیجیے۔ اگر میرے ہاتھ کی انگلی پر داغ بھی پڑ جائے تو جو سزا چاہیں مجھے دیں۔ میں بالکل بے گناہ ہوں"۔

اس نے راجا کے سامنے بہتیری صفائی پیش کرنے کی کوشش کی مگر سب بے سود۔ راجا نے اس کی ایک نہ سنی اور اسی وقت جلادوں کو طلب کیا۔ دربار میں ہر شخص کانپنے لگا اور جب خبر اچھراں تک پہنچی تو اس کی تو جیسے جان ہی نکل گئی۔ اس نے اپنی چوڑیاں توڑ دیں، سر میں خاک ڈال لی اور آہ و زاری کرتے ہوئے راجا سے فریاد کی لیکن راجا کو اس پر بھی رحم نہ آیا اور کہنے لگا۔

"جس اولاد میں شرم و حیا نہیں، اس کا زندہ رہنا بے کار ہے"۔

راجا کے قریبی مصاحبوں نے بھی اسے بہت سمجھایا مگر وہ اپنی ضد پر اڑا رہا اور جلادوں نے پورن کے ہاتھ پاؤں کاٹ کر اسے شہر سے دور ایک ویران اندھے کنوئیں میں پھینک دیا تاکہ یہ اپنی موت آپ مر جائے۔

اس واقعہ کو بارہ برس کا عرصہ بیت گیا۔ اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ پورن ہلاک نہیں ہوا تھا بلکہ اب تک زندہ تھا اور اسی کنوئیں میں تھا۔ ایک روز اتفاق سے گورو گورکھ ناتھ کا ادھر سے گزر ہوا۔ اس کے ساتھ اس کے بہت سے چیلے اور بالکے بھی تھے۔ وہ ٹِلہ گورکھ ناتھ سے سفر کرتے آرہے تھے اور تھکے ہوئے تھے چنانچہ انھوں نے کنوئیں کے پاس پڑاؤ کیا اور جب اس میں سے پانی نکالنے لگے تو وہاں پورن کی آواز سن کر اسے باہر نکال لیا۔

گورو نے اس سے دریافت کیا۔

"تم کون ہو اور تمہاری یہ حالت کیسے ہوئی؟"۔

جواب میں پورن نے سر جھکا کر گورو گورکھ ناتھ کو سلام کیا اور ساری روداد سنا دی۔

گورو گورکھ ناتھ نے اس کی کہانی سنی تو اسے پورن پر بہت ترس آیا۔ اس نے اللہ کے حضور اس کے لیے دعا کی اور اس کے ساتھ ہی پورن کے ہاتھ پاؤں اس طرح صحیح سلامت ہو گئے جیسے کبھی کٹے ہی نہ تھے۔ یہ دیکھ کر پورن گورو گورکھ ناتھ کے قدموں میں گر پڑا اور جب وہ اسے ساتھ لے کر اپنے ڈیرے پر پہنچے تو اس نے دونوں ہاتھ باندھ کر گورو سے جوگ عطا کرنے کی عرض کی۔

گورو نے اسے بہتیرا سمجھایا مگر وہ جوں جوں سمجھاتا، توں توں پورن کا اصرار اور بڑھتا جاتا۔ آخر مجبور ہو کر اس نے پورن کے سر کے بال کاٹے، اس کے کان چھید کر ان میں مندریں ڈالیں اور جوگیوں کا لباس پہنا کر اسے اپنے چیلوں میں شامل کر لیا۔ اس طرح پورن کو جوگ مل گیا اور اب وہ پورن بھگت بن گیا۔

گورو نے پورن بھگت کو پہلی گدائی کے لیے بھیجا تو وہ رانی سندراں کے شہر میں پہنچ گیا۔ وہاں جا کر اس نے محل کے باہر نعرہ لگایا اور بلند آواز میں بھکشا مانگی۔ رانی نے جوگی کی آواز سنی تو ایک باندی کے ہاتھ خیرات بھیجی مگر پورن بھگت نے خیرات لینے سے انکار کرتے ہوئے کہا۔

"ہم رانی کے ہاتھ سے خیرات لیں گے۔ ہم باندیوں کے پاس نہیں آئے"۔

یہ سن کر باندی الٹے پاؤں رانی سندراں کے پاس گئی اور اسے بتایا کہ جوگی صرف آپ کے ہاتھ سے خیرات پر اصرار کر رہا ہے۔ پھر آہستہ سے بولی۔

”رانی جی! عجیب جوگی ہے۔ وہ اس قدر حسین وجوان ہے کہ میں بیان نہیں کر سکتی“۔

باندی کی باتیں سن کر رانی سندراں نے محل کے جھروکے سے جھانک کر دیکھا تو واقعی یہ جوگی انوکھا تھا۔ اس نے باندی سے کہا کہ جاؤ جوگی کو محل کے اندر لے آؤ مگر پورن بھگت نے یہ کہہ کر محل کے اندر جانے سے انکار کر دیا کہ

”محلوں میں جانا فقیروں کا کام نہیں ہے۔ رانی خود باہر آ کر بھکشا دے“۔

جب باندی نے رانی سندراں کو جوگی کا یہ پیغام دیا تو وہ محل کے کمرے میں گئی اور ایک تھالی میں ہیرے، موتی اور جواہر لے کر محل کے دروازے پر آئی اور تھالی جوگی کے قدموں میں رکھ دی۔

پورن بھگت نے رانی کو دعا دی اور ہیرے موتی لے کر گرو کے پاس آ گیا۔ اس نے وہ موتی جواہر لا کر گورو کے آگے رکھ دیئے اور مؤدب ہو کر بیٹھ گیا۔ گورو نے قیمتی ہیرے دیکھے تو کہنے لگا۔ ”بیٹا! یہ دولت، یہ ہیرے موتی ہمارے کس کام کے۔ فقیر دولت نہیں لیا کرتے، ان کی دولت تو فقیری ہوتی ہے۔ جاؤ یہ واپس رانی کو دے آؤ، اس سے خیرات کا پکا ہوا بھوجن لاؤ“۔

پورن بھگت نے وہ ہیرے موتی اٹھائے اور واپس رانی سندراں کے پاس پہنچ گیا۔ اس نے وہ زر و جواہر واپس کرتے ہوئے کہا۔

”میرا گورو ناراض ہوا ہے۔ ہمیں صرف پکا ہوا بوجھن خیرات میں دیا جائے“۔

سندراں تو اسے پہلی نظر دیکھتے ہی گھائل ہو چکی تھی، اس لیے وہ دوبارہ جوگی کو اپنے محل کے دروازے پر دیکھ کر بہت خوش تھی۔ اس نے اسی وقت اچھے اچھے کئی کھانے تیار کرائے اور اپنی باندیوں اور نوکروں کے سروں پر اٹھوا کے کہنے لگی۔

”میں بھی آپ کے گورو کو سلام کرنے کے لیے ساتھ چلتی ہوں“۔

اس طرح رانی سندراں طرح طرح کے بوجھن لے کر پورن بھگت کے ساتھ گورو ناتھ کے پاس پہنچ گئی۔ اس نے جاتے ہی ہاتھ باندھ کر سلام کیا اور پکے ہوئے کھانوں کے تھال آگے رکھ دیئے۔ گورو، رانی

کی اس خدمت سے بہت خوش ہوا اور اس سے پوچھنے لگا۔

"رانی! ہم تم پر بہت خوش ہوئے ہیں۔ مانگو کیا مانگتی ہو؟"۔

"اس پر رانی نے بدستور ہاتھ جوڑتے ہوئے کہا"۔

"آپ کی دعا سے میرے پاس سب کچھ ہے۔ مجھے مال و دولت کی حاجت نہیں۔ اللہ نے مجھے سب کچھ دیا ہے"۔

گورو نے پھر اس سے پوچھا اور اس نے پھر وہی جواب دیا۔ جب گورو نے تیسری اور آخری بار اس سے دریافت کیا تو رانی نے ڈرتے ڈرتے عرض کی۔

"گورو جی! اگر آپ کو کچھ دینا ہی ہے تو مجھے اپنا چیلا پورن بھگت عنائت کر دیں!"۔

"گورو گورکھ ناتھ چونکہ رانی کو بچن دے چکا تھا اس لیے انکار نہیں کر سکتا تھا۔ اس نے پورن بھگت کو حکم دیا کہ وہ رانی سندراں کے ساتھ چلا جائے چنانچہ وہ گورو کو سلام کر کے خاموشی سے رانی سندراں کے ساتھ چل دیا جو اس وقت خوشی سے پھولے نہ سما رہی تھی۔ اس کے دل کی مراد پوری ہو رہی تھی، وہ اپنے دل میں خود سے کہہ رہی تھی میں تو آج رانی بنی ہوں، ایک نہ ایک دن پورن کو اپنے دام میں لے ہی آؤں گی۔ اس کے برعکس پورن بھگت پریشان تھا کہ کیا کرے کیا نہ کرے۔ وہ پہلے ہی اپنی سوتیلی ماں رانی لوناں کی وجہ سے کیا کیا مصائب جھیل چکا تھا اور اب یہ نئی مصیبت آ رہی تھی۔ اس کا حسن اس کے لیے عذاب بن رہا تھا۔ وہ رانی سندراں کے ساتھ اس کے محل میں تو آ گیا لیکن اس محل میں رہنا اس کے لیے ایسے تھا جیسے پھر سے اندھے کنوئیں میں آ گیا ہو۔ وہ پاپ سے بھاگ رہا تھا لیکن رانی سندراں پاپ کا جال بچھا کر اسے پھنسانے کی کوشش کر رہی تھی۔ یہی کچھ دیکھ کر پورن بھگت باندیوں اور نوکروں چاکروں سے نظریں بچا کر وہاں سے بھاگ نکلا۔ جیسے ہی سندراں کو اس کے چلے جانے کا علم ہوا وہ پاگل ہو گئی۔ اس نے اسی وقت نوکر چاکر اس کے پیچھے دوڑائے مگر پورن بھگت کہیں نہ مل سکا۔ رانی سندراں اس قدر دل برداشتہ ہوئی کہ اس نے اپنے محل سے کود کر جان دے دی۔

"ادھر پورن بھگت سیدھا اپنے گورو کے پاس پہنچا اور اسے بتایا کہ رانی نے اس کے لیے پاپ کا جال بچھایا تھا جہاں سے وہ اپنا دھرم اور شریر بچا لایا ہے۔ گورو نے اس کا حال سنا تو کہا "بیٹا! اب تم اپنے ماں باپ

سے مل آؤ تاکہ ان کے دل کو ٹھنڈک پہنچے"۔

پورن بھگت نے گورو کا حکم تسلیم کیا، اس سے اجازت لی اور سیالکوٹ کی طرف چل دیا۔ جب وہ سیالکوٹ کے باہر اپنے باغ میں پہنچا تو دیکھا، وہ ویران نظر آ رہا تھا۔ درخت سوکھ گئے تھے اور پھولوں کا نام ونشان نہ تھا۔ باغ کی حالت اس قدر ابتر دیکھ کر اس نے پانی کا ایک برتن لیا اور اپنے ہاتھ سے پودوں اور درختوں پر پانی چھڑکا۔ پانی چھڑکنے کی دیر تھی کہ سوکھا باغ دیکھتے ہی دیکھتے ہرا بھرا ہو گیا۔ خشک تالاب پانی سے بھر گئے اور پھلوں والے درخت پھلوں سے لد گئے۔ ہر طرف سرسبز گھاس کا فرش بچھ گیا اور پودوں پر پھول لہرانے لگے۔ جیسے ہی شہر کے لوگوں کو اس بات کی خبر ہوئی کہ شہر سے باہر باغ میں ایک کرنی والا جوگی آ کر ٹھہرا ہے تو وہ اپنی مرادیں پوری کرنے کے لیے اس کے پاس آنا شروع ہو گئے۔ کرنا خدا کا ایسا ہُوا کہ پورن بھگت جس کے حق میں اللہ سے دعا کرتا اس کی تمنا پوری ہو جاتی۔ بیماروں کو شفا ملنے لگی اور حاجت مندوں کی حاجتیں پوری ہونے لگیں۔ ہوتے ہوتے اس جوگی کی خبر راجا سالباہن تک بھی پہنچی اور وہ رانی لوناں کو ساتھ لے کر پورن بھگت کی خدمت میں حاضر ہوا۔ پورن بھگت نے دونوں کو دیکھتے ہی پہچان لیا تھا مگر وہ اسے نہیں پہچان سکے تھے۔ دونوں نے جھک کر جوگی کو سلام کیا اور راجا نے ہاتھ جوڑ کر عرض کی کہ میرے گھر میں اولاد نہیں ہے جس کی وجہ سے میرے محل ویرانی کی تصویر بنے ہوئے ہیں۔ میرے حق میں دعا کریں تاکہ میرے گھر بچہ ہو!"۔

جواب میں پورن نے کہا۔

"جہاں تک مجھ فقیر کے علم میں ہے، تمہارے ہاں ایک بیٹا ہوا تھا مگر تم لوگوں نے اسے ہلاک کر کے شہر سے باہر اندھے کنوئیں میں پھینک دیا تھا۔ مجھے کچھ اس کا حال سناؤ؟"۔

جونہی پورن بھگت نے یہ کہا، انہیں اپنا بیٹا یاد آ گیا "جی ہاں! میری دوسری رانی اچھراں سے ایک بچہ پیدا ہوا تھا مگر جب وہ بڑا ہُوا تو اپنی سوتیلی ماں کو دیکھ کر اس کی نیت خراب ہو گئی اور اس نے پاپ کرنے کی کوشش کی جس کی وجہ سے اس کا یہ حشر ہوا"۔

راجا کی یہ بات سن کر پورن بھگت نے سامنے کھڑی لوناں پر نظر ڈالی اور بولا

"اے راجہ! تمہارے بیٹے کا کوئی دوش نہیں تھا۔ تمہاری رانی کی نیت خراب ہوئی تھی۔ جب وہ

اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو سکی تو اس نے انتقام لینے کی خاطر اس پر تہمت لگا دی تھی"۔

پھر وہ لوناں کو مخاطب کرتے ہوئے کہنے لگا۔

"اے ماتا! اگر تم سچ سچ ساری بات بتا دو تو اللہ تمہارا گناہ معاف کر کے تمہاری گود ہری کر دے گا"۔

اب لوناں کے لیے جھوٹ بولنا ممکن نہ تھا۔ اس نے سارا بھید کھول دیا اور اپنے جرم کا اعتراف کرتے ہوئے بولی۔

"واقعی پورن کا کوئی قصور نہ تھا۔ مجھے جسمانی ہوس نے اندھا کر دیا تھا۔ میں نے اس پر تہمت لگا کے بہت بڑا پاپ کیا تھا"۔

جونہی اس نے یہ کہا، راجا سالباہن نے چونک کر اس کی طرف دیکھا اور غصے میں کہا۔

"اے مکار اور ظالم عورت۔ تم نے میرے بیٹے پر تہمت لگا کر مجھے بھی پاپی بنا دیا۔ اگر مجھے اس وقت پتا چل جاتا تو میں پورن کی جگہ تجھے مروا دیتا"۔

پورن نے جب اپنے باپ راجا کو غصے میں دیکھا تو بولا۔

"اے راجا! اب افسوس سے کیا فائدہ؟۔ پورن کے ساتھ جو کچھ ہوا، وہ اس کے مقدر کا لکھا تھا۔ لیکن کیا کوئی باپ اپنے بیٹے سے ایسا سلوک کرتا ہے جو تم نے اپنے بیٹے کے ساتھ کیا؟۔ جس طرح تمہاری بیوی مجرم ہے اسی طرح تم بھی اس پاپ میں برابر کے شریک ہو"۔

پورن کی یہ بات سن کر راجا شرمندگی اور جرم کے احساس سے پانی پانی ہوا جا رہا تھا۔ ان کی کیفیت دیکھتے ہوئے پورن نے رانی لوناں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔

"ماتا! پریشان نہ ہو۔ گزری باتوں کو بھول جاؤ۔"

پھر اس نے اسے چاولوں کا ایک دانہ دیا اور کہا۔

"یہ چاول کا دانہ کھا لینا۔ اللہ تمہیں ایک بیٹا دے گا"۔

دوسری طرف رانی اچھراں کو خبر ہو گئی تھی کہ ایک پہنچا ہوا جوگی آیا ہے جس کی دعا سے لوگوں کی مرادیں پوری ہو جاتی ہیں۔ وہ بچاری بھی گرتی پڑتی باغ میں پہنچ گئی تھی۔ بیٹے کی طویل جدائی کے دوران

رو رو کر اس کی آنکھوں کی بینائی جاتی رہی تھی اور پھر نئی بیوی کی وجہ سے راجا نے اس کی خبر گیری بھی چھوڑ دی تھی۔ جونہی پورن نے اسے دیکھا، وہ اٹھ کر اس کے پاس گیا، اسے سہارا دے کر بٹھایا اور اس کا حال دریافت کیا، جس پر اس نے کہا۔ ’’گوروجی! بیٹے کے غم نے میری دنیا اندھیر کر دی ہے۔ اس کی جدائی میں روتے روتے بینائی بھی چلی گئی ہے‘‘۔ پورن نے اسے تسلی دیتے ہوئے کہا۔

’’ماتا جی! مرنے والے کبھی واپس نہیں آتے۔ رونے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ صبر کے سوا بندے کے لیے کوئی چارہ نہیں ہے‘‘۔

جیسے ہی پورن نے یہ باتیں کیں اچھراں جیسے چونک پڑی۔ وہ پوچھنے لگی۔

’’بیٹا! سچ سچ بتاؤ تم کہاں سے آئے ہو۔۔۔؟ تمہارا ملک کونسا ہے؟۔ تم کس باپ کے بیٹے ہو۔۔۔؟ اور تمہیں کس ماں نے جنم دیا ہے؟۔ میں نے تمہاری آواز پہچانی ہے، اگر میری بینائی ہو تو میں تمہارا چہرہ دیکھ کر تمہیں بھی پہچان لیتی!‘‘۔

اس پر پورن بھگت نے جواب دیا۔

’’ماتا! اگر تم جاننا چاہتی ہو تو سنو۔ میں اجین کے راجا بکرماجیت کے خاندان میں سے ہوں۔ تم میری ماں ہو، میں راجا سالباہن کا بیٹا ہوں اور پورن میرا نام ہے‘‘۔

اس کے ساتھ ہی اس نے ایک کپڑا اپنی ماں کی آنکھوں پر لگایا اور یکایک اس کی بینائی واپس آ گئی۔ اس نے آنکھیں کھول کر دیکھا تو پورن بھگت کے روپ میں اس کا بیٹا اس کے سامنے کھڑا تھا۔ وہ پاگلوں کی طرح اس سے لپٹ گئی اور اس کے باپ نے بھی آگے بڑھ کر اسے گلے سے لگا لیا۔ اس وقت لوناں کھڑی اپنے کیے پر پچھتا رہی تھی۔ وہ سب اتنے برسوں کے بعد ملے تھے، ان کی خوشیوں کا اندازہ نہیں کیا جا سکتا تھا۔ اچھراں تو خوشی میں دیوانی ہوئی جا رہی تھی۔ اس کو اللہ نے وہ بیٹا ملا دیا تھا جو اس کے خیال میں مر چکا تھا۔ باپ نے پورن سے کہا۔ ’’بیٹا تم نے ہمارے قصور معاف کر دیئے ہیں۔ اب محلوں میں چل کے راجا کی پگڑی سر پر باندھو اور راج پاٹ سنبھالو۔ میں بوڑھا ہو چکا ہوں‘‘۔

اس کی ماں اچھراں بھی اس کی منتیں کر رہی تھی۔

’’بیٹا! اتنے برسوں کے بعد ملے ہو۔ میں نے تمہاری جدائی میں بڑے دکھ جھیلے ہیں۔ میری تو

زندگی روتے روتے بیت گئی ہے۔ اب چلو اور ہمارے ساتھ رہو۔؟"

مگر پورن نے کہا۔

"ماتا! اس میں کسی کا دوش نہیں ہے۔ جو میری قسمت میں لکھا تھا وہی ہوا ہے۔ جوگ میرا مقدر تھا جو گورو نے مجھے دے دیا ہے۔ اب میں جوگی بن چکا ہوں۔ تم لوگ میرا خیال چھوڑ دو۔ میں کوچ کر کے پھر اپنے گورو کے پاس چلا جاؤں گا"۔

سب نے بہت منت سماجت کی، ماں نے بہت آہ وزاری کی، باپ نے اپنے بڑھاپے کے واسطے دیئے اور محلوں میں چلنے کے لیے کہا لیکن پورن بھگت نہ مانا۔ اس نے کہا۔ "میں اپنے گورو کو نہیں چھوڑ سکتا۔ اس نے مجھے دوبارہ زندگی دی مگر میں تم لوگوں سے یہ وعدہ کرتا ہوں کہ پھر کبھی ضرور آؤں گا۔ اب میں تم لوگوں سے رخصت ہوتا ہوں۔"

پورن بھگت اپنے ماں باپ اور دوسرے لوگوں کو روتا چھوڑ کر وہاں سے اپنے گورو کی طرف روانہ ہو گیا۔

O

ڈاکٹر آصف ریاضِ قدیر نے امر تسر وچ جنم لیا۔ پاکستان بنن توں بعد آپ دی پرورش لاہور وچ ہوئی۔ سنٹرل ماڈل ہائی اسکول توں دسویں تے گورنمنٹ کالج لاہور توں ایف ایس سی دا امتحان پاس کیتا۔ ایس دوران نامور ادیباں نال اٹھن بیٹھن داشرف حاصل رہیا جنھاں وچ صوفی تبسم تے فیض احمد فیض دی شامل سن۔ کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج توں ایم بی بی ایس کرے دس ورھیاں تک میو ہسپتال وچ بطور ڈاکٹر کم کردے رہے جتھے آپ نے ادیباں تے صحافیاں دے معالج دے طور تے شہرت حاصل کیتی۔ آپ نے پنجابی فلماں دی مشہور ایکٹر سلطان راہی دے واپریشن وی کیتے تے بعد وچ اوہناں نال یاری دوستی وی چلدی رہی۔ لاہور وچ ہون والیاں پاکستان ٹسٹ کرکٹ میچاں دے انچارج ڈاکٹر ہون دی حیثیت نال آپ نے عمران خان، مشتاق محمد، ظہیر عباس تے ہور کئی بین الاقوامی شہرت دے حامل نامور کھلاڑیاں نوں طبّی مشورے دتے تے اوہناں دے خصوصی معالج دے طور تے خدمات سرانجام دتیاں۔ ایہدے بعد آپ امریکہ چلے گئے جتھے آپ نے امریکہ دے سب توں مشہور ماہرِ جراحیٔ قلب ڈاکٹر Michael Debakey, Chancellor Daylor College of Medicine HoUston TX دے نال فیلو شپ کیتی تے نالے نال امریکہ وچ ادبی، ثقافتی تے سماجی سرگرمیاں وچ ودھ چڑھ کے حصہ لینا شروع کیتا۔ معروف گلوکار شہزادرائے دے" زندگی ٹرسٹ" دے ڈائریکٹر ہون دے ناطے آپ نے پاکستان وچ تعلیم دے فروغ لئی کئی منصوبیاں تے کم کیتا تے گرانقدر خدمات سرانجام دتیاں۔

ڈاکٹر آصف ریاضِ قدیر دے والد گرامی جناب ڈاکٹر ریاض قدیر وطن عزیز دے مَنّے پرمَنّے سجن سن۔ کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج دے پرنسپل ہون دی حیثیت نال اوہناں نے کئی ورھیاں تک پاکستانی عوام تے میڈیکل دے طالب علماں لئی گرانقدر خدمات سرانجام دتیاں۔ ڈاکٹر ریاض قدیر بارے پورے وثوق نال کیہا جاسکدا اے جے پاکستان وچ میڈیکل دے شعبے وچ اج تک جو ترقی ہوئی اے اوہدے وچ اوہناں دا بہت مصلہ اے قدرت نے آپ نوں بے پناہ سوجھ بوجھ تے آپ دے ہتھ وچ اپنی شفار کھی سی کہ آپ ہر قسم دا خطرناک ترین اپریشن بغیر کسے خوف تے دِقتّ دے کرلیندے سن۔ ایس سلسلے وچ ایہناں دے رفیقِ کار تے ہم پیشہ سینئر ڈاکٹر کرنل الٰہی بخش دا ذکر وی ضروری اے۔ قائداعظم دے مالج ہون دے ناتے جنھاں دی شہرت غیر فانی اے تے جنھاں علامہ اقبال داوی علاج کیتا۔ کرنل الٰہی بخش نوں ایہہ اعزاز وی حاصل اے کہ آپ کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج دے پہلے پرنسپل سن۔ ایسے طرح حضرت ابوالاعلیٰ مولانا مودودی جیہی عظیم شخصیت دے ذکر توں بغیر وی ایہہ عبارت ادھوری رہے گی۔ ڈاکٹر ریاضِ قدیر ایہناں دے گواہنڈی وی سن تے معالج وی۔ بعد وچ ایہناں تِنّاں خانداناں (ڈاکٹر ریاضِ قدیر فیملی، ڈاکٹر الٰہی بخش فیملی، مولانا مودودی فیملی) دی آپس وچ رشتے داری وی ہو گئی۔ ڈاکٹر کرنل الٰہی بخش دے صاحبزادے ڈاکٹر اسلم الٰہی دی شادی ڈاکٹر ریاضِ قدیر دی بیٹی عارفہ نال ہوئی۔ ڈاکٹر ریاضِ قدیر دے سب توں وڈّے صاحبزادے ڈاکٹر عارف ریاضِ قدیر دا ویاہ مولانا مودودی دی سب توں چھوٹی بیٹی عائشہ مودودی نال ہو یا۔ ڈاکٹر ریاضِ قدیر دی بیٹی فرزانہ دی شادی مولانا مودودی دے فرزندِ ارجمند مولانا حسین فاروق نال ہوئی۔

ڈاکٹر آصف ریاضِ قدیر نوں ادبی ذوق گھر دے ماحولیاتی ورثے چوں ملیا تے ایس توں پہلے آپ دیاں چھ کتاباں شائع ہو چکیاں نیں۔ موجودہ کتاب مرتب کرکے آپ نے پنجابی زبان وادب نال آپنی محبت دے اظہار نوں امر کر دتا اے کیوں جے ایہہ اک ایسی کتاب اے جیہڑی پنجابی دے ہر طالب علم تے اسکالر دی بنیادی ضرورت اے۔ جدوں مولانا مودودی لئی شاہ فیصل ایوارڈ دا اعلان ہو یا اودوں مولانا مودودی آپوں سعودی عرب نئیں جاسکے سن چنانچہ اوہناں نے ایوارڈ وصول کرن لئی اک وفد تشکیل دتا سی جیہدے وچ ڈاکٹر آصف ریاضِ قدیر وی شامل سن۔ سعودی عرب وچ اسی وفد نوں شاہی مہماناں دا پروٹوکول دتا گیا سی۔ ڈاکٹر آصف ریاضِ قدیر اک طویل عرصے توں امریکہ (ہیوسٹن) وچ آپنا ہسپتال چلا رہے نیں تے بطور ڈاکٹر ایہناں دی بڑی مَنتا اے۔ امریکہ دی اعلیٰ بیوروکریسی تے اُتلے طبقے وچ وی آپ نوں انتہائی قدر دی نگاہ نال ویکھیا جاندا اے، ایہو وجہ اے جے کئی معاملیاں وچ ڈاکٹر صاحب پاکستان تے امریکہ وچکار رابطے دے اک پل دا کم کر رہے نیں تے ایہہ ساری خدمت اوہ اپنی خاموشی نال سرانجام دے رہے نیں کہ آپنی وڈیائی جتاناتے رہیا اک پاسے، کسے نوں دسنا وی ضروری نئیں سمجھدے کیوں جے اوہناں دے نزدیک مادرِ وطن دی خدمت کسے تے احسان کرن لئی نئیں کیتی جاندی بلکہ روحانی تسکین تے آپنے اندر دے اطمینان لئی اک فرض سمجھ کے وطن دا قرض اُتارن لئی کیتی جاندی اے۔

"PUNJABI SHAAIRON KA JADID TAZKIRA"

Compiled By:

Dr.Asaf Riyaz-i-Qadeer

Houston-Texas-United States of America

A COLLECTION OF PUNJABI POETRY

O

شاعری زبان دازیور اے تے رُوح دی غذا۔ اسیں جیہڑے ملکوں باہر رہنے آں، ساڈی بُھکھ ہوروی ودھیری اے۔ ڈاکٹر آصف ریاضِ قدیر نے پنجابی ادب دی جیہڑی خدمت کیتی اے اوہدا اک حوالہ تے ایہہ وے کہ جدوں ڈاکٹر صاحب ہیوسٹن وچ ہون والے ''اپنا'' کنونشن 2005ء دے چیئرمین سن اودوں ایہناں میرے کہن تے اک پنجابی مشاعرہ کرایا تے دوجا حوالہ ایہہ کتاب اے۔ جیہدے وچ آپ نے کنے چِرتوں رُلدیاں ہویاں موتیاں نُوں کٹھا کر کے تے لشکا کے کاغذ دیاں ورقیاں تے سجا دِتا اے۔ جھنّاں نُوں پنجابی دی بُھکھ اے اونہاں لئی ایہہ اک سوہنا دسترخوان اے جتھے ہر شے چُن چُن کے انج لائی گئی اے کہ ہر رُوح نُوں کوئی نہ کوئی اپنی پسند دی شے مل جائے گی۔ بھانویں ایہناں نُوں پکاون والے کوئی ہور سن پر سجاون والے ڈاکٹر آصف ریاضِ قدیر نیں۔ آؤ ایہنوں سارے مل کے چکھیے۔

پنجابی صوفیاں نے پیار تے محبت دا جیہڑا سنیہا دتا سی اوہدی اودوں وی لوڑ سی تے اج وی ایس پیغام نُوں عام کرن دی لوڑ اے۔

ایہہ بولی بُلھے شاہ دی اے ایہہ بولی ہیر تے رانجھے دی
ایہہ بولی شاہ حسین دی اے ایہہ بولی امانؔ اے عشقے دی

(ڈاکٹر امان اللہ خان، چیئرمین عالمی پنجابی اکٹھ، امریکہ)

O

دیارِ غیر وچ بیٹھ کے پنجابی شاعری کٹھی کرنا تے پنجابی شاعراں دے احوال لکھنا بلاشبہ ڈاہڈا اوکھا کم اے۔ میرے نزدیک پنجابی ادبی تاریخ وچ ایہہ کتاب اک خوبصورت اضافہ اے۔

(فخر زمان، چیئرمین عالمی پنجابی کانگریس)

O

میں جب پنجاب یونیورسٹی سے پنجابی میں پی ایچ ڈی کر رہا تھا تو مجھے ایک ایسی کتاب کی شدید تلاش تھی جس میں کلاسیکی اور جدید ترین پنجابی شاعری کے نادر و نایاب نمونے یکجا مل سکیں۔ مجھے تو یوں لگتا ہے جیسے ڈاکٹر آصف ریاضِ قدیر نے میری دیرینہ خواہش کی تکمیل کی ہے۔

(ڈاکٹر محمد بشیر گورایا، پرو چانسلر، الخیر یونیورسٹی (اے جے کے)

O

تذکرہ نگاری دراصل تاریخ نگاری ہوندی اے۔ امید اے جے ڈاکٹر آصف ریاضِ قدیر دی ایہہ کتاب پنجابی زبان تے ادب دے طالب علماں نوں تحقیق دیاں نویاں رجحاناں نال روشناس کرائے گی۔

(ڈاکٹر عصمت اللہ زاہد، چیئرمین شعبہ پنجابی، پنجاب یونیورسٹی)

O

پنجابی شاعری کے لعل و جواہر یکجا کر کے مرتب کی گئی یہ کتاب ایک ایسا انتخابِ لاجواب ہے جو مربوط اور مضبوط بنیادوں پر استوار ہے۔ مستقبل کے اسکالر اور اساتذہ اس سے بھرپور استفادہ کریں گے۔

(ڈاکٹر انعام الحق جاوید، سابق ڈین سوشل سائنسز AIOU)

O

This is a pioneering attempt to cover an in-depth study from the earliest period to contemporary writers. I believe that none of the prominent literary personality and literary work is missing in it i.e., those who gave new dimensions in literary thoughts and writings of Punjabi are included here. The task which Dr. Asaf Riyaz-i-Qadir has accomplished, will no doubt, be considered and found useful by scholars interested in Punjabi poetry and literary history.

(Dr. Amjad Ali Bhatti, Asstt. Prof, Sufi Studies, IIUI)